(2) دیوث اور (3) مردوں سے مشابہت اختیار کرنے والی عورت"۔ (الصحيحة:3099)

برائی کا اثر زائل کرنا

(2457۔) عَنْ	عَبْدِاللهِ بْنِ عَمْرٍو:	أَنَّ	مُعَاذَ بْنَ جَبَلٍ	أَرَادَ	سَفَرًا	فَقَالَ:
2457۔ (روایت ہے)	عبداللہ بن عمروؓ سے	یقیناً	معاذ بن جبلؓ نے	ارادہ کیا	سفر کا	تو کہا:

حضرت عبداللہ بن عمروؓ سے مروی ہے کہ حضرت معاذ بن جبلؓ نے سفر کا ارادہ کیا اور کہا:

يَارَسُوْلَ اللهِ ﷺ	أَوْصِنِي،	قَالَ: "اُعْبُدُ اللهَ	وَلَا	تُشْرِكْ	
اے اللہ کے رسول ﷺ	وصیت کیجیے مجھے	فرمایا: عبادت کرو اللہ کی	اور نہ	تم شریک ٹھہراؤ	

اے اللہ کے رسول ﷺ! مجھے کوئی وصیت فرمادیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: تو اللہ کی عبادت کر اور اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہرا،

بِهِ	شَيْئًا"	قَالَ:	يَانَبِيَّ اللهِ!	زِدْنِي.	قَالَ:" إِذَا
اُسکے ساتھ	کسی چیز کو	انہوں نے کہا:	اے نبی اللہ کے	زیادہ کریں میرے لیے	فرمایا: جب

انہوں نے کہا، اے اللہ کے نبی ﷺ مزید وصیت فرمائیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: "جب تو برائی کرے تو نیکی کر"

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

أَسَأتَ فَأَحْسِنْ" قَالَ: يَانَبِيَّ اللهِ! زِدْنِي، قَالَ:

توبرائی کرے تو نیکی کرو انہوں نے کہا اے نبی اللہ کے اضافہ کریں میرے لیے فرمایا:

انہوں نے کہا: اے اللہ کے نبی ﷺ اور کوئی وصیت فرما دیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ثابت قدم رہ

"اِسْتَقِمْ، وَلْتُحْسِنْ خُلُقَکَ".

ثابت قدم رہو اور چاہیے کہ اچھا کرو اپنا اخلاق۔

اور اپنے اخلاق کو اچھا کر"۔(الصحیحة:1228)

سلام عام کرنا، کھانا کھلانا، اور اللہ تعالیٰ سے شرمانا

(2458). عَنْ مُعَاذِبْنِ جَبَلٍ: أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ بَعَثَهُ اِلٰی

2458۔(روایت ہے) معاذ بن جبلؓ سے یقیناً رسول اللہ ﷺ نے بھیجا ان کو طرف

حضرت معاذ بن جبلؓ بیان کرتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے مجھے ایک قوم کی طرف بھیجا

قَوْمٍ، فَقَالَ: یَارَسُوْلَ اللهِ! ﷺ أَوْصِنِيْ؟ قَالَ: أَفْشِ

قوم کے تو انہوں نے کہا اے اللہ کے رسول! ﷺ مجھے وصیت کریں فرمایا: عام کرو

میں نے کہا: اے اللہ کے رسول ﷺ! مجھے کوئی وصیت فرمائیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: "سلام کو عام کرو،

السَّلَامَ وَابْذُلِ الطَّعَامَ، وَاسْتَحْيِ مِنَ اللهِ اسْتِحْيَاءَ کَ رَجُلًا

سلام اور کھلاؤ کھانا اور حیا کرو اللہ تعالیٰ سے جیسے حیا کرتے ہو تم کسی آدمی سے

کھانا کھلاؤ، اللہ تعالیٰ سے اتنا حیا کرو جتنا کہ تم اپنے گھر کے فرد سے کرتے ہو۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

مِنْ أَهْلِكَ	وَإِذَا	أَسَأتَ	فَأَحْسِنْ،	وَلْتُحْسِنْ
اپنے گھر والوں میں سے	اور جب	تم برائی کرو	تو نیکی کرو	اور چاہیے کہ اچھا بناؤ

جب گناہ ہو جائے تو (اس کا اثر ختم کرنے کے لیے) فوراً نیکی کرو

خُلُقَكَ	مَا	اسْتَطَعْتَ".
اپنا خلق	جتنی	تم استطاعت رکھو

اور حسب استطاعت اپنے اخلاق کو اچھا بناؤ"۔(الصحیحة:3559)

سلام میں پہل کرنے والا افضل ہے

(2459). عَنْ	أَبِي أُمَامَةَ	قَالَ:	قَالَ: رَسُوْلُ اللهِ ﷺ	"	إِنَّ	أَوْلَى
2459۔(روایت ہے)	ابو امامہؓ سے	کہتے ہیں:	فرمایا: رسول اللہ ﷺ نے		یقیناً	زیادہ قریب

حضرت ابو امامہؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "لوگوں میں سے اللہ تعالیٰ کے سب سے زیادہ نزدیک وہ ہے

النَّاسِ	بِاللهِ	مَنْ	بَدَأَهُمْ	بِالسَّلَامِ".
لوگوں میں سے	اللہ کے	جو	پہل کرتا ہے اُن میں سے	سلام کی۔

جو سلام کرنے میں پہل کرتا ہے"۔ (الصحیحة:3382)

سلام نہ کرنے والا انتہائی بخیل ہے

(2460). عَنْ	جَابِرٍ:	أَنَّ	رَجُلاً	أَتَى	النَّبِيَّ ﷺ	فَقَالَ: إِنَّ
2460۔(روایت ہے)	جابرؓ سے:	یقیناً	ایک آدمی	آیا	نبی ﷺ کے پاس	سو کہا: یقیناً

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ ایک آدمی، نبی کریم ﷺ کے پاس آیا اور کہا:
لِفُلَانٍ فِيْ حَائِطِيْ عِذْقًا، وَاِنَّهُ قَدْ آذَانِيْ
فلاں کے لیے میرے باغ میں کھجور کا درخت ہے اور یقیناً وہ تحقیق اُس نے مجھے بڑی تکلیف دی ہے
فلاں آدمی کا میرے باغ میں کھجور کا درخت ہے اور اس نے مجھے بڑی تکلیف دے رکھی
وَشَقَّ عَلَيَّ مَكَانُ عِذْقِهِ، فَأَرْسَلَ اِلَيْهِ
اور مشقت ہے مجھ پر جگہ اس کے کھجور کے درخت کی سو پیغام بھیجا طرف اس کے
اور اس کے کھجور کے درخت کا وجود میرے لیے باعث تکلیف ہے۔ آپ ﷺ نے اس کی طرف پیغام بھیجا اور فرمایا:
النَّبِيُّ ﷺ، فَقَالَ: "بِعْنِيْ عِذْقَكَ الَّذِيْ فِيْ حَائِطِ فُلَانٍ"
نبی ﷺ نے تو کہا: فروخت کر دے مجھے اپنا کھجور کا درخت جو ہے باغ میں فلاں کے
"فلاں کے باغ میں جو تیرا درخت ہے وہ مجھے فروخت کر دے"۔ اس نے کہا نہیں۔
قَالَ: لَا قَالَ: "فَهَبْهُ لِيْ" قَالَ: لَا قَالَ: "فَبِعْنِيْهِ
اُس نے کہا: نہیں فرمایا: تو ہبہ کر دے اس کو میرے لیے اُس نے کہا: نہیں فرمایا: تو بیچ دو اس کو
آپ ﷺ نے فرمایا: "تو مجھے ہبہ کر دے"۔ اس نے کہا نہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: "تو پھر جنت میں کھجور کے درخت کے عوض
بِعِذْقٍ فِي الْجَنَّةِ" قَالَ: لَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: "مَا
کھجور کے درخت کے عوض جنت میں اس نے کہا: نہیں فرمایا رسول اللہ ﷺ نے: نہیں
مجھے دیدے" اس نے کہا نہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: میں نے تجھ سے بڑھ کر بخیل نہیں دیکھا،
رَأَيْتُ الَّذِيْ هُوَ أَبْخَلُ مِنْكَ، اِلَّا الَّذِيْ يَبْخَلُ بِالسَّلَامِ.
میں نے دیکھا اُس کو جو وہ زیادہ بخیل ہو تجھ سے مگر وہ جو بخل کرتا ہے سلام میں

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

بجز اس شخص کے جو سلام (کے معاملہ) میں بخل کرتا ہے (وہ سب سے بڑا بخیل ہے) (الصحيحة:3383)

بچوں کو سلام کہنا

(2461). عَنْ	أَنَسٍ	قَالَ:	مَرَّ	عَلَيْنَا	رَسُولُ اللهِ ﷺ	
2461۔(روایت ہے) حضرت انسؓ سے	انہوں نے کہا:	گزرے	ہم پر	رسول اللہ ﷺ		

حضرت انسؓ کہتے ہیں: رسول اللہ ﷺ ہمارے پاس سے گزرے

وَنَحْنُ	صِبْيَانٌ،	فَقَالَ:	"اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ	يَاصِبْيَانُ".
اور ہم	بچے تھے	تو فرمایا:	اسلام علیکم	اے بچو ۔

ہم بچے تھے، آپ نے فرمایا: "اے بچو! اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ"۔ (الصحيحة:2950)

مومن کو خوش کرنا عظیم عمل ہے

(2462). عَنْ	أَبِي هُرَيْرَةَ	مَرْفُوعًا:	"أَفْضَلُ الْأَعْمَالِ	أَنْ
2462۔(روایت ہے)	حضرت ابو ہریرہؓ سے	مرفوع :	افضل اعمال	یہ کہ

حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "افضل اعمال یہ ہیں

تُدْخِلَ	عَلَى	أَخِيكَ	الْمُؤْمِنِ	سُرُورًا	أَوْ	تَقْضِيَ	عَنْهُ
تم داخل کرو	اوپر	اپنے بھائی	مومن کے	خوشی	یا	تم ادا کرو	اس سے

کہ تو اپنے مومن بھائی کو خوش کرے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

دَيْنًا أَوْ تُطْعِمَهُ خُبْزًا".
قرضہ یا تم کھلا دو اس کو روٹی
یا اُس کا قرضہ ادا کر دے یا اُس کو روٹی کھلا دے"۔(الصحیحۃ:1494)
(2463). عَنْ سُفْيَانَ بْنِ عُيَيْنَةَ ، عَنِ ابْنِ الْمُنْكَدِرِ يَرْفَعُهُ إِلَى
2463۔(روایت ہے) سفیان بن عیینہؒ ابن منکدر سے وہ بلند کرتے ہیں اس کو طرف
سفیان بن عیینہؒ،ابن منکدرؒ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا:
النَّبِيِّ ﷺ: "مِنْ أَفْضَلِ الْأَعْمَالِ إِدْخَالُ السُّرُوْرِ عَلَى الْمُؤْمِنِ،
نبی ﷺ کے: افضل میں سے ہیں اعمال میں داخل کرنا خوشی اوپر مومن کے
"مومن کو خوش کرنا،اُس کا قرضہ چکانا،اُس کی ضرورت پوری کرنا اور اس سے
تَقْضِيْ عَنْهُ دَيْنًا، تَقْضِيْ لَهُ حَاجَةً، تُنَفِّسُ لَهُ كُرْبَةً" قَالَ
ادا کرنا اس کا قرض پوری کرنا اسکی ضرورت دور کرنا اس سے مصیبت کہا
کسی مصیبت کو دور کرنا افضل اعمال میں سے ہیں۔"سفیان کہتے ہیں:ابن منکدر سے کہا گیا
سُفْيَانُ: وَقِيْلَ لِابْنِ الْمُنْكَدِرِ: فَمَا بَقِيَ مِمَّا يُسْتَلَذُّ؟ قَالَ
سفیان نے: اور کہا گیا ابن منکدر سے: تو کیا باقی رہ گئی اس میں سے جو لذیذ ہو: کہا
اب کوئی چیز ایسی بھی باقی رہ گئی ہے جو لذیذ ہو؟انہوں نے کہا
اَلْاِفْضَالُ عَلَى الْاِخْوَانِ.
حسن سلوک کرنا اوپر بھائیوں کے
بھائیوں سے حسن سلوک کرنا۔(الصحیحۃ:2291)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

صلح کروانا بھی صدقہ ہے

(2464). عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو مَرْفُوعًا: "أَفْضَلُ الصَّدَقَةِ

2464۔(روایت ہے) حضرت عبداللہ بن عمروؓ سے مرفوعاً: افضل صدقہ

حضرت عبداللہ بن عمروؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ”آپس میں صلح کروانا

إِصْلَاحُ ذَاتِ الْبَيْنِ".

صلح کروانا ہے آپس میں

نہایت افضل صدقہ ہے“۔(الصحیحة:2639)

(2465). عَنْ أَبِي أَيُّوبَ الْأَنْصَارِيِّ مَرْفُوعًا: "أَلَا أَدُلُّكَ

2465۔(روایت ہے) ابوایوب انصاریؓ سے مرفوع: کیا نہ میں راہ نمائی کروں تمہاری

حضرت ابوایوب انصاریؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ”کیا میں ایسے صدقے کی طرف تیری رہنمائی نہ کردوں

عَلَى صَدَقَةٍ يُحِبُّ اللهُ مَوْضِعَهَا ؟ تُصْلِحُ بَيْنَ النَّاسِ ،

اوپر صدقے کے پسند کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے مصرف کو تم صلح کروادو درمیان لوگوں کے

کہ اللہ تعالیٰ جس کے مصرف کو بہت پسند کرتے ہیں؟ تم لوگوں کے مابین صلح کروایا کرو۔

فَإِنَّهَا صَدَقَةٌ يُحِبُّ اللهُ مَوْضِعَهَا".

سو یقیناً وہ صدقہ ہے پسند کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے مصرف کو۔

یہ ایسا صدقہ ہے کہ اللہ اس کے مصرف کو پسند کرتے ہیں“(الصحیحة:2644)

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

(2466). عَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَ، عَنِ النَّبِیِّ ﷺ قَالَ: "مَا عَمِلَ ابْنُ آدَمَ
2466۔(روایت ہے) ابو ہریرہؓ سے روایت ہے نبی ﷺ سے فرمایا: نہیں کیا ابن آدم نے
حضرت ابو ہریرہؓ سے روا کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: آدم کے بیٹے نے کوئی ایسا عمل نہیں کیا
شَیْئًا أَفْضَلَ مِنَ الصَّلَاةِ وَصَلَاحِ ذَاتِ الْبَیْنِ وَخُلُقٍ حَسَنٍ".
کچھ بھی عمل نماز سے اور صلح کروانا آپس میں اور اخلاق اچھا۔
جو نماز، باہمی صلح کروانے اور حسن اخلاق سے بہتر ہو"۔(الصحیحۃ:1448)
نرم مزاج اور ہردلعزیز لوگوں کی فضیلت
(2467). عَنْ أَبِیْ سَعِیْدِ الْخُدْرِیِّ مَرْفُوْعًا: "أَکْمَلُ الْمُؤْمِنِیْنَ
2467۔(روایت ہے) ابو سعید خدریؓ سے مرفوع: زیادہ کامل ایمان والوں میں سے
حضرت ابو سعید خدریؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "ایمان کے لحاظ سے مومنوں میں سے مکمل وہ ہیں۔
إِیْمَانًا أَحَاسِنُهُمْ أَخْلَاقًا، اَلْمُوَطَّؤُوْنَ أَکْنَافًا، اَلَّذِیْنَ یَأْلَفُوْنَ،
ایمان میں زیادہ بہتر ان کے اخلاق میں بچھا کر رکھنے والے کندھوں کو جو محبت کرتے ہیں
جو ان میں سے اخلاق کے لحاظ سے بہت بہتر ہوں، جو اپنے کندھے بچھا کر رکھتے ہوں۔
وَیُؤْلَفُوْنَ، وَلَا خَیْرَ فِیْمَنْ لَا یَأْلَفُ وَلَا
اور ان سے محبت کی جاتی ہے اور نہیں کوئی بھلائی ان میں جو نہ وہ محبت کرتے ہیں اور نہ
اور جو محبت کرتے ہوں اور ان سے محبت کی جاتی ہو اور ایسے شخص میں تو کوئی خیر ہی نہیں جو نہ خود محبت کرتا ہو اور نہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

يُؤْلَفُ".
ان سے محبت کی جاتی ہے
اس سے محبت کی جاتی ہو"۔(الصحیحة:751)

افضل لوگوں کا بیویوں کے ساتھ رویہ

(2468)	عَنْ	أَبِي هُرَيْرَةَ	قَالَ :	قَالَ	رَسُولَ اللهِ ﷺ	"أَكْمَلُ	
2468۔(روایت ہے)	حضرت ابوہریرہؓ سے	کہا :	فرمایا	رسول اللہ ﷺ نے:	مکمل		

حضرت ابوہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

الْمُؤْمِنِينَ	إِيمَانًا	أَحْسَنُهُمْ	خُلُقًا	وَخِيَارُكُمْ
مومنوں میں سے	ایمان میں	عمدہ ہوان میں سے	اخلاق میں	اور بہترین تمہارے

"ایمان کے لحاظ سے مومنوں میں سے اکمل وہ ہیں جو ان میں سے اخلاق کے اعتبار سے بہت عمدہ ہیں،

خِيَارُكُمْ	لِنِسَائِهِمْ".
بہترین ہے تمہارا	اپنی بیویوں کے لیے۔

اور تم میں سے اچھے لوگ وہ ہیں جو اپنی عورتوں کے لیے بہتر ہیں"۔(الصحیحة:284)

رسول اللہ ﷺ کی بعثت کا مقصد

(2469).	عَنْ	عِيَاضِ بْنِ حِمَارٍ	أَنَّ	رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ	قَالَ:	ذَاتَ يَوْمٍ
2469۔(روایت ہے)	حضرت عیاض بن حمارؓ سے	یقیناً	رسول اللہ ﷺ نے	فرمایا:	ایک دن	

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

حضرت عیاض بن حمار مجاشعیؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک دن اپنے خطبہ میں ارشاد فرمایا:
فِي خُطْبَتِهِ" أَلَا إِنَّ رَبِّي أَمَرَنِي أَنْ أُعَلِّمَكُمْ مَا
اپنے خطبہ میں سنو یقیناً میرے رب نے حکم دیا ہے مجھے یہ کہ میں سکھاتا ہوں تمہیں جن سے
سنو! میرے رب نے مجھے یہ حکم فرمایا ہے کہ میں تم لوگوں کو وہ باتیں سکھا دوں،
جَهِلْتُمْ مِمَّا عَلَّمَنِي يَوْمِي هٰذَا كُلُّ مَالٍ نَحَلْتُهُ
لاعلم ہو تم اس میں سے جو سکھا دی ہیں مجھے آج کے دن یہ ہیں سب مال میں نے عطا کیا اس کو
کہ جن سے تم لاعلم ہو۔ میرے رب نے آج کے دن مجھے وہ باتیں سکھا دی ہیں (وہ باتیں میں تمہیں بھی سکھاتا ہوں)۔
عَبْدًا حَلَالٌ وَإِنِّي خَلَقْتُ عِبَادِي حُنَفَاءَ
اپنے بندے کو حلال سے اور یقیناً میں نے میں نے پیدا کیا اپنے بندوں کو رجوع کرنے والا
اللہ تعالیٰ نے فرمایا: میں نے اپنے بندے کو جو مال دے دیا ہے وہ اس کے لیے حلال ہے،
كُلَّهُمْ وَإِنَّهُمْ أَتَتْهُمْ الشَّيَاطِينُ فَاجْتَالَتْهُمْ عَنْ دِينِهِمْ
اُن سب کو اور یقیناً وہ آتے ہیں ان کے پاس شیاطین سو بہکاتے ہیں ان کو اُن کے دین سے
اور میں نے اپنے سب بندوں کو حق کی طرف رجوع کرنے والا پیدا کیا ہے لیکن شیطان میرے ان بندوں کے پاس آ کر انہیں ان
وَحَرَّمَتْ عَلَيْهِمْ مَا أَحْلَلْتُ لَهُمْ وَأَمَرَتْهُمْ أَنْ
اور حرام کرتے ہیں اُن پر جو میں نے حلال کیا اُن کے لیے اور حکم دیتے ہیں اُن کو یہ کہ
کے دین سے بہکاتے ہیں اور میں نے اپنے بندوں کے لیے جن چیزوں کو حلال کیا ہے وہ ان کے لیے حرام قرار دیتے ہیں اور وہ ان
يُشْرِكُوا بِي مَالَمْ أُنْزِلُ بِهِ سُلْطَانًا ، وَإِنَّ اللّٰهَ
وہ شریک ٹھہرائیں میرے ساتھ جو نہیں میں نے نازل کی اس کی کوئی حجت اور یقیناً اللہ تعالیٰ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

کوایسی چیزوں کو میرے ساتھ شریک کرنے کا حکم دیتے ہیں کہ جس کی کوئی حجت میں نے نازل نہیں کی اور اللہ تعالیٰ نے

نَظَرَ	إِلَى	أَهْلِ الْأَرْضِ	فَمَقَتَهُمْ	عَرَبَهُمْ	وَعَجَمَهُمْ	إِلَّا	بَقَايَا
نظر کی	طرف	اہل زمین کے	تو ناپسند کیا اُن کو	اُن کے عرب کو	اور ان کے عجم کو	مگر	بچ گئے

زمین والوں کو دیکھا پھر ان سب کو برا سمجھا عرب کے ہوں یا عجم کے۔ سوا ان چند لوگوں کے جو اہل کتاب میں سے باقی تھے اور

مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ	وَقَالَ	إِنَّمَا	بَعَثْتُكَ	لِأَبْتَلِيَكَ	وَأَبْتَلِيَ
اہل کتاب میں سے	اور فرمایا	یقیناً	میں نے بھیجا تجھے	تاکہ میں آزماؤں تجھے	اور آزماؤں ان کو

اللہ تعالیٰ نے فرمایا: میں نے تمہیں اس لیے بھیجا ہے تاکہ میں تم کو آزماؤں اور ان کو بھی آزماؤں کہ جن کے پاس آپ

بِكَ	وَأَنْزَلْتُ	عَلَيْكَ	كِتَابًا	لَا يَغْسِلُهُ	الْمَاءُ	وَتَقْرَؤُهُ
تیرے ساتھ	اور میں نے نازل کی	تجھ پر	کتاب	نہیں دھوسکتا اس کو	پانی	اور تم تلاوت کرو گے اسکی

ﷺ کو بھیجا ہے اور میں نے آپ ﷺ پر ایک ایسی کتاب نازل کی ہے کہ جسے پانی نہیں دھوسکتا،

نَائِمًا	وَيَقْظَانَ	وَإِنَّ	اللَّهَ	أَمَرَنِي	أَنْ	أُحَرِّقَ	قُرَيْشًا
نیند میں	اور بے داری میں	اور یقیناً	اللہ نے	حکم دیا مجھے	یہ کہ	میں جلادوں	قریش کو

تم نینداور بیداری (دونوں حالتوں) میں اس کی تلاوت کرتے ہو۔ اللہ تعالیٰ نے مجھ کو یہ حکم دیا ہے کہ میں قریش

فَقُلْتُ	رَبِّ	إِذًا	يَثْلَغُوا	رَأْسِي	فَيَدَعُوهُ	خُبْزَةً
تو میں نے کہا	اے میرے رب	تب	پھوڑ دیں گے	میرا سر	تو کر دیں گے اس کو	روٹی (کی طرح)

کو جلادوں۔ میں نے کہا: اے میرے پروردگار! وہ تو میرا سر پھوڑ دیں گے اور اُس کو (کچل کر) روٹی کی طرح بنا دیں گے۔

قَالَ	اسْتَخْرِجْهُمْ	كَمَا	اسْتَخْرَجُوكَ	وَاغْزُهُمْ	نُغْزِكَ
فرمایا	نکال دو تم ان کو	جیسا	انہوں نے نکالا تمہیں	اور جہاد کرو اُن سے	ہم مدد کریں گے تیری

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اللہ نے فرمایا: تو اُن کو نکال دے، جس طرح انہوں نے تجھے نکالا اور اُن سے جہاد کر، ہم تیری مدد کریں گے،

وَأَنْفِقْ فَسَنُنْفِقُ عَلَيْكَ وَابْعَثْ جَيْشًا نَبْعَثْ خَمْسَةً مِثْلَهُ

اور خرچ کرو تو خرچ کیا جائے گا تجھ پر اور بھیجو لشکر ہم بھیجیں گے پانچ گنا اس کو

اور تو خرچ کر تجھ پر خرچ کیا جائے گا اور تو ایک لشکر بھیج ہم اس کی پانچ مثل بھیجیں گے،

وَقَاتِلْ بِمَنْ أَطَاعَكَ مَنْ عَصَاكَ قَالَ: وَأَهْلُ الْجَنَّةِ

اور جنگ کرو ان میں سے جو تیری اطاعت کریں اُن سے جو نافرمانی کریں تیری فرمایا: اور اہل جنت

اور اپنے فرمانبرداروں کے ساتھ مل کر اپنے نافرمانوں سے لڑ۔

ثَلَاثَةٌ ذُو سُلْطَانٍ مُقْسِطٌ مُتَصَدِّقٌ مُوَفَّقٌ وَرَجُلٌ رَحِيمٌ

تین طرح کے ہیں صاحب اقتدار منصف صدقہ کرنے والا توفیق دیا گیا اور وہ شخص رحم دل

اور جنتی لوگ تین طرح کے ہیں (1) منصف صاحب اقتدار جو صدقہ کرنے والا ہو اور اسے نیک کاموں کی توفیق دی گئی

رَقِيقُ الْقَلْبِ لِكُلِّ ذِي قُرْبَى وَمُسْلِمٍ وَعَفِيفٌ مُتَعَفِّفٌ مُتَصَدِّقٌ

نرم دل ہو واسطے ہر رشتے دار اور مسلمان کے لیے اور پاک دامن سوال کرنے سے بچنے والا صدقہ کرنے والا

ہو۔(2) ہر وہ شخص جو قریبی رشتہ دار اور مسلمان کے حق میں نرم دل اور رحمدل ہو (3) ہر وہ شخص جو پاک دامن ہو اور اہل عیال کے

ذُو عِيَالٍ قَالَ وَأَهْلُ النَّارِ خَمْسَةٌ الضَّعِيفُ الَّذِي لَا زَبْرَ

اہل وعیال والا فرمایا اور اہل دوزخ پانچ طرح کے ہیں کمزور وہ شخص نہیں توفیق

باوجود مانگنے سے بچنے والا صدقہ کرنے والا ہو۔ اور دوزخ والے پانچ طرح کے لوگ ہیں: (1) وہ کمزور شخص کہ جس کو بری بات سے

لَهُ الَّذِي هُمْ فِيكُمْ تَبَعًا لَا يَبْتَغُونَ أَهْلًا وَلَا مَالًا

اس کے لیے جن میں وہ تم میں فرماں بردار رہتے نہیں وہ چاہتا گھر والے اور نہ مال

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

بچنے کی توفیق نہیں، وہ تم میں (تمہارا) فرمانبردار وہ گھر بار چاہتا ہے نہ مال۔

وَالْخَائِنُ	الَّذِی	لَا	یَخْفٰی	لَهٗ	طَمَعٌ	وَاِنْ	دَقَّ
اور خیانت کرنے والا	جس کی	نہیں	چھپی ہوئی	اس کے لیے	لالچ	اور اگرچہ	معمولی چیز ہو

(2) وہ خائن جس کی لالچ مخفی نہیں ہوتی جب اسے معمولی سی چیز میں خیانت کرنے کا موقع ملتا ہے تو وہ خیانت کر گزرتا ہے۔

اِلَّا	خَانَهٗ	وَرَجُلٌ	لَا	یُصْبِحُ	وَلَا	یُمْسِی	اِلَّا	وَهُوَ
مگر	خیانت کرے اس کی	اور ایک شخص	نہ	وہ صبح کرتا ہو	اور نہ	وہ شام کرتا ہو	مگر	اور وہ

(3) وہ آدمی جو صبح و شام تیرے گھربار اور مال و دولت کے بارے میں دھوکہ باز ثابت ہو۔

یُخَادِعُکَ	عَنْ اَهْلِکَ	وَمَالِکَ	وَذَکَرَ	الْبُخْلَ	اَوْ	الْکِذْبَ
دھوکہ دینے والا ہو تجھ کو	تیرے گھر والوں سے	اور تیرے مال سے	اور ذکر کیا	بخل	یا	جھوٹ کا

(4) پھر آپ نے بخل یا جھوٹ اور

وَالشِّنْظِیرُ	الْفَحَّاشُ،	وَاِنَّ اللّٰهَ	اَوْحٰی	اِلَیَّ	اَنْ	تَوَاضَعُوْا
اور بد خلق	فحش گوئی کرنے والا	اور بے شک اللہ نے	وحی کی	طرف میرے	یہ کہ	عاجزی کرو

(5) فحش گوئی اور بد خلق کا ذکر کیا پھر آپ ﷺ نے فرمایا: ''اللہ نے میری طرف وحی کی ہے کہ تم عاجزی کرو۔

حَتّٰی	لَا	یَفْخَرَ	اَحَدٌ	وَلَا یَبْغِی	اَحَدٌ	عَلٰی	اَحَدٍ".
یہاں تک کہ	نہ	فخر کرے	کوئی ایک	اور نہ زیادتی کرے	کوئی ایک	اوپر	کسی ایک کے

کوئی دوسرے پر فخر نہ کرے اور نہ کوئی کسی پر زیادتی کرے''۔(الصحیحۃ:3599)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

میاں بیوی ایک دوسرے کے ہم راز ہیں
(2470). عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: دَخَلَ رَسُولُ اللهِ ﷺ
2470۔(روایت ہے) حضرت ابو ہریرہؓ سے انہوں نے کہا: داخل ہوئے رسول اللہ ﷺ
حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ مسجد میں داخل ہوئے،
الْمَسْجِدَ وَفِيْهِ نِسْوَةٌ مِنَ الْأَنْصَارِ فَوَعَظَهُنَّ وَذَكَّرَهُنَّ
مسجد میں اور اس میں عورتیں تھیں انصار میں سے تو وعظ کیا ان کو اور نصیحت کی اُن کو
وہاں کچھ انصاری عورتیں موجود تھیں۔آپ ﷺ نے اُن کو وعظ کیا اور نصیحتیں فرمائی،
وَأَمَرَهُنَّ أَنْ يَتَصَدَّقْنَ وَلَوْ مِنْ حُلِيِّهِنَّ، ثُمَّ قَالَ: "أَلَا هَلْ عَسَت
اور حکم دیا اُن کو یہ کہ وہ صدقہ کریں اور اگرچہ ان کے زیور سے پھر فرمایا: سنو کیا کوئی
پھر ان کو حکم دیا کہ وہ صدقہ کیا کریں، اگرچہ اپنے زیورات سے ہی کریں۔ پھر آپ ﷺ نے فرمایا:
اِمْرَأَةٌ أَنْ تُخْبِرَ الْقَوْمَ بِمَا يَكُوْنُ مِنْ زَوْجِهَا إِذَا خَلَا بِهَا؟
عورت یہ کہ خبر دیتی ہو لوگوں کو اس کی جو ہوتی ہے اپنے شوہر سے جب تنہائی میں اس کے ساتھ
"کیا کوئی ایسی عورت ہے جو لوگوں کو اپنے خاوند کے ساتھ تنہائی میں ہونے والے معاملات بتاتی ہو؟
أَلَا هَلْ عَسٰى رَجُلٌ أَنْ يُخْبِرَ الْقَوْمَ بِمَا يَكُوْنُ مِنْهُ إِذَا
سنو کیا کوئی آدمی یہ کہ وہ خبر دے لوگوں کو اس کی جو ہوتا ہے اس سے جب
کیا کوئی ایسا مرد ہے جو لوگوں کو اپنی بیوی کے ساتھ تنہائی والا معاملہ بتاتا ہے؟"
خَلَا بِأَهْلِهِ؟" فَقَامَتْ مِنْهُنَّ امْرَأَةٌ سَفْعَاءُ الْخَدَّيْنِ
تنہا ہو ساتھ اپنی بیوی کے تو کھڑی ہوئی ان میں سے ایک عورت غبار آلود رخساروں والی

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

چنانچہ اُن عورتوں میں سے ایک غبار آلود رخساروں والی عورت کھڑی ہوئی اور کہا:

فَقَالَتْ: وَاللهِ! اِنَّهُم لَيَفْعَلُونَ وَاِنَّهُنَّ لَيَفْعَلَنَّ ! قَالَ:

تو اس نے کہا: قسم ہے اللہ کی یقیناً وہ مرد البتہ وہ کرتے ہیں اور یقیناً وہ عورتیں البتہ وہ کرتی ہیں فرمایا

اللہ کی قسم! مرد بھی ایسا کرتے ہیں اور عورتیں بھی۔

"فَلَا تَفْعَلُوا ذَلِكَ أَفَلَا أُنَبِّئُكُم مَا مَثَلَ ذَلِكَ؟ مَثَلُ

سو نہ تم سب ایسا کرو ایسا کیا نہ میں خبر دوں تمہیں جو مثل ہو اس کے؟ مثال ہے

آپ ﷺ نے فرمایا: ایسا مت کرو۔ کیا میں تم کو اس کی مثال نہ بتلاؤں؟ ایسی باتیں بیان کرنے والا اُس شیطان کی مانند ہے جو سرِ راہ

شَيْطَانٍ أَتَى شَيْطَانَةً بِالطَّرِيقِ، فَوَقَعَ وَالنَّاسُ يَنْظُرُونَ.

شیطان کی آتا ہے شیطان مؤنث کے پاس راستے میں پھر کر ڈالے اور لوگ دیکھتے ہوں۔

مونث شیطان کے ساتھ مباشرت کرے اور لوگ اُن کو دیکھ رہے ہوں"۔ (الصحیحة 3153)

نبی کریم ﷺ کی انصار صحابہ سے محبت

(2471). عَنْ اَنَسٍ قَالَ: مَرَّ رَسُولُ اللهِ ﷺ بِحَيٍّ بَنِي النَّجَّارِ،

2471۔ (روایت ہے) انسؓ سے فرمایا: گزرے رسول اللہ ﷺ ایک قبیلے سے بنی نجار کے

حضرت انسؓ بیان کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ بنونجار کے قبیلہ سے گزرے،

وَاِذَا جَوَارٍ يَضْرِبْنَ بِالدُّفِّ يَقُلْنَ: نَحْنُ جَوَارٍ مِّنْ بَنِي النَّجَّارِ

اور تب بچیاں بجا رہی تھیں دف وہ کہہ رہی تھیں: ہم بچیاں ہیں بنی نجار سے

اور بچیاں دف بجا کر یہ گا رہی تھیں: ہم بنونجار کی بچیاں ہیں

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

يَا حَبَّذَا	مُحَمَّدٌ	مِنْ جَارٍ.	فَقَالَ	النَّبِيُّ ﷺ:	”اَللّٰهُ	يَعْلَمُ	اَنَّ
واہ کیسے اچھے ہیں	محمد	پڑوسی	تو کہا	نبی ﷺ	اللہ	جانتا ہے	یقیناً

واہ! واہ! محمد ﷺ کیسے اچھے پڑوسی ہیں“۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ”اللہ تعالیٰ جانتا ہے کہ

قَلْبِي	يُحِبُّكُنَّ.
میرا دل	محبت کرتا ہے تم سب سے

میرا دل تم سے محبت کرتا ہے“۔ (الصحیحۃ:3154)

جھوٹ سنگین جرم

(2472). عَنْ	عَائِشَةَ	قَالَتْ:	مَا	كَانَ	خُلُقٌ
2472۔(روایت ہے)	حضرت عائشہؓ سے	انہوں نے کہا: نہیں		ہے	کوئی عادت

حضرت عائشہؓ کہتی ہیں: رسول اللہ ﷺ کے نزدیک جھوٹ سے بڑھ کر کوئی عادت زیادہ نفرت وبغض والی نہیں تھی۔

أَبْغَضَ	إِلَى	رَسُولِ اللّٰهِ ﷺ	مِنَ الْكَذِبِ	وَمَا اطَّلَعَ	مِنْهُ
زیادہ نفرت والی	طرف	رسول اللہ ﷺ کے	جھوٹ سے	اور جو پتہ چلتا	اس کے بارے میں

جب آپ ﷺ کو اپنے صحابہ میں سے کسی کے بارے میں اس کا پتہ چلتا تو

عَلَى	شَيْءٍ	عِنْدَ	أَحَدٍ	مِنْ أَصْحَابِهِ،	فَيَبْخَلُ
اوپر	کسی چیز کے	نزدیک	کسی ایک کے	آپ کے صحابہ میں سے	تو بخل کرتے (کمی کرتے)

آپ ﷺ اس سے میل ملاپ کم کردیتے

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com

لَهُ مِنْ نَفْسِهِ حَتّٰى يَعْلَمَ أَنْ قَدْ أَحْدَثَ تَوْبَةً.
اسکے لیے اپنے آپ سے یہاں تک کہ جان لیتے یہ کہ تحقیق کرلی ہے توبہ۔
حتی کہ معلوم ہو جاتا کہ اس نے توبہ کرلی ہے۔(الصحيحة:2052)
بطور مذاق جھوٹ بولنا منع ہے
(2473). عَنْ عَبْدِاللهِ بْنِ عَامِرٍ أَنَّهُ قَالَ: أَتٰى
(2473)۔(روایت ہے) حضرت عبداللہ بن عامرؓ سے یقیناوہ اُس نے کہا آئے
حضرت عبداللہ بن عامرؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں:
رَسُوْلُ اللهِ ﷺ فِيْ بَيْتِنَا وَأَنَا صَبِيٌّ، قَالَ: فَذَهَبْتُ أَخْرُجُ لِأَلْعَبَ،
رسول اللہ ﷺ ہمارے گھر میں اور میں بچہ تھا اُس نے کہا: تو میں گیا میں نکلا تاکہ میں کھیلوں
رسول اللہ ﷺ ہمارے گھر میں تشریف لائے، میں اس وقت بچہ تھا۔ جب میں کھیلنے کے لیے نکلنے لگا،
فَقَالَتْ أُمِّي: يَاعَبْدَ اللهِ! تَعَالَ أُعْطِيْكَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: "وَمَا
سو کہا میری ماں نے: اے عبداللہ! آؤ میں دیتی ہوں سو کہا رسول اللہ ﷺ نے اور کیا
تو میری ماں نے کہا: اے عبداللہ! ادھر آؤ میں تجھے کوئی چیز دیتی ہوں۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:
أَرَدْتِ أَنْ تُعْطِيَهُ؟" قَالَتْ: أُعْطِيْهِ تَمْراً، قَالَ: فَقَالَ
ارادہ کیا تم نے یہ کہ تم دوگی اس کو اس نے کہا: میں دوں گی اس کو کھجور اُس نے کہا: تو فرمایا
تم اسے کیا دینا چاہتی ہو؟ اس نے کہا میں اسے کھجور دوں گی رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

رَسُوْلُ اللهِ ﷺ :	"أَمَا	اِنَّکِ	لَوْ	لَمْ	تُعْطِهٖ	
رسول اللہ ﷺ نے:	خبردار	بے شک تم	اگر	نہ	تم دیتیں اس کو	

"خبردار اگر تو اُسے کچھ نہ دیتی،

شَیْئًا	کُتِبَتْ	عَلَیْکِ	کَذِبَةٌ".
کچھ بھی	لکھا جاتا	تجھ پر	جھوٹ

تو یہ تیرے نامہ اعمال میں جھوٹ لکھا جاتا"۔(الصحیحة:748)

اسلام میں لوگوں کی قسام

(2474). عَنِ	ابْنِ عُمَرَ	قَالَ:	طَافَ	رَسُوْلُ اللهِ ﷺ	عَلٰی	
2474۔(روایت ہے)	ابن عمرؓ سے	انہوں نے کہا:	طواف کیا	رسول اللہ ﷺ نے	اوپر	

حضرت عبداللہ ابن عمرؓ بیان کرتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے فتح مکہ والے دن اپنی قصوا

رَاحِلَتِهٖ	الْقَصْوَاءِ	یَوْمَ الْفَتْحِ	وَاسْتَلَمَ	الرُّکْنَ	بِمِحْجَنِهٖ،	وَمَا	وَجَدَ
اپنی سواری	قصواء کے	دن فتح کے	اور استلام کیا	حجر اسود کا	اپنی اونٹنی سے	اور نہیں	پائی

اونٹنی پر طواف کیا، اور اپنی لاٹھی کے ساتھ حجر اسود کا استلام کیا، اونٹنی کو مسجد میں بٹھانے کے لیے کوئی جگہ نہ ملی،

لَهَا	مُنَاخًا	فِی الْمَسْجِدِ	حَتّٰی	اُخْرِجَتْ	اِلٰی	بَطْنِ الْوَادِیْ
ان کے لیے	بیٹھنے کی جگہ	مسجد میں	یہاں تک کہ	نکالا گیا	طرف	ہموار حصے کے وادی کے

اس لیے اس کو وادی کے ہموار حصے کی طرف لے جا کر بیٹھا دیا گیا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

فَأُنِيخَتْ ، ثُمَّ حَمِدَ اللهَ وَأَثْنٰى عَلَيْهِ ثُمَّ قَالَ: "أَمَّابَعْدُ أَيُّهَاالنَّاسُ،
پھر بیٹھادیا گیا پھر حمد بیان کی اللہ کی اور ثنا اس پر پھر فرمایا: امابعد اے لوگو
پھر آپ ﷺ نے اللہ تعالیٰ کی حمد ثنا کی اور فرمایا: "اے لوگو!
فَإِنَّ اللهَ قَدْ أَذْهَبَ عَنكُمْ عُبِّيَّةَ الْجَاهِلِيَّةِ، النَّاسُ رَجُلَانِ: بَرٌّ
یقیناً اللہ تعالیٰ تحقیق لے گیا تم سے عیب جاہلیت کا لوگ دو طرح کے ہیں: نیک
بلاشبہ اللہ نے تم سے جاہلیت کی نخوت ختم کردی ہے۔ اب لوگ دو طرح کے ہیں: (1) نیک،
تَقِيٌّ كَرِيمٌ عَلٰى رَبِّهِ، وَفَاجِرٌ شَقِيٌّ هَيِّنٌ عَلٰى رَبِّهِ" ثُمَّ
متقی بزرگی والے اوپر اپنے رب کے اور فاجر بدبخت حقیر اوپر اپنے رب کے پھر
متقی اور رب کے ہاں بزرگی والے (2) گناہگار، بدبخت، اور اللہ تعالیٰ کے ہاں حقیر" پھر
تَلَا: "يٰٓأَيُّهَاالنَّاسُ اِنَّا خَلَقْنٰكُمْ مِّنْ ذَكَرٍ وَّأُنْثٰى
تلاوت کی: اے لوگو یقیناً ہم نے پیدا کیا ہم نے تم سب کو ایک مرد سے اور ایک عورت سے
آپ ﷺ نے یہ آیت پڑھی "اے لوگو! یقیناً ہم نے تمہیں ایک مرد اور ایک عورت سے پیدا کیا۔
وَجَعَلْنٰكُمْ شُعُوْبًا وَّقَبَآئِلَ لِتَعَارَفُوْا" حَتّٰى
اور بنایا ہم نے تم سب کو قومیں اور برادریاں تاکہ تم سب ایک دوسرے کو پہچانو یہاں تک کہ
اور تمہیں قومیں اور برادریاں بنادیا تاکہ تم ایک دوسرے کو پہچان سکو"
قَرَأَ الْآيَةَ، ثُمَّ قَالَ: "أَقُوْلُ هٰذَا وَأَسْتَغْفِرُ اللهَ
تلاوت کی آیت پھر فرمایا: میں کہتا ہوں یہ اور میں بخشش مانگتا ہوں اللہ سے
پھر آپ ﷺ نے پوری آیت تلاوت کی اور آخر میں فرمایا: "میں یہی کچھ کہنا چاہتا تھا، (اب) میں اللہ تعالیٰ سے اپنے لیے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

لِیْ وَلَکُمْ".

اپنے لیے اور تمہارے لیے

اور تمہارے لیے بخشش طلب کرتا ہوں"۔(الصحیحة:2803)

نبی کریم ﷺ ،فرزندان امت کے باپ اور زوجاتِ رسول اُن کی مائیں ہیں

(2475). عَنْ بِشْرِ بْنِ عَقْرَبَةَ، قَالَ: اسْتُشْهِدَ أَبِیْ مَعَ

2475۔(روایت ہے) حضرت بشر بن عقربہؓ سے انہوں نے کہا: شہید ہوگیا میرا باپ ساتھ

حضرت بشر بن عقربہؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں: میرا باپ نبی کریم ﷺ کے ساتھ کسی غزوہ میں شہید ہوگیا،

النَّبِیِّ ﷺ فِی بَعْضِ غَزَوَاتِهِ، فَمَرَّ بِیَ النَّبِیُّ وَأَنَا أَبْکِیْ

نبی کے ﷺ بعض اُن کے غزوات میں تو گزرے میرے پاس سے نبی اور میں رو رہا تھا

نبی کریم ﷺ میرے پاس سے گزرے اور میں رو رہا تھا۔

فَقَالَ لِیْ: "اُسْکُتْ أَمَا تَرْضٰی أَنْ أَکُوْنَ أَنَا أَبُوْکَ

تو فرمایا میرے لیے خاموش ہوجاؤ کیا نہیں تو راضی ہوگا یہ کہ میں ہوں میں تیرا باپ

آپ ﷺ نے مجھے کہا: "خاموش ہوجاؤ کیا تو اس بات پر راضی نہیں ہوگا کہ:

وَعَائِشَةُ أُمُّکَ؟"

اور عائشہؓ تیری ماں ہے؟"

میں تیرا باپ ہوں اور عائشہ تیری ماں"۔(الصحیحة:3249)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

نبی کا ظاہر اور باطن یکساں ہوتا ہے

(2476). عَنْ سَعْدٍ قَالَ: لَمَّا كَانَ يَوْمَ فَتْحِ مَكَّةَ

2476۔(روایت ہے) حضرت سعدؓ سے انہوں نے کہا: جب تھا دن فتح مکہ کا

حضرت سعدؓ کہتے ہیں فتح مکہ والے دن،

اخْتَبَأَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعْدِ بْنِ اَبِی سَرْحٍ عِنْدَ عُثْمَانَ ابْنِ عَفَّانَ ، فَجَاءَ

چھپ گئے عبداللہ بن سعد بن ابی سرحؓ، حضرت عثمان بن عفانؓ کے نزدیک تو آئے

عبداللہ بن سعد بن ابی سرحؓ، حضرت عثمان بن عفانؓ کے پاس چھپ گئے،

بِهِ حَتّٰى أَوْقَفَهُ عَلَى النَّبِیِّ فَقَالَ : يَارَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ

ان کے ساتھ یہاں تک کہ کھڑا کر دیا اس کو اوپر نبی کے تو فرمایا: اے اللہ کے رسول ﷺ

وہ اسے لے آئے اور رسول اللہ ﷺ کے سامنے کھڑا کر دیا اور کہا: اے اللہ کے رسول ﷺ!

بَايِعْ عَبْدَ اللّٰهِ ، فَرَفَعَ رَأْسَهُ فَنَظَرَ اِلَيْهِ ، ثَلَاثًا، كُلُّ ذٰلِكَ

بیعت لیں عبداللہ سے پھر اٹھایا سر اپنا پھر نظر کی اُن کی طرف تین مرتبہ ہر دفعہ وہ

عبداللہؓ سے بیعت لیں، آپ ﷺ نے اپنا سر اٹھایا اور تین دفعہ اس کی طرف دیکھا ہر مرتبہ آپ انکار کر رہے تھے،

يَأْبٰى ، فَبَايَعَهُ بَعْدَ ثَلَاثٍ ، ثُمَّ اَقْبَلَ عَلٰى

انکار کرتے تھے پھر بیعت کی ان سے بعد تین مرتبہ کے پھر متوجہ ہوئے اوپر

تین دفعہ ایسا کرنے کے بعد آپ ﷺ نے بیعت لے لی۔ پھر اپنے صحابہ کی طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا:

اَصْحَابِهٖ، فَقَالَ : "أَمَا كَانَ فِيْكُمْ رَجُلٌ رَشِيْدٌ يَقُوْمُ اِلٰى

اپنے صحابہ کے پھر کہا کیا نہیں تھا تم میں کوئی آدمی سمجھدار وہ کھڑا ہوتا طرف

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

”کیا تم میں ایسا کوئی سمجھدار آدمی نہیں تھا کہ جب وہ مجھے دیکھتا کہ
هٰذَا حَيْثُ رَاٰنِي كَفَفْتُ يَدِى عَنْ بَيْعَتِهِ فَيَقْتُلَهُ “ ؟
اس کو جب وہ دیکھتا مجھے میں نے روکا ہے اپنا ہاتھ اس کی بیعت سے پھر وہ قتل کر دیتا اس کو
میں اُس کی بیعت سے اپنا ہاتھ روک رہا ہوں تو کھڑا ہوتا اور اُس کو قتل کر دیتا؟
فَقَالُوْا: مَانَدْرِى يَارَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ! مَا فِي نَفْسِكَ
تو انہوں نے کہا: نہیں ہم جانتے اے اللہ کے رسول ﷺ! جو آپ کے دل میں ہے
’صحابہ نے کہا: اے اللہ کے رسول ﷺ! ہم آپ کے دل کی بات نہیں جانتے،
أَلَا اَوْمَأْتَ اِلَيْنَا بِعَيْنِكَ ؟ قَالَ : ”اِنَّهُ لَايَنْبَغِي لِنَبِيِّ
مگر اشارہ کرتے آپ طرف ہمارے اپنی آنکھوں سے؟ فرمایا: یقیناً وہ نہیں لائق کسی نبی کے
آپ ﷺ نے ہماری طرف اپنی آنکھوں سے اشارہ کیوں نہیں کر دیا؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ”کسی نبی کو زیب نہیں دیتا
اَنْ تَكُوْنَ لَهُ خَائِنَةُ الْاَعْيُنِ.
یہ کہ وہ ہو اس کے لیے خیانت آنکھوں کی
کہ وہ آنکھوں سے خیانت کرے“۔(الصحيحة:1723)
سات ماموراتِ نبویہ
(2477). عَنْ اَبِىْ ذَرٍّ، قَالَ : أَمَرَنِىْ خَلِيْلِىْ ﷺ بِسَبْعٍ :
2477۔(روایت ہے) ابوذرؓ سے انہوں نے کہا حکم دیا مجھے میرے خلیل ﷺ نے سات باتوں کا
حضرت ابوذرؓ کہتے ہیں: میرے خلیل ﷺ نے مجھے سات امور کا حکم دیا

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com

(1) اَمَرَنِی بِحُبِّ الْمَسَاكِيْنَ وَالدُّنُوِّ مِنْهُمْ (2). وَاَمَرَنِیْ
(1)حکم دیا مجھے محبت کرنے کا مساکین سے اور قریب رہنے ان سے (2)اور حکم دیا مجھے
''(1)مسکینوں سے محبت کرنے اور ان کے قریب رہنے کا حکم دیا'':
اَنْ اَنْظُرَ، اِلٰی مَنْ هُوَ دُوْنِی وَلَااَنْظُرَ اِلٰی
یہ کہ نظر کروں طرف اس شخص کے وہ میرے سوا ہے (مجھ سے کم) اور نہ میں دیکھوں طرف
(2)اپنے سے کم تر شخص کو دیکھنے اور اپنے سے برتر شخص کی طرف توجہ نہ کرنے کا حکم دیا
مَنْ هُوَ فَوْقِی (3) وَاَمَرَنِی اَنْ اَصِلَ الرَّحِمَ وَاِنْ
اس شخص کے وہ میرے اوپر ہے (3)اور حکم دیا مجھے یہ کہ میں جوڑوں رشتہ داری کو اور اگر چہ
(3) مجھے صلہ رحمی کرنے کا حکم دیا اگر چہ وہ
اَدْبَرَتْ (4) وَاَمَرَنِی اَنْ لَا اَسْأَلَ اَحَداً شَيْئًا
رُخ پھیرنے لگے (4)اور حکم دیا مجھے یہ کہ نہ میں سوال کروں کسی ایک سے کسی چیز کا
رخ پھیرنے لگے (4) مجھے حکم دیا کہ میں کسی سے کوئی سوال نہ کروں
(5) وَاَمَرَنِی اَنْ اَقُوْلَ بِالْحَقِّ وَاِنْ كَانَ مُرًّا (6)وَاَمَرَنِی اَنْ
(5) اور حکم دیا مجھے یہ کہ میں کہوں حق کو اور اگر چہ ہو کڑوا (6)اور حکم دیا مجھے یہ کہ
(5) مجھے حکم دیا کہ میں حق بات کہوں اگر چہ وہ کڑوی ہو (6) مجھے حکم دیا کہ
لَا اَخَافَ فِی اللهِ لَوْمَةَ لَائِمٍ (7) وَاَمَرَنِی
نہ میں خوف رکھوں اللہ تعالیٰ کے معاملے میں ملامت کا ملامت کرنے والے کی (7)اور حکم دیا مجھے
میں اللہ کے معاملہ میں کسی ملامت کرنے والے کی ملامت سے نہ ڈروں (7)اور مجھے حکم دیا

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اَنْ اَكْثِرَ مِنْ قَوْلِ : لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللهِ فَاِنَّهُنَّ مِنْ كَنْزٍ
یہ کہ میں کثرت کروں اس قول کی: لاحول ولاقوۃ الا باللہ کیونکہ یقیناً وہ خزانوں میں سے ہے
میں کثرت سے لاحول ولاقوۃ الا باللہ پڑھوں۔ کیونکہ یہ کلمات عرش سے نیچے والے خزانوں میں سے ایک خزانہ ہے"۔
تَحْتَ الْعَرْشِ وَفِي رِوَايَةٍ : فَاِنَّهَا كَنْزٌ مِنْ كُنُوزِ الْجَنَّةِ
نیچے عرش کے اور روایت میں ہے: پس یقیناً وہ خزانہ ہے خزانوں میں سے جنت کے
اور ایک روایت میں ہے کہ یہ جنت کے خزانوں میں سے ایک خزانہ ہے"۔ (الصحیحۃ:2166)
انبیاء کی عاجزی اور انکساری
(2478). عَنْ عَبْدَةَ بْنِ حَزْنٍ، قَالَ : تَفَاخَرَ أَهْلُ الابِل
2478۔(روایت ہے) حضرت عبدہ بن حزنؓ سے انہوں نے کہا: فخر کرنے لگے اونٹوں والے
حضرت عبدہ بن حزنؓ سے روایت ہے کہ اونٹوں والے اور بکریوں والے ایک دوسرے پر فخر کرنے لگے۔
وَأَصْحَابُ الشَّاةِ ، فَقَالَ النَّبِيُّ ﷺ : "بُعِثَ مُوسٰى وَهُوَ رَاعِي
اور بکریوں والے تو کہا نبی ﷺ نے مبعوث کیا گیا موسیٰ کو اور وہ چرواہے تھے
نبی کریم ﷺ نے فرمایا: "موسیٰؑ کو مبعوث کیا گیا وہ بکریاں چرانے والے تھے۔
غَنَمٍ وَبُعِثَ دَاوٗدُ وَهُوَ رَاعِي غَنَمٍ، وَبُعِثَ
بکریوں کے اور مبعوث کیا گیا داؤد کو اور وہ چرواہے تھے بکریوں کے اور مبعوث کیا گیا
داؤدؑ کو مبعوث کیا گیا وہ بھی بکریاں چرانے والے تھے۔ جب مجھے بعثت عطا کی گئی تو میں بھی

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

أَنَا	وَأَنَا	رَاعِي	غَنَمٍ	بِأَجْيَادَ".
مجھے	اور میں	چرواہا تھا	بکریوں کو	مقام اجیاد پر

مقام اجیاد میں بکریاں چرانے والا تھا"۔ (الصحیحۃ:3167)

رسول اللہ ﷺ کی عاجزی

(2479). عَنْ	ابْنِ عَبَّاسٍ	كَانَ ﷺ	يَجْلِسُ	عَلَى الأَرْضِ
2479۔(روایت ہے)	ابن عباس ؓ سے	تھے رسول اللہ ﷺ	بیٹھ جاتے	زمین پر

حضرت عبداللہ ابن عباس ؓ سے مروی ہے رسول اللہ ﷺ زمین پر بیٹھ جایا کرتے تھے،

وَيَأْكُلُ	عَلَى الأَرْضِ،	وَيَعْتَقِلُ	الشَّاةَ،	وَيُجِيبُ	دَعْوَةَ
اور کھاتے تھے	اوپر زمین کے	اور وہ باندھ (کر دوہتے تھے)	بکریوں کو	اور قبول کرتے	دعوت

زمین پر بیٹھ کر ہی کھاتے تھے بکری کا دودھ دوہ لیتے تھے،

الْمَمْلُوكِ	عَلَى	خُبْزِ	الشَّعِيرِ.
غلام کی	اوپر	روٹی کے	جو کی۔

اور جو کی روٹی کی دعوت دینے والے غلام کی دعوت قبول کر لیتے تھے۔(الصحیحۃ:2125)

(2480). عَنْ	أَبِي أَيُّوبَ:	كَانَ ﷺ	يَرْكَبُ	الْحِمَارَ
2480۔(روایت ہے)	ابوایوب ؓ سے	تھے (نبی ﷺ)	سوار ہوتے	گدھے پر

حضرت ابوایوب ؓ بیان کرتے ہیں: آپ ﷺ گدھے پر سوار تھے،

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

وَيَخْصِفُ	النَّعْلَ	وَيَرْقَعُ	الْقَمِيصَ	وَيَقُولُ:	"مَنْ رَغِبَ
اور سلائی کرتے	جوتے کی	اور پیوند لگاتے	قمیض کو	اور کہتے:	جس نے اعراض کیا

جوتا سلائی کرتے تھے اور قمیض کو خود ہی پیوند لگا لیا کرتے تھے اور فرماتے تھے:

عَنْ سُنَّتِي	فَلَيْسَ	مِنِّي".
میری سنت سے	تو نہیں ہے	مجھ سے۔

"جس نے میری سنت سے اعراض کیا وہ مجھ سے نہیں"۔(الصحيحة:2130)

عاجزی اور انکساری کی فضیلت

(2481). عَنْ	أَبِي هُرَيْرَةَ	مَرْفُوعًا:	"مَنْ	تَوَاضَعَ
2481۔(روایت ہے)	حضرت ابوہریرہؓ سے	مرفوع :	جس نے	تواضع اختیار کی

حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے اللہ کے لیے عاجزی کی، اللہ

لِلّٰهِ	رَفَعَهُ	اللّٰهُ".
اللہ کے لیے	رفعت عطا کرے گا اس کو	اللہ۔

اُس کو رفعت عطا کرے گا"۔(الصحيحة:2328)

عاجزی وانکساری اختیار کرنا

(2482). عَنْ	عِيَاضِ بْنِ حِمَارٍ	عَنِ النَّبِيِّ ﷺ	أَنَّهُ	خَطَبَهُمْ
2482۔(روایت ہے)	عیاض بن حمارؓ سے	نبی ﷺ سے	یقیناً وہ	خطبہ دیا انہوں نے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

حضرت عیاض بن حمارؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ لوگوں کو خطبہ دیا اور اس میں فرمایا:

فَقَالَ:	"اِنَّ	اللّٰهَ	أَوْحٰى	اِلَيَّ	أَنْ	تَوَاضَعُوْا	حَتّٰى
تو فرمایا:	یقیناً	اللہ نے	وحی کی	طرف میرے	یہ کہ	تواضع اختیار کرو	یہاں تک

"بیشک اللہ تعالیٰ نے میری طرف وحی کی ہے کہ تم تواضع اختیار کرو:

لَايَفْخَرَ	أَحَدٌ	عَلٰى	أَحَدٍ،	وَلَايَبْغِي	أَحَدٌ	عَلٰى أَحَدٍ".
کہ نہ فخر کرے	کوئی ایک	اوپر	کسی ایک کے	اور نہ ظلم کرے	کوئی ایک	کسی ایک پر۔

اور کوئی کسی پر فخر کرے نہ ظلم"۔(الصحيحة:570)

عاجزی اور انکساری کی علامتیں

(2483).	عَنْ	أَبِي هُرَيْرَةَ:	قَالَ	قَالَ	رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ :	"مَا
2483۔(روایت ہے)		ابو ہریرہؓ سے	کہا	فرمایا	رسول اللہ ﷺ نے	نہیں

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "وہ شخص متکبر نہیں ہے،

اسْتَكْبَرَ	مَنْ	أَكَلَ	مَعَهُ	خَادِمُهُ	وَرَكِبَ	الْحِمَارَ
تکبر کرنے والا	جو	کھانا کھائے	ساتھ	اُس کا خادم	اور سواری کرے	گدھے پر

جس کے ساتھ اُس کے خادم نے کھانا کھایا اور وہ بازاروں میں گدھے پر سوار ہوا،

بِالْأَسْوَاقِ،	وَاعْتَقَلَ	الشَّاةَ	فَحَلَبَهَا".
بازاروں میں	اور باندھے	بکری کو	پھر دودھ دوہے اس کا

اور بکری کی ٹانگوں کو باندھ کر اس کو دوہا"۔(الصحيحة:2218)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

کلمہ طیبہ سے گناہوں کے اثرات زائل ہو جاتے ہیں

(2484).قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ "اَنَّ اللهَ قَدْ غَفَرَلَکَ کِذْبَکَ

2484۔ فرمایا رسول اللہ ﷺ نے: یقیناً اللہ نے تحقیق معاف کردیا تیرے لیے تیرا جھوٹ

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بیشک اللہ تعالیٰ نے تیرے جھوٹ کو

بِتَصْدِیْقِکَ "لَااِلٰهَ اِلَّااللهُ" رُوِیَ مِنْ حَدِیْثِ أَنَسٍ، وَابْنِ عُمَرَ،

تیری تصدیق کی وجہ سے لا الہ الا اللہ روایت کی گئی یہ حدیث انس سے اور ابن عمر

لا الہ الا اللہ کی تصدیق کی وجہ سے معاف کردیا ہے۔ یہ حدیث حضرت انسؓ، حضرت عبداللہ بن عمرؓ

وَابْنِ عَبَّاسٍ وَالْحَسَنِ الْبَصْرِیِّ مُرْسَلاً وَهٰذَاالَّفْظُ حَدِیْثِ أَنَسٍ: عَنْ

اور ابن عباسؓ اور حسن بصری سے مرسلاً اور یہ الفاظ حدیث انس کے ہیں: روایت ہے

حضرت عبداللہ بن عباسؓ اور حسن بصری ؒ سے مرسلاً روایت کی گئی ہے اور یہ الفاظ حضرت انس کی حدیث کے ہیں

أَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ لِرَجُلٍ: "یَافُلَانُ! فَعَلْتَ

انسؓ سے کہتے ہیں: فرمایا رسول اللہ ﷺ نے ایک آدمی کے لیے: اے فلاں! تو نے کیا

اور حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک آدمی سے فرمایا: "اے فلاں کیا تو نے

کَذَا؟" قَالَ: لَا وَالَّذِیْ لَااِلٰهَ اِلَّا هُوَ! وَالنَّبِیُّ ﷺ

یہ؟ اس نے کہا: نہیں قسم ہے ذات کی نہیں کوئی معبود مگر وہ! اور نبی ﷺ

اس طرح کیا ہے؟" اُس نے کہا: نہیں! قسم ہے اُس ذات کی کہ جس کے علاوہ کوئی معبود نہیں۔ لیکن نبی کریم ﷺ جانتے تھے

یَعْلَمُ أَنَّهُ قَدْ فَعَلَهُ فَقَالَ لَهُ. فَذَکَرَهُ.

جانتے تھے یقیناً وہ تحقیق کیا ہے اُس نے تو فرمایا اس کے لیے پھر تذکرہ کیا اس کا

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

کہ اُس شخص نے وہ کام کیا ہے۔ پھر آپ ﷺ نے اُس کو یہ بات ارشاد فرمائی۔ (الصحيحة:3064)

ایمان، اللہ تعالیٰ کی محبت کی دلیل ہے

(2485). عَنْ	عَبْدِ اللهِ	قَالَ:	رَسُوْلُ اللهِ ﷺ	"اِنَّ	اللهَ	
2485۔(روایت ہے)	عبداللہؓ سے	کہتے ہیں:	فرمایا رسول اللہ ﷺ نے:	یقیناً	اللہ تعالیٰ نے	
حضرت عبداللہؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:						
قَسَمَ	بَيْنَكُمْ	أَخْلَاقَكُمْ	كَمَا	قَسَمَ	بَيْنَكُمْ	
تقسیم کیا	درمیان تمہارے	تمہارے اخلاق کو	جس طرح	تقسیم کردیا	درمیان تمہارے	
"اللہ تعالیٰ نے جس طرح تمہارے مابین تمہارے رزق کو تقسیم کیا ہے، اسی طرح تمہارے درمیان تمہارے اخلاق کو بھی تقسیم						
أَرْزَاقَكُمْ،	وَاِنَّ	اللهَ	يُعْطِي	الدُّنْيَا	مَنْ	يُحِبُّ	وَمَنْ
تمہارے رزق کو	اور یقیناً	اللہ	عطا کرتا ہے	دنیا میں	جس کو	وہ پسند کرتا ہے	اور جسے
کردیا ہے۔ اور بلا شبہ اللہ تعالیٰ جس کو پسند کرتا ہے اُسے بھی دنیا عطا کرتا ہے، اور جسے ناپسند کرتا ہے اُسے بھی دے دیتا ہے،						
لَا يُحِبُّ،	وَلَا يُعْطِي	الْاِيْمَانَ	اِلَّا	مَنْ	أَحَبَّ	فَمَنْ	ضَنَّ
نہیں وہ پسند کرتا	اور نہیں وہ عطا کرتا	ایمان	مگر	جس سے	وہ پسند کرتا ہے	تو جو	بخل کرے
اور ایمان صرف اسے عطا کرتا ہے جس کو پسند فرماتا ہے۔						
بِالْمَالِ	أَنْ	يُنْفِقَهُ،	وَخَافَ	الْعَدُوَّ	أَنْ	يُجَاهِدَهُ،	
مال میں	یہ کہ	وہ خرچ کرے اس کو	اور ڈرے	دشمن سے	یہ کہ	وہ جہاد کرے ان سے	
پس جو شخص مال خرچ کرنے سے بخل کرے،						

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

وَهَابَ	اللَّيْلَ	أَنْ	يُكَابِدَهُ ،	فَلْيُكْثِرْ
اور گھبرائے	رات میں	یہ کہ	تکلیف اور مشقت اُٹھائے	تو چاہیے کہ وہ کثرت کرے

دشمن کے ساتھ لڑنے سے ڈر جائے اور رات میں تکلیف و مشقت اٹھانے سے گھبرائے

مِنْ قَوْلِ:	سُبْحَانَ اللهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ وَاللهُ أَكْبَرُ".
کلمات سے:	سُبْحَانَ اللهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ وَاللهُ أَكْبَرُ"

تو وہ کثرت سے یہ کلمات کہے: سُبْحَانَ اللهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ وَاللهُ أَكْبَرُ". (الصحيحة:2714)

اللہ تعالیٰ کی طرف سے مہلت کا انجام

(2486). عَنْ	ابی مُوسٰی	قَالَ :	قَالَ	رَسُولُ اللهِ ﷺ :		إِنَّ اللهَ
2486۔(روایت ہے)	حضرت ابوموسیٰ سے	کہتے ہیں: فرمایا		رسول اللہ ﷺ نے:		یقیناً اللہ

حضرت ابوموسیٰ نے بیان کیا کہ نبی ﷺ نے فرمایا:

لَيُمْلِي	لِلظَّالِمِ	حَتّٰى	إِذَا	اَخَذَهُ	لَمْ يُفْلِتْهُ	قَالَ :
البتہ وہ مہلت دیتا ہے	ظالم کو	یہاں تک کہ	جب	پکڑتا ہے اُس کو	نہیں چھوڑتا اس کو	کہا:

اللہ تعالیٰ ظالم کو چند روز دنیا میں مہلت دیتا رہتا ہے لیکن جب پکڑتا ہے تو پھر نہیں چھوڑتا۔ راوی نے بیان کیا پھر آپ ﷺ نے اس

ثُمَّ	قَرَأَ	وَكَذٰلِكَ	اَخْذُ رَبِّكَ	إِذَ	اَخَذَ	الْقُرٰى	وَهِيَ
پھر	پڑھی	اور اسی طرح	تیرے رب کی پکڑ	جب	پکڑتا ہے	بستی والوں کو	اور جو

آیت کی تلاوت کی "اور تیرے پروردگار کی پکڑ اسی طرح ہے جب وہ بستی والوں کو پکڑتا ہے جو (اپنے اوپر) ظلم کرتے رہتے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ظَالِمَةٌ		اِنَّ	اَخْذَهٗ	اَلِيْمٌ	شَدِيْدٌ .
(اپنے اوپر) ظلم کرنے والی تھی	بیشک	پکڑ اس کی		تکلیف دینے والی	بڑی سخت ہے۔

ہیں بیشک انکی پکڑ بڑی تکلیف دینے والی اور بڑی سخت ہے۔" (الصحيحة:3512)

گفتگو میں تصنّع

(2487). عَنْ	وَاثِلَةَ بْنِ الأَسْقَعِ	قَالَ:	كُنْتُ	فِيْ أَصْحَابِ الصُّفَّةِ،	
2487۔(روایت ہے) حضرت واثلہ بن اسقعؓ سے	انہوں نے کہا:	میں تھا		اصحاب صفہ میں	

حضرت واثلہ بن اسقع سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں میں اصحاب صفہ میں سے تھا،

فَلَقَدْ	رَأَيْتُنَا	وَمَا	مِنَّا	اِنْسَانٌ	عَلَيْهِ	ثَوْبٌ	تَامٌّ،	وَأَخَذَ
تو البتہ تحقیق	میں نے دیکھا	اور نہیں	ہم میں سے	کوئی انسان	اس پر ہو	کپڑا	مکمل	اور ڈال دیں

میں نے دیکھا ہمارا حال تھا کہ ہم میں سے کسی شخص کے پاس مکمل لباس نہیں تھا۔

الْعَرَقُ	فِيْ جُلُوْدِنَا	طُرَقًا	مِنَ الْغُبَارِ	وَالْوَسَخِ،	اِذْ	خَرَجَ
پسینے نے	ہماری جلدوں میں	لکیریں	غبار سے	اور میل کچیل سے	جب	نکلے

اور گرد و غبار اور میل کچیل کی وجہ سے پسینے سے ہمارے جسم پر لکیریں پڑ جاتی تھیں۔

عَلَيْنَا	رَسُوْلُ اللهِ ﷺ	فَقَالَ:	"لِيُبَشَّرْ	فُقَرَاءُ الْمُهَاجِرِيْنَ"	اِذْ	أَقْبَلَ
ہم پر	رسول اللہ ﷺ	تو کہا	خوش خبری ہو	فقراء مہاجرین کے لیے	جب	آیا

(ایک دن) اچانک رسول اللہ ﷺ ہمارے پاس تشریف لائے اور فرمایا: فقراء مہاجرین کے لیے خوشخبری ہو"۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

رَجُلٌ	عَلَيْهِ	شَارَةٌ	حَسَنَةٌ،	فَجَعَلَ	النَّبِيُّ	لَايَتَكَلَّمُ	بِكَلَامٍ
ایک آدمی	اس پر	لباس	اچھا	تو کرتے	نبی	نہیں وہ کلام کرتے تھے	کوئی کلام

ہمارے پاس اچانک ایک اچھے لباس والا آدمی آیا، نبی کریم ﷺ جو کلام بھی ارشاد فرماتے،

اِلَّا	كَلَّفَتْهُ	نَفْسُهُ	أَنْ يَأْتِيَ	بِكَلَامٍ	يَعْلُو	كَلَامَ	النَّبِيِّ ﷺ	فَلَمَّا
مگر	تکلفاً کرتا اس کو	اپنے دل سے	یہ کہ لاتا	کلام کو	افضل کرتا	کلام	نبی ﷺ سے	پھر جب

وہ تکلفاً آپ ﷺ کے کلام سے افضل کلام کرتا۔

انْصَرَفَ	قَالَ:	"إِنَّ اللهَ	لَايُحِبُّ	هٰذَا	وَضَرْبَهُ	يَلْوُوْنَ	أَلْسِنَتَهُمْ
چلا گیا	فرمایا	یقیناً اللہ	نہیں پسند کرتا	یہ	اور اس کی مثل	وہ مروڑتے ہیں	زبانیں اپنی

جب وہ چلا گیا تو آپ ﷺ نے فرمایا: "بیشک اللہ تعالیٰ اس کو اور اس جیسے شخص کو ناپسند کرتا ہے

لِلنَّاسِ	لَيَّ	الْبَقَرَةِ	لِسَانَهَا	بِالْمَرْعٰى	كَذٰلِكَ	يَلْوِى
لوگوں کے لیے	موڑنا	(چرنے والی) گائے کا	اپنی زبان کو	چراگاہ میں	اسی طرح	مروڑے گا

جو چراگاہ میں (چرنے والی) گائیوں کی طرح اپنی زبانوں کو لوگوں کے لیے مروڑتے ہیں

اللهُ	أَلْسِنَتَهُمْ	وَوُجُوْهَهُمْ	فِي النَّارِ".
اللہ	ان کی زبانوں	اور ان کے چہروں	کو آگ میں۔

اللہ تعالیٰ بھی ان کے چہروں اور زبانوں کو آگ میں مروڑے گا"۔(الصحيحة:3426)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

جہنمی اور جنتی لوگوں کی صفات

(2488). عَنْ عَبْدِاللهِ بْنِ عَمْرِوبْنِ الْعَاصِ عَنِ النَّبِیِّ ﷺ قَالَ:

2488۔(روایت ہے) حضرت عبداللہ بن عمر بن عاصؓ سے وہ نبی ﷺ سے نبی ﷺ فرمایا:

حضرت عبداللہ بن عمر بن عاصؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

”اِنَّ أَهْلَ النَّارِ كُلُّ جَعْظَرِيٍّ جَوَّاظٍ مُسْتَكْبِرٍ، جَمَّاعٍ

یقیناً اہل دوزخ ہر بدمزاج اکڑ کر چلنے والا متکبر بہت مال جمع کرنے والا

ہر بدمزاج (بدخلق) اکڑ کر چلنے والا متکبر بہت زیادہ مال جمع کرنے والا اور بہت زیادہ بخل کرنے والا سب جہنمی لوگ ہیں

مَنَّاعٍ، وَأَهْلُ الْجَنَّةِ الضُّعَفَاءُ الْمَغْلُوبُونَ“.

بہت بخل کرنے والا اور اہل جنت کمزور اور مغلوب لوگ ہیں۔

اور کمزور اور مغلوب لوگ جنتی ہیں“۔(الصحیحۃ:1741)

ہر عروج کو زوال ہے

(2489). عَنْ أَنَسٍ قَالَ كَانَتْ نَاقَةٌ لِرَسُولِ اللّٰهِ ﷺ تُسَمَّى

2489۔(روایت ہے) انسؓ سے فرمایا تھی اونٹنی رسول اللہ ﷺ کے لیے نام رکھا گیا

حضرت انسؓ کہتے ہیں: رسول اللہ ﷺ کی ایک اونٹنی تھی، اس کو عضبا کہا جاتا تھا،

الْعَضْبَاءَ وَكَانَتْ لَاتُسْبَقُ فَجَاءَ أَعْرَابِيٌّ عَلٰى قَعُودٍ لَهُ

عضباء اور تھی آگے جانے نہیں دیتی تھی تو آیا ایک بدو اوپر اپنے اونٹ کے

اور کوئی (دوسری اونٹنی) اس سے آگے نہیں گزر سکتی تھی۔ایک بدو اپنے اونٹ پر آیا،

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com

فَسَبَقَهَا	فَاشْتَدَّ	ذٰلِکَ	عَلَى	الْمُسْلِمِيْنَ	وَقَالُوا
تو آگے نکل گیا اس سے	تو گراں گزری	یہ بات	اوپر	مسلمانوں کے	اور انہوں نے کہا

وہ اس سے آگے نکل گیا یہ بات مسلمانوں پر بڑی گراں گزری، وہ کہنے لگے کہ عضبا تو پیچھے رہ گئی ہے۔

سُبِقَتِ	الْعَضْبَاءُ	فَقَالَ	رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ	"إِنَّ	حَقًّا	عَلَى اللّٰهِ أَنْ
پیچھے رہ گئی	عضباء	تو کہا	رسول اللہ ﷺ نے	یقیناً	حق ہے	اوپر اللہ کے یہ کہ

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "بلا شبہ اللہ پر حق ہے کہ وہ دنیا میں جس چیز کو رفعت عطا کرے

لَا يَرْفَعَ	شَيْئًا	مِنَ الدُّنْيَا	إِلَّا	وَضَعَهُ".
نہیں وہ رفعت عطا کرتا	کسی چیز کو	دنیا سے	مگر وہ	پست کرتا ہے اسے

اسے پست بھی کرے"۔ (الصحیحة:3525)

مومنہ صفات اور منافقانہ خصائل اور دونوں کے تقاضے

(2490). عَنْ	اِيَاسِ بْنِ مُعَاوِيَةَ بْنِ قُرَّةَ الْمُزَنِيُّ	عَنْ أَبِيهِ،
2490۔ (روایت ہے)	ایاس بن معاویہ بن قرۃ مزنیؒ سے	وہ اپنے والد سے

ایاس بن معاویہ بن قرۃ مزنیؒ اپنے باپ سے وہ ان کے دادا قرہ بن مزنیؓ سے روایت کرتے ہیں وہ کہتے ہیں:

عَنْ جَدِّهِ قُرَّةَ الْمُزَنِيِّ،	قَالَ:	كُنَّا	عِنْدَ	رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ	فَذُكِرَ
وہ اپنے دادا قرۃ مزنی سے	انہوں نے کہا:	تھے ہم	نزدیک	رسول اللہ ﷺ کے	تذکرہ ہونے لگا

ہم رسول اللہ ﷺ کے پاس تھے حیا کا تذکرہ ہونے لگا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

عِنْدَهُ الْحَيَاءُ فَقَالُوا: يَارَسُوْلَ اللهِ! اَلْحِيَاءُ مِنَ الدِّيْنِ؟ فَقَالَ
آپ کے پاس حیا کا تو انہوں نے کہا: اے اللہ کے رسول! حیا دین سے ہے؟ تو فرمایا
صحابہ نے کہا: اے اللہ کے رسول ﷺ! کیا حیا بھی دین کا حصہ ہے؟ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:
رَسُوْلُ اللهِ ﷺ : "اِنَّ الْحَيَاءَ وَالْعَفَافَ وَالعِيَّ عِيَّ اللِّسَانِ لَاعِيَّ الْقَلْبِ
رسول اللہ ﷺ نے: یقیناً حیا اور پاکدامنی اور عجز عاجزی زبان کی ہے نہیں ہے عاجزی دل کی
"بلاشبہ حیا، پاک دامنی، عجز و عاجزی اور سمجھ بوجھ ایمان سے ہیں (عجز و عاجزی سے مراد زبان کا عجز ہے نہ کہ دل کا) ان امور سے
وَالْفِقْهَ مِنَ الاِيْمَانِ وَاِنَّهُنَّ يَزِدْنَ فِي الآخِرَةِ وَيَنْقُصْنَ
اور سمجھ بوجھ ایمان میں سے ہے اور یقیناً وہ اضافہ کرتی ہیں آخرت میں اور کمی کرتی ہیں
آخرت (کے معاملے) میں جو اضافہ ہوتا ہے۔
مِنَ الدُّنْيَا، وَمَا يَزِدْنَ فِي الآخِرَةِ أَكْثَرُ مِمَّا يَنْقُصْنَ مِنَ الدُّنْيَا
دنیا سے اور نہیں زیادہ کرتی آخرت میں زیادہ اس میں سے جو کم کرتی ہے دنیا
وہ دنیا میں ہونے والی کمی سے زیادہ ہے۔
وَاِنَّ الشُّحَّ وَالْفُحْشَ وَالْبَذَاءَ مِنَ النِّفَاقِ، وَاِنَّهُنَّ يَنْقُصْنَ
اور یقیناً بخیلی اور بے حیائی اور بدگوئی نفاق میں سے ہیں اور یقیناً وہ کم کرتی ہیں
بلاشبہ بخل، بدکاری، اور بدگوئی نفاق میں سے ہے، یہ چیزیں آخرت کا نقصان کرتی ہیں
مِنَ الآخِرَةِ، وَيَزِدْنَ فِي الدُّنْيَا، وَمَا يَنْقُصْنَ مِنَ الآخِرَةِ أَكْثَرُ
آخرت میں سے اور زیادہ کرتی ہیں دنیا میں اور جو کم کرتی ہیں آخرت میں سے زیادہ ہے
اور دنیا میں زیادتی کرتی ہیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

مِمَّا يَزِدْنَ مِنَ الدُّنيا" قَالَ اِيَاسٌ: فَحَدَّثْتُ بِهٖ
اس سے جو اضافہ کرتی ہے دنیا میں کہا ایاس نے: تو حدیث بیان کی میں نے ساتھ اس کے
لیکن ان امور سے آخرت (کے معاملے) میں ہونے والی کی دنیا میں ہونے والے اضافے سے زیادہ ہے"۔ ایاس نے کہا: میں نے
عُمَرَ بْنَ عَبْدِ الْعَزِيزِ، فَأَمَرَنِي فَأَمْلَيْتُهَا عَلَيْهِ، ثُمَّ كَتَبَهُ
عمر بن عبدالعزیزؒ کو تو حکم دیا مجھے تو میں نے املا کی اس کی اوپر ان کے حکم سے پھر لکھی
یہ حدیث عمر بن عبدالعزیزؒ سے بیان کی پھر ان کے حکم پر اس کی املا کی پھر انہوں نے یہ حدیث اپنے خط سے لکھی،
بِخَطِّهِ، ثُمَّ صَلَّى بِنَا الظُّهْرَ وَالْعَصْرَ وَإِنَّهَا لَفِيْ كَفِّهِ
اپنے خط سے پھر نماز پڑھائی ہمیں ظہر کی اور عصر کی اور یقیناً وہ البتہ ہتھیلی میں تھا اس کی
پھر جب انہوں نے ہمیں ظہر اور عصر کی نمازیں پڑھائیں
مَا يَضَعُهَا.
نہیں رکھا تھا اس کو
تو وہ خط ان کی ہتھیلی میں تھا اس کو رکھا نہیں تھا۔(الصحيحة:3381)

والدین کے حق میں اولاد کی دعا کی برکتیں

(2491). عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ مَرْفُوْعًا: إِنَّ الرَّجُلَ لَتُرْفَعُ
2491۔(روایت ہے) حضرت ابو ہریرہؓ سے مرفوع : یقیناً آدمی البتہ بلند کیا جاتا ہے
حضرت ابو ہریرہؓ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "بلاشبہ ایک آدمی کا جنت میں درجہ بلند کیا جاتا ہے، وہ کہتا ہے:

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

دَرَجَتُهُ	فِي الْجَنَّةِ،	فَيَقُولُ:	أَنّٰى	لِي	هٰذَا ؟ فَيُقَالُ:
درجہ اس کا	جنت میں	تو وہ کہتا ہے:	کیسے ہے	میرے لیے	یہ تو کہا جاتا ہے
یہ مجھے کیسے مل گیا؟ (جواباً) کہا جاتا ہے					
بِاسْتِغْفَارِ	وَلَدِکَ	لَکَ"			
استغفار سے	تیرے بچے کی	تیرے لیے			
تو آیا اس کا بیٹا تو اس نے بوسہ دیا اس کو اور بٹھالیا اس کو اوپر اپنی ران کے پھر
اُس کے پاس اُس کا بیٹا آیا اُس نے اُس کو بوسہ دیا اور اسے اپنی ران پر بیٹھالیا پھر اُس کی بیٹی پہنچ گئی،
جَاءَتْ بِنْتٌ لَهُ فَأَجْلَسَهَا إِلَى جَنْبِهِ ، قَالَ: " فَهَلَّا
آئی بیٹی تو بٹھایا اس کو طرف اپنے پہلو کے فرمایا: تو کیوں نہیں
اُس نے اُس کو اپنے پہلو میں بیٹھالیا آپ ﷺ نے فرمایا:
عَدَلْتَ بَيْنَهُمَا ؟ "
تو نے انصاف کیا ان کے درمیان؟
”تو نے ان دونوں کے درمیان انصاف کیوں نہیں کیا؟“۔(الصحيحة:3098)

منافق کی علامتیں

(2520). عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ مَرْفُوْعًا : " فِي الْمُنَافِقِ ثَلَاثٌ ،
2520۔(روایت ہے) جابر بن عبداللہؓ سے مرفوع : منافق میں تین باتیں ہیں
حضرت جابر بن عبداللہؓ سے روایت ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ”منافق میں تین (خامیاں) ہوتی ہیں:

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com

إِذَا	حَدَّثَ	كَذَبَ	وَإِذَا	وَعَدَ	أَخْلَفَ ،
جب	بات کرے	جھوٹ بولے	اور جب	وعدہ کرے	خلاف کرے

جب وہ بات کرتا ہے تو جھوٹ بولتا ہے، جب وعدہ کرتا ہے تو خلاف ورزی کرتا ہے

وَإِذَا	ائْتُمِنَ	خَانَ "
اور جب	امانت	رکھوائی جائے خیانت کرے

اور جب اُس کے پاس امانت رکھی جاتی ہے تو خیانت کرتا ہے"۔(الصحيحة:1998)

قیلولہ کرنے کا حکم اور وجہ

(2521). عَنْ	أَنَسٍ	قَالَ:	رَسُوْلُ اللهِ ﷺ	:	"قِيْلُوْا
2521۔(روایت ہے)	انسؓ سے	فرمایا:	رسول اللہ ﷺ	نے:	قیلولہ کیا کرو

حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "قیلولہ کیا کرو کیونکہ

فَإِنَّ	الشَّيَاطِيْنَ	لَاتَقِيْلُ " .
پس یقیناً	شیاطین	نہیں قیلولہ کرتے

شیاطین قیلولہ نہیں کرتے۔"(الصحيحة:1647)

یتیم کی کفالت کا اجر وثواب

(2522). عَنْ	أَبِي هُرَيْرَةَ	مَرْفُوْعًا :"	كَافِلُ	الْيَتِيمِ لَهُ
2522۔(روایت ہے)	ابوہریرہؓ سے	مرفوع :	کفالت کرنے والا	یتیم کی اپنے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

حضرت ابوہریرہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''اپنے یا کسی غیر کے یتیم کی پرورش کرنے والا

أَوْ لِغَيْرِهِ أَنَا وَهُوَ كَهَاتَيْنِ فِي الْجَنَّةِ إِذَا اتَّقَى

یا غیر کی میں اور وہ جیسے وہ دونوں ہیں جنت میں جب کہ ڈرنے والا ہو

اور میں جنت میں ان دو انگلیوں کی طرح (قریب قریب) ہوں گے۔ بشرطیکہ وہ اللہ ڈرنے والا ہو''۔

اللهَ'' وَأَشَارَ مَالِكٌ بِالسَّبَّابَةِ وَالْوُسْطَى.

اللہ سے اور اشارہ کیا مالک نے شہادت کی انگلی اور درمیانی۔

امام مالک نے انگشتِ شہادت اور درمیان والی انگلی سے اشارہ کیا۔(الصحيحة:962)

کیا شعر و شاعری قابل نفرت ہے

(2523). عَنْ نَوْفَلِ بْنِ أَبِي عَقْرَبٍ، قَالَ: قِيلَ لِعَائِشَةَ:

2523۔(روایت ہے) نوفل بن ابوعقرب ؓ سے اُس نے کہا: پوچھا گیا عائشہ ؓ سے:

نوفل بن ابوعقرب کہتے ہیں: حضرت عائشہ ؓ سے پوچھا گیا:

أَكَانَ يُتَسَامَعُ عِنْدَ رَسُولِ اللهِ ﷺ الشِّعْرُ؟ قَالَتْ: كَانَ

کیا تھے سنے جاتے پاس رسول اللہ ﷺ کے شعر؟ انہوں نے کہا: تھے

کیا رسول اللہ ﷺ کے پاس اشعار سنے جاتے تھے؟ انہوں نے کہا:

أَبْغَضَ الْحَدِيثِ إِلَيْهِ.

سب سے زیادہ نفرت والی بات طرف ان کے

یہ تو آپ ﷺ کے نزدیک سب سے زیادہ نفرت والی بات تھی۔(الصحيحة:3095)

'' محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ ''

www.KitaboSunnat.com

گھر والوں سے اجازت لینے کا طریقہ

(2524). عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ بُسْرٍ صَاحِبِ النَّبِیِّ ﷺ قَالَ: کَانَ إِذَا جَاءَ

2524۔(روایت ہے) عبداللہ بن بسرؓ سے ساتھی نبی ﷺ کے فرمایا: تھے جب آتے

صحابی رسول ﷺ حضرت بن بسرؓ کہتے ہیں: جب آپ ﷺ دروازے کے پاس آتے

اَلْبَابَ یَسْتَاذِنُ لَمْ یَسْتَقْبِلْهُ یَقُوْلُ:

دروازے پر اجازت طلب کرتے نہیں سامنے کھڑے ہوتے تھے اس کے وہ کہتے ہیں:

تو اجازت طلب کرتے اور سامنے کھڑے نہیں ہوتے تھے۔وہ کہتے ہیں:

یَمْشِیْ مَعَ الْحَائِطِ حَتّٰی یَسْتَاذِنَ فَیُؤْذَنُ لَهُ

وہ چلتے تھے ساتھ دیوار کے یہاں تک کہ اجازت لیتے تو اجازت دی جاتی ان کو

آپ ﷺ دیوار کے ساتھ چلتے حتی کی اجازت لے لیتے پھر یا تو آپ ﷺ کو اجازت دی جاتی

أَوْ یَنْصَرِفُ.

یا وہ پلٹ جاتے تھے

یا پھر آپ ﷺ پلٹ جاتے تھے۔(الصحیحة:3003)

دستک دینے کا طریقہ

(2525). عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ: کَانَ بَابُهُ یُقْرَعُ بِالْأَظَافِیْرِ.

2525۔(روایت ہے) انس بن مالکؓ سے تھا دروازہ ان کا کھٹکھٹایا جاتا ناخنوں سے

حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ کا دروازہ ناخنوں سے کھٹکھٹایا جاتا تھا۔(الصحیحة:2092)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اجازت سے پہلے کسی کے گھر میں جھانکنا منع ہے

(2526). عَنْ أَبِي ذَرٍّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ: "مَنْ
2526۔(روایت ہے) حضرت ابوذرؓ سے کہا: فرمایا رسول اللہ ﷺ نے جس نے
حضرت ابوذرؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "جس نے
كَشَفَ سِتْرًا فَأَدْخَلَ بَصَرَهُ فِي الْبَيْتِ قَبْلَ أَنْ يُؤْذَنَ
اُٹھایا پردہ پھر داخل کی نگاہ اپنی گھر میں پہلے اس سے کہ اجازت دی جائے
(کسی کے گھر کا) پردہ اٹھایا اور اجازت سے پہلے
لَهُ، فَرَأَى عَوْرَةَ أَهْلِهِ، فَقَدْ أَتَى حَدًّا لَا
اس کے لیے پس دیکھ لیا پردہ کی چیزوں کو گھر والوں کی پس تحقیق آیا حد کو نہیں
گھر میں دیکھنے لگا اور گھر والوں کی پردہ والی چیزوں کو دیکھ لیا تو اس نے ایسی حد کا ارتکاب کیا،
يَحِلُّ لَهُ أَنْ يَأْتِيَهُ لَوْ أَنَّهُ حِينَ أَدْخَلَ بَصَرَهُ
حلال تھی اس کے لیے یہ کہ آئے اس کے پاس اگر یقیناً اس کو جس وقت داخل کی نظر اپنی
جو اس کے لیے حلال نہیں تھی۔ اگر (اسی دوران) جبکہ وہ دیکھ رہا ہوتا ہے کوئی آدمی اس کے
اسْتَقْبَلَهُ رَجُلٌ فَفَقَأَ عَيْنَهُ مَا عَيَّرْتُ
سامنے آتا ہے اس کے آدمی پس پھوڑ دیتا ہے نگاہ اس کی نہیں میں عیب لگاؤں گا
سامنے آتا ہے اور اس کی آنکھ پھوڑ دیتا ہے تو میں اس پر کوئی عیب نہیں لگاؤں گا۔
عَلَيْهِ، وَإِنْ مَرَّ الرَّجُلُ عَلَى بَابٍ لَا سِتْرَ لَهُ
اس پر اور اگر گزرے آدمی اوپر دروازے کے نہیں پردہ ہوتا اس کے لیے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ہاں اگر کوئی شخص ایسے دروازے کے پاس سے گزرتا ہے جس پر نہ کوئی پردہ ہوتا ہے

غَيْرِ مُغْلَقٍ فَنظَرَ فَلا خَطِيْئَةَ عَلَيْهِ ، اِنَّمَا الْخَطِيْئَةُ

نہیں بند ہوتا پس دیکھے تو نہیں خطا اس پر بے شک خطا

اور نہ وہ بند ہوتا ہے تو ایسے گھر کے اندر دیکھنے میں دیکھنے والے پر کوئی گناہ نہیں ہوگا،

عَلٰى أَهْلِ الْبَيْتِ".

اوپر گھر والوں کے لیے

البتہ گھر والوں پر گناہ ہوگا"۔(الصحيحة:3463)

آپ ﷺ کے پیچھے فرشتوں کا چلنا

(2527). عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ: كَانَ اِذَا مَشٰى مَشٰى

2527۔(روایت ہے) حضرت جابر بن عبداللہؓ سے تھے جب چلتے چلتے

حضرت جابر بن عبداللہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ جب چلتے

أَصْحَابُهُ أَمَامَهُ ، وَتَرَكُوْا ظَهْرَهُ لِلْمَلَائِكَةِ .

آپ کے صحابہ آپ کے آگے اور چھوڑ دیتے آپ کی پشت کو فرشتوں کے لیے۔

تو آپ کے صحابہ آپ کے آگے چلتے، آپ کی پیٹھ کو فرشتوں کے چھوڑ دیتے۔(الصحيحة:2087)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

فاسق کے بیانات کی تحقیق کرنا

(2528). عَنِ	ابْنِ عَبَّاسٍ	قَالَ:	كَانَ بَعَثَ	
2528۔(روایت ہے)	حضرت ابن عباسؓ سے	کہتے ہیں:	بھیجا تھا	

حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں:

الْوَلِيدَ بْنَ عُقْبَةَ ابْنِ أَبِي مُعَيْطٍ	اِلٰى	بَنِي الْمُصْطَلِقِ	لِيَأْخُذَ	مِنْهُمْ
ولید بن عقبہ بن ابی معیط کو	طرف	بنی المطلق کے	تا کہ وہ لے لیں	ان سے

رسول اللہ ﷺ نے ولید بن عقبہ بن ابی معیط کو بنو مصطلق کی طرف صدقات کی وصولی کے لیے بھیجا۔

الصَّدَقَاتِ	وَأَنَّهُ	لَمَّا	أَتَاهُمُ	الْخَبَرُ	فَرِحُوا،	وَخَرَجُوا
صدقات	اور بے شک وہ	جب	آئے ان کے پاس	خبر	سب خوش ہوئے	اور نکلے

جب اُن لوگوں کو اِن کی آمد کی خبر ہوئی تو وہ بہت خوش ہوئے

لِيَتَلَقَّوْا	رَسُولَ	رَسُولِ اللّٰهِ	وَأَنَّهُ	لَمَّا	حُدِّثَ
تا کہ وہ استقبال کریں	پیامبر کا	اللہ کے رسول کے	اور یقیناً	جب	بتایا گیا

اور رسول اللہ ﷺ کے قاصد کے استقبال کے لیے باہر نکلے، لیکن جب ولید کو ان کے استقبال کے طور پر باہر نکلنے کا بتلایا گیا

الْوَلِيدُ	أَنَّهُمْ	خَرَجُوا	يَتَلَقَّوْنَهُ	رَجَعَ	اِلٰى رَسُولِ اللّٰهِ ﷺ
ولید کو	بے شک وہ	سب نکلے	استقبال کریں آپ کا	لوٹ آئے	طرف رسول اللہ کے ﷺ

تو وہ رسول اللہ ﷺ کے پاس واپس لوٹ آئے اور کہا:

فَقَالَ	يَارَسُولَ اللّٰهِ ﷺ!	اِنَّ	بَنِي الْمُصْطَلِقِ	قَدْ	مَنَعُوا	الصَّدَقَةَ
پس کہا	اے اللہ کے رسول ﷺ	یقیناً	بنی المصطلق نے	تحقیق	روک لیا	صدقہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اے اللہ کے رسول ﷺ! بنو مصطلق نے صدقہ روک لیا ہے۔
فَغَضِبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ مِنْ ذٰلِكَ غَضَباً شَدِيْداً فَبَيْنَمَا هُوَ
پس غصہ آیا رسول اللہ ﷺ کو اس سے غصہ شدید پس اسی اثنا میں وہ
رسول اللہ ﷺ کو اس پر بہت غصہ آیا، ابھی آپ ان کے خلاف جہاد کا سوچ ہی رہے تھے
يُحَدِّثُ نَفْسَهُ أَنْ يَّغْزُوَهُمْ اِذْ أَتَاهُ الْوَفْدُ،
باتیں کر رہے تھے اپنے آپ سے یہ کہ جہاد کریں ان سے تب آیا ان کے پاس وفد
کہ (بنو مصطلق) کا وفد آپ کے پاس پہنچ گیا اور انہوں نے کہا:
فَقَالُوْا: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ اِنَّا حُدِّثْنَا أَنَّ رَسُوْلَكَ
تو انہوں نے کہا اے اللہ کے رسول ﷺ بے شک ہمیں خبر ملی ہے یقیناً قاصد آپ کا
اے اللہ کے رسول ﷺ! ہمیں پتہ چلا ہے کہ آپ ﷺ کا قاصد نصف طریق سے واپس لوٹ آیا ہے
رَجَعَ مِنْ نِصْفِ الطَّرِيْقِ، وَاِنَّا خَشِيْنَا أَنْ يَّكُوْنَ اِنَّمَا
لوٹ آیا آدھے سے راستے سے اور یقیناً ہم ڈر گئے یہ کہ ہو بے شک
اور ہم ڈر گئے کہ کہیں ایسا نہ ہو کہ آپ ﷺ کو ہم پر غصہ آیا ہو،
رَدَّهُ كِتَابٌ جَاءَهُ مِنْكَ لِغَضَبٍ غَضِبْتَهُ
واپس بلا لیا ہوگا خط سے آیا ہے اس کے پاس تیری طرف سے غصے سے غصہ کیا آپ نے
جس کی وجہ سے آپ ﷺ نے قاصد کو رقعہ لکھ کر واپس بلا لیا ہو،
عَلَيْنَا، وَاِنَّا نَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ غَضَبِ اللّٰهِ وَغَضَبِ رَسُوْلِهِ
ہم پر اور یقیناً ہم ہم پناہ مانگتے ہیں اللہ کی اللہ کے غصے سے اور غصے سے اس کے رسول کے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ہم تو اللہ اور اس کے رسول ﷺ کے غصہ سے اللہ کی پناہ مانگتے ہیں۔
وَأَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ اسْتَعْتَبَهُمْ وَهَمَّ بِهِمْ فَأَنْزَلَ
اور بے شک رسول اللہ راضی کر لیا اُن کو حالانکہ ارادہ کیا تھا (جنگ کا) ان سے تو نازل کیا
رسول اللہ ﷺ نے اُن کو راضی کیا حالانکہ آپ ﷺ (ان کے خلاف جنگ کرنے کا) ارادہ کر چکے تھے۔
اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ عُذْرَهُمْ فِي الْكِتَابِ "يَآَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْآ
اللہ عزوجل نے عذران کا کتاب میں "اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو
اللہ تعالیٰ نے (اپنی) کتاب میں اُن کا عذر نازل فرمایا۔
اِنْ جَآءَكُمْ فَاسِقٌ بِنَبَاٍ فَتَبَيَّنُوْا اَنْ تُصِيْبُوْا
اگر لے کے آئے تمہارے پاس کوئی فاسق کوئی خبر تو تحقیق کر لیا کرو یہ کہ نہ تم پہنچادو
"اے ایمان والو!! اگر کوئی فاسق تمہیں کوئی خبر دے تو تم اُس کی اچھی طرح تحقیق کر لیا کرو
قَوْماً بِجَهَالَةٍ فَتُصْبِحُوْا عَلٰى مَا فَعَلْتُمْ نٰدِمِيْنَ". (الحجرات:6)
کسی گروہ کو لاعلمی سے پھر اٹھانا پڑے اوپر اُس کے جو تم نے کیا ندامت۔
کہیں ایسا نہ ہو کہ نادانی میں کسی قوم کو نقصان پہنچادو پھر اپنے کئے پر پریشان ہونا پڑے"۔ (الصحيحة:3088)

رسول اللہ ﷺ کا صحابہ کی معاونت کرنا

(2529). عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ
2529۔ (روایت ہے) انس بن مالک ؓ انہوں نے کہا: تھے رسول اللہ ﷺ
حضرت انس بن مالک ؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ رحم کرنے والے تھے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

رَحِیماً، کَانَ لَایَأتِیهِ أحَدٌ اِلَّا وَعَدَهُ ، وَأنْجَزَ
رحم کرنے والے نہیں آتا تھا ان کے پاس کوئی ایک مگر وعدہ کر لیتے اس سے اور پورا کر دیتے
جو کوئی بھی آپ کے پاس آتا آپ اُس سے وعدہ کر لیتے تھے
لَهُ اِنْ کَانَ عِندَهُ ، وَجَاءَ أعْرَابِیٌّ فَأَخَذَ بِثَوْبِهِ ،
اس کے لیے اگر ہوتا آپ کے پاس اور آیا ایک بدو پس پکڑ لیا کپڑا آپ کا
اور اگر آپ کے پاس کوئی چیز ہوتی تو فوراً پورا کر دیتے تھے۔(ایک دفعہ) ایک بدو آپ کے پاس آیا آپ کا کپڑا پکڑ لیا
فَقَالَ: اِنَّمَا بَقِیَ مِنْ حَاجَتِی یَسِیرَةٌ ، وَأخَافُ
تو کہا: بے شک باقی ہے میری ضرورت سے کچھ تھوڑا سا اور میں ڈرتا ہوں
اور کہا: میری تھوڑی سی ضرورت باقی ہے اور مجھے اندیشہ ہے
أنْسَاهَا ، فَقَامَ مَعَهُ حَتّٰی فَرَغَ
میں بھول جاؤں اس کو تو کھڑے ہوئے اس کے ساتھ یہاں تک کہ فارغ ہوئے
کہ کہیں بھول نہ جاؤں۔سو آپ اُس کے ساتھ چلے حتیٰ کہ اُس کی ضرورت سے فارغ ہوئے
مِنْ حَاجَتِهِ ، ثُمَّ أقْبَلَ فَصَلّٰی .
اس کی ضرورت سے پھر تشریف لائے پھر نماز پڑھی
پھر تشریف لائے اور نماز پڑھی۔ (الصحیحة:2094)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

رسول اللہ ﷺ کی شفاعت کیسے ممکن ہے؟

(2530).	عَنْ	خَادِمٍ	لِلنَّبِیِّ ﷺ	رَجُلٍ	أَوِ	امْرَأَةٍ	قَالَ :
2530۔روایت ہے	خادم سے	نبی ﷺ کے	ایک مرد	یا	ایک عورت سے	اس نے کہا	

نبی کریم ﷺ کے خادم یا خادمہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں:

كَانَ	مِمَّا	يَقُوْلُ	لِلْخَادِمِ:	"أَلَكَ	حَاجَةٌ ؟"	قَالَ:
تھے	اس میں سے جو	وہ کہتے	خادم سے:	"کیا تیرے لیے	کوئی ضرورت ہے"	کہا اُس نے

آپ ﷺ خادم کو جو کچھ کہا کرتے تھے، اس میں سے ایک بات یہ تھی: (آپ ﷺ پوچھتے): "کیا تیری کوئی ضرورت ہے؟"

حَتّٰى	كَانَ	ذَاتَ يَوْمٍ	فَقَالَ:	يَارَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ !	حَاجَتِي	قَالَ:
یہاں تک کہ	تھا	ایک دن	تو کہا:	اے اللہ کے رسول ﷺ !	میری ضرورت	فرمایا

بالآخر ایک دن خادم نے کہا: اے اللہ کے رسول ﷺ ! میری ایک حاجت ہے۔

"وَمَا	حَاجَتُكَ ؟"	قَالَ:	حَاجَتِي	أَنْ	تَشْفَعَ
"اور کیا ہے	تیری ضرورت؟"	اس نے کہا:	میری ضرورت ہے	یہ کہ	آپ سفارش کریں

آپ ﷺ نے پوچھا: "تیری کیا حاجت ہے؟" اس نے کہا: میری حاجت یہ ہے کہ آپ ﷺ روز قیامت میری شفاعت

لِي	يَوْمَ الْقِيَامَةِ ،	قَالَ:	"وَمَنْ	دَلَّكَ	عَلٰى	هٰذَا ؟"
میرے لیے	دن قیامت کے	فرمایا	اور کس نے	راہ نمائی کی تیری	اوپر	اس کے

فرمائیں۔آپ ﷺ نے فرمایا: "اس (مطالبے پر) تیری رہنمائی کس نے کی؟" اُس نے کہا:

قَالَ:	رَبِّي	قَالَ:"	أَمَّا لَا ،	فَأَعِنِّي	بِكَثْرَةِ	السُّجُوْدِ.
اُس نے کہا	میرے رب نے	فرمایا:	کیوں نہیں	پس مدد کرو میری	کثرت سے	سجدوں کی۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

(2533).	عَنْ	خَادِمٍ	لِلنَّبِيِّ ﷺ	رَجُلٍ	أَوِ	امْرَأَةٍ قَالَ :
2533۔روایت ہے	خادم سے	نبی ﷺ کے	ایک مرد	یا	ایک عورت سے	اس نے کہا

دربارِ نبوی ﷺ میں لوگوں کا احترام

(2531).	عَنِ	ابْنِ عَبَّاسٍ :	كَانَ	لَايُدْفَعُ	عَنْهُ
2531۔(روایت ہے)	ابن عباسؓ سے	نہیں	دھکیلا جاتا تھا	آپ ﷺ سے	

ابن عباسؓ بیان کرتے ہیں آپ ﷺ سے لوگوں کو دھکیلا جاتا تھا

النَّاسُ ،	وَلَا	يُضْرَبُوْا	عَنْهُ .
لوگوں کو	اور نہ	مارا جاتا تھا	ان کو۔

اور نہ مارا جاتا تھا۔(الصحیحۃ:2107)

آپ ﷺ کا ضعیف صحابہ کا خیال رکھنا

(2532).	عَنْ	جَابِرِ بْنِ عَبْدِاللهِ:	كَانَ ﷺ	يَتَخَلَّفُ	الْمَسِيْرَةِ
2532۔(روایت ہے)	حضرت جابر بن عبداللہؓ سے:	تھے ﷺ	پیچھے رہتے	چلنے میں	

حضرت جابر بن عبداللہؓ سے مروی ہے آپ ﷺ چلنے میں پیچھے رہتے،

فَيُزْجِي	الضَّعِيفَ ،	وَيُرْدِفُ	وَيَدْعُو	لَهُمْ.
پس لے کے چلتے	ضعیف کو	اور پیچھے بٹھاتے	اور دعا کرتے	اُن کے لیے

کمزور کو چلاتے اور اپنے پیچھے بٹھاتے تھے اور صحابہ کے لیے دعا کرتے تھے۔(الصحیحۃ:2120)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

میرے پرودگار نے آپ ﷺ نے فرمایا: کیوں نہیں! تو پھر تو سجدوں کی کثرت سے میری مدد کر۔" (الصحیحة:2102)
نبی کریم ﷺ کے خادم یا خادمہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں:
كَانَ مِمَّا يَقُوْلُ لِلْخَادِمِ: "أَلَکَ حَاجَةٌ ؟" قَالَ:
تھے اس میں سے جو وہ کہتے خادم سے: "کیا تیرے لیے کوئی ضرورت ہے" کہا اُس نے
آپ ﷺ خادم کو جو کچھ کہا کرتے تھے، اس میں سے ایک بات یہ تھی: (آپ ﷺ پوچھتے): "کیا تیری کوئی ضرورت ہے؟"
حَتّٰى كَانَ ذَاتَ يَوْمٍ فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللهِ ﷺ! حَاجَتِي قَالَ:
یہاں تک کہ تھا ایک دن تو کہا: اے اللہ کے رسول ﷺ! میری ضرورت فرمایا
بالآخر ایک دن خادم نے کہا: اے اللہ کے رسول ﷺ! میری ایک حاجت ہے۔
"وَمَا حَاجَتُکَ ؟" قَالَ: حَاجَتِي أَنْ تَشْفَعَ
"اور کیا ہے تیری ضرورت؟" اس نے کہا: میری ضرورت ہے یہ کہ آپ سفارش کریں
آپ ﷺ نے پوچھا: "تیری کیا حاجت ہے؟" اس نے کہا: میری حاجت یہ ہے کہ آپ ﷺ روز قیامت میری شفاعت
لِي يَوْمَ الْقِيَامَةِ ، قَالَ: "وَمَنْ دَلَّکَ عَلٰى هٰذَا ؟"
میرے لیے دن قیامت کے فرمایا اور کس نے راہ نمائی کی تیری اوپر اس کے
فرمائیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: "اس (مطالبے پر) تیری رہنمائی کس نے کی؟" اُس نے کہا:
قَالَ: رَبِّي قَالَ:" أَمَالَا ، فَأَعِنِّي بِكَثْرَةِ السُّجُوْدِ.
اُس نے کہا میرے رب نے فرمایا: کیوں نہیں پس مدد کرو میری کثرت سے سجدوں کی۔
میرے پرودگار نے آپ ﷺ نے فرمایا: کیوں نہیں! تو پھر تو سجدوں کی کثرت سے میری مدد کر۔" (الصحیحة:2102)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

رسول اللہ ﷺ کا اپنی ضروریات خود پوری کرنا

(2534). عَنْ ابْنِ عَبَّاسٍ: كَانَ ﷺ يَجْلِسُ عَلَى الأَرْضِ

2534۔(روایت ہے) ابن عباسؓ سے تھے رسول اللہ ﷺ بیٹھ جاتے زمین پر

حضرت عبداللہ بن عباس ﷺ سے مروی ہے رسول اللہ ﷺ زمین پر بیٹھ جایا کرتے تھے،

وَيَأْكُلُ عَلَى الأَرْضِ، وَيَعْتَقِلُ الشَّاةَ،

اور کھاتے تھے اوپر زمین کے اور وہ باندھ(کر دوہتے تھے) بکریوں کو

زمین پر بیٹھ کر ہی کھاتے تھے بکری کا دودھ دوہ لیتے تھے،

وَيُجِيبُ دَعْوَةَ الْمَمْلُوكِ عَلَى خُبْزِ الشَّعِيرِ.

اور قبول کرتے دعوت غلام کی اوپر روٹی کے جو کی۔

اور جو کی روٹی کی دعوت دینے والے غلام کی دعوت قبول کر لیتے تھے۔(الصحیحۃ:2125)

(2535). عَنْ أَبِي أَيُّوبَ: كَانَ ﷺ يَرْكَبُ الْحِمَارَ

2535۔(روایت ہے) حضرت ابوایوبؓ تھے نبی ﷺ سوار ہوتے گدھے پر

حضرت ابوایوبؓ بیان کرتے ہیں: آپ ﷺ گدھے پر سوار تھے،

وَيَخْصِفُ النَّعْلَ وَيَرْقَعُ الْقَمِيصَ وَيَقُولُ: "مَنْ رَغِبَ

اور سلائی کرتے جوتے کی اور پیوند لگاتے قمیض کو اور کہتے: جس نے اعراض کیا

جوتا سلائی کرتے تھے اور قمیض کو خود ہی پیوند لگا لیا کرتے تھے اور فرماتے تھے:

عَنْ سُنَّتِي فَلَيْسَ مِنِّي".

میری سنت سے تو نہیں ہے مجھ سے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

"جس نے میری سنت سے اعراض کیا وہ مجھ سے نہیں"۔(الصحیحة:2130)

رسول اللہ ﷺ کا خندق کھودنے میں شریک ہونا

(2536). عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ ، قَالَ : كَانَ يَوْمَ الْأَحْزَاب

2536۔(روایت ہے) براء بن عازب ؓ سے انہوں نے کہا دن یوم الاحزاب کا

حضرت براء بن عازب ؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں: رسول اللہ ﷺ غزوہ احزاب

(وَفِي رِوَايَةٍ : يَوْمَ الْخَنْدَقِ) يَنْقُلُ التُّرَابَ ، وَلَقَدْ وَارَى

اور ایک روایت میں ہے دن خندق کا وہ اُٹھا رہے تھے مٹی اور البتہ تحقیق چھپا دیا

اور ایک روایت کے مطابق غزوہ خندق والے دن ہمارے ساتھ مٹی اٹھا رہے تھے

التُّرَابُ بَيَاضَ بَطْنِهِ (وَفِي رِوَايَةٍ : شَعْرَ صَدْرِهِ)

مٹی نے سفیدی کو آپ کے پیٹ کی اور ایک روایت میں ہے: بالوں کو آپ کے سینے کے

مٹی نے آپ ﷺ کے پیٹ مبارک کی سفیدی کو (اور ایک روایت کے مطابق سینہ مبارک کے بالوں کو) چھپا دیا تھا

وَكَانَ رَجُلًا كَثِيرَ الشَّعْرِ وَهُوَ يَرْتَجِزُ بِرِجْزِ

اور تھے آدمی بہت زیادہ بالوں والے اور وہ رجز یہ شعر پڑھ رہے رجز

آپ ﷺ بہت زیادہ بالوں والے تھے اور اس وقت آپ ﷺ حضرت حضرت عبداللہ بن رواحہ کے (درج ذیل)

عَبْدِ اللهِ بْنِ رَوَاحَةَ وَهُوَ:

عبداللہ ابن رواحہ کی اور وہ:

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

رجز یہ اشعار پڑھ رہے تھے:
وَاللّٰهِ لَوْ لَا أَنْتَ مَا اهْتَدَيْنَا
اللہ کی قسم اگر نہ ہوتے آپ نہ ہدایت ملتی ہمیں
اللہ کی قسم! اگر نہ ہوتے آپ ﷺ تو ہمیں ہدایت نہ ملتی
وَلَا تَصَدَّقْنَا وَلَا صَلَّيْنَا
اور نہ ہم صدقہ کرتے اور نہ ہم نماز پڑھتے
نہ ہم صدقہ کرتے اور نہ ہی نماز پڑھتے
فَأَنْزِلَنَا سَكِينَةً ، عَلَيْنَا
پس نازل کر ہم سکینت اوپر ہمارے
(اے اللہ!) ہم پر سکینت نازل فرما
وَثَبِّتِ الْأَقْدَامَ إِنْ لَاقَيْنَا
اور ثابت رکھ قدموں کو اگر ہماری مڈبھیڑ ہو
اور اگر (دشمن سے) مڈبھیڑ ہو جائے تو ہمیں ثابت قدم رکھنا
إِنَّ الْأُلَى قَدْ أَبَوْا عَلَيْنَا
بے شک ظالموں نے تحقیق زیادتی کی ہے ہم پر
بیشک ظالموں نے ہم پر زیادتی کی ہے
إِذَا أَرَادُوا فِتْنَةً أَبَيْنَا أَبَيْنَا
جب ارادہ کریں فتنے کا انکار کردیں گے ہم انکار کردیں گے ہم

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

جب وہ (ہمارے دین میں) فتنہ ڈالنا چاہیں گے تو ہم انکار کردیں گے"۔

وَيَرْفَعُ	بِهَا	صَوْتَهُ.	(وَفِي رِوَايَةٍ :	"بَغَوْا"	مَكَانَ	أَبَوْا".)
اور بلند کرے	اس کے ساتھ	آواز اپنی	اور ایک روایت میں ہے	بَغَوْا ہے	جگہ	أَبَوْا کی

یہ جملہ کہتے وقت آپ ﷺ اپنی آواز بلند کرتے تھے۔ ایک روایت میں ابوا کی جگہ بغوا ہے، (الصحیحة:3242)

ابتدائے رات کو بچوں کی حفاظت کرنا

(2537). عَنْ	جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ ،	قَالَ:	قَالَ	رَسُوْلُ اللهِ ﷺ:	
2537۔(روایت ہے)	حضرت جابر بن عبداللہؓ سے	فرمایا	فرمایا	رسول اللہ ﷺ نے	

حضرت جابر بن عبداللہؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:"

"كُفُّوْا	صِبْيَانَكُمْ	عِنْدَ	فَحْمَةِ	الْعِشَاءِ	وَإِيَّاكُمْ
روکے رکھو	اپنے بچوں کو	نزدیک	تاریکی کے ابتدا کی	رات کی	اور بچو تم

رات کی ابتدائی تاریکی کے وقت اپنے بچوں کو (گھروں میں) روکے رکھو

وَالسَّمْرَ	بَعْدَ	هَدْأَةِ	الرِّجْلِ	فَإِنَّكُمْ	لَا	تَدْرُوْنَ	مَا
رات کو گفتگو سے	بعد	سونے کے	لوگوں کے	پس یقیناً تم	نہیں	تم جانتے	کیا

اور رات کو لوگوں کے سو چکنے کے بعد گفتگو سے بچو، کیونکہ تم نہیں جانتے

يَبُثُّ	اللهُ	مِنْ خَلْقِهِ	فَأَغْلِقُوْا	الْأَبْوَابَ	وَأَطْفِئُوا
پھیلا دیتا ہے	اللہ	اپنی مخلوق میں سے	پس بند کردیا کرو	دروازے	اور بجھا دیا کرو

کہ اللہ تعالیٰ اپنی کون سی مخلوق کو (زمین پر) پھیلا دیتا ہے۔ (رات کو) دروازے بند کردیا کرو

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

الْمِصْبَاحَ	وأَكْفِئُوا	الآنِاءَ	وَأَوْكُوا	السِّقَاءَ".
چراغ	اور اُلٹے کردیا کرو	برتن	اور بند کردو	منہ مشکیزے کا۔

چراغ بجھادیا کرواور برتن الٹے کردیا کرواور مشکیزے کا منہ بند کردیا کرو"۔(الصحیحة:3454)

نبی کریم ﷺ کا حسن وحسین رضی اللہ عنہ کا خیال رکھنا

(2538). عَنْ	اَبِی هُرَيْرَةَ	قَالَ :	كُنَّا	نُصَلِّي	مَعَ
2538۔(روایت ہے)	ابوہریرہؓ سے	انہوں نے کہا	تھے ہم	نماز پڑھتے	ساتھ

حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں: ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ عشاادا کررہے تھے

رَسُولِ اللهِ ﷺ	الْعِشَاءَ،	فَإِذَا	سَجَدَ	وَثَبَ	الْحَسَنُ	وَالْحَسَيْنُ
رسول اللہ ﷺ کے	عشاء کی	تو جب	سجدہ کرتے	چڑھ گئے	حسن	اور حسین

اچانک حضرت حسن اور حضرت حسین رضی اللہ عنہم آپ کی پشت پر چڑھ گئے۔

عَلٰى	ظَهْرِهٖ،	وَإِذَا	رَفَعَ	رَأْسَهُ	أَخَذَهُمَا	بِيَدِهٖ
اوپر	آپ کی پشت کے	اور جب	اُٹھالیتے	سراپنا	پکڑتے ان دونوں کو	اپنے ہاتھ

جب آپ ﷺ سرمبارک اٹھاتے تو

مِنْ خَلْفِهٖ	أَخْذًا	رَفِيقًا	فَوَضَعَهُمَا	وَضْعًا	رَفِيقًا
اپنے پیچھے سے	رکھ دیتے	نرمی سے	پھر رکھ دیتے ان دونوں کو	رکھنا	نرمی سے

ان کو پیچھے سے نرمی سے پکڑ لیتے اور بڑی ہی شفقت سے ان کو زمین پر رکھ دیتے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

فَإِذَا	عَادَ	عَادَا	فَلَمَّا	صَلَّى	وَضَعَهُمَا		
پھر جب	دوبارہ کرتے	دونوں دوبارہ کرتے	پس جب	نماز پڑھتے	رکھ لیتے ان دونوں کو		

پھر جب آپ ﷺ سجدہ کرتے تو پھر چڑھ جاتے۔ جب آپ ﷺ نماز پڑھ لیتے تو

عَلٰى	فَخِذَيْهِ	وَاحِدًا	هٰهُنَا	وَوَاحِدًا	هٰهُنَا ،	قَالَ	أَبُوْهُرَيْرَةَ
اوپر	اپنی ران کے	ایک کو	یہاں	اور ایک کو	وہاں	کہا	ابوہریرہؓ نے

ان کو اپنی ران پر بیٹھا لیتے، یعنی ایک کو (ایک ران پر) اور دوسرے کو (دوسری ران پر)۔ حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں:

فَجِئْتُهُ،	فَقُلْتُ :	يَارَسُوْلَ اللهِ ﷺ	أَلَا أَذْهَبُ
پس میں آیا آپ کے پاس	تو میں نے کہا	اے اللہ کے رسول ﷺ	کیا نہ میں لے جاؤں

میں آپ ﷺ کے پاس آیا اور کہا: اے اللہ کے رسول ﷺ! میں ان دونوں کو ان کی ماں کے پاس نہ لے جاؤں؟

بِهِمَا	اِلٰى	أُمِّهِمَا ؟	قَالَ: "لَا"	فَبَرَقَتْ	بَرْقَةٌ	فَقَالَ:
ان دونوں کو	طرف	ان دونوں کی ماں کے	فرمایا نہیں	تو بجلی چمکی	بجلی	تو کہا

آپ ﷺ نے فرمایا: "نہیں" اتنے میں جب بجلی چمکنے لگی تو آپ ﷺ نے فرمایا:

أَلْحِقَا	بِأُمِّكُمَا	فَمَازَالَا يَمْشِيَانِ	فِي ضَوْئِهَا	حَتّٰى
جاملو	تم دونوں اپنی ماں سے	تو دونوں چلتے رہے	اس کی روشنی میں	یہاں تک کہ

تم دونوں اپنی ماں کے پاس چلے جاؤ" پھر وہ بجلی کی روشنی میں چلتے رہے

دَخَلَا	اِلٰى	أُمِّهِمَا.
چلے گئے	طرف	اپنی ماں کے۔

یہاں تک کہ اپنی ماں کے پاس چلے گے۔(الصحيحة:3325)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

افضل لوگوں کی صفات
(2539). عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ: قِيلَ يَارَسُولَ اللّٰهِ
2539۔(روایت ہے) عبداللہ بن عمروؓ سے انہوں نے کہا: کہا گیا رسول اللہ سے
عبداللہ بن عمرو سے روایت ہے آپ ﷺ سے کہا گیا:
ﷺ أَيُّ النَّاسِ أَفْضَلُ ؟ قَالَ: ”كُلُّ مَخْمُومِ الْقَلْبِ،
ﷺ کون لوگوں میں سے افضل ہے؟ فرمایا: ہر صاف دل
کونسا سا آدمی افضل ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: صاف دل (جو حسد اور کبر اور بغض اور خیانت سے خالی ہو) زبان کا سچا
صَدُوقِ اللِّسَانِ“ قَالُوا: صَدُوقُ اللِّسَانِ نَعْرِفُهُ فَمَا
سچا زبان کا انہوں نے کہا: سچا زبان کا ہم پہچانتے ہیں پس کیا ہے اس کو
لوگوں نے کہا کہ زبان کے سچے کو تو ہم پہچانتے ہیں لیکن صاف دل کون ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا:
مَخْمُومُ الْقَلْبِ؟ قَالَ: ”هُوَ التَّقِيُّ النَّقِيُّ لَا إِثْمَ فِيهِ وَلَا بَغْيَ
صاف دل القلب؟ فرمایا: وہ متقی پاک صاف نہیں گناہ اس میں اور نہ بغاوت
پرہیز گار پاک صاف جس کے دل میں نہ گناہ ہو نہ بغاوت
وَلَا غِلَّ، وَلَا حَسَدَ“.
اور نہ بغض اور نہ حسد
نہ بغض نہ حسد۔“ (الصحيحة:948)

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com

پڑوسیوں کے حقوق

2540). عَنْ	أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ	مَرْفُوْعًا :	" لَيْسَ	بِمُؤْمِنٍ
2540۔(روایت ہے)	انس بن مالک ؓ سے	مرفوع :	نہیں	مومن

حضرت انس بن مالک ؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ”وہ شخص مومن نہیں،

لَا يَأْمَنُ	جَارُهُ	غَوَائِلَهُ ".
نہیں ہے امن میں	پڑوسی اس کا	اس کے شر سے۔

جس کی شرارتوں سے اس کا پڑوسی امن میں نہیں ہے“۔ (الصحیحۃ:2181)

2541). عَنْ	أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ	قَالَ:	قَالَ	رَسُوْلُ اللهِ ﷺ :
2541۔(روایت ہے)	حضرت انس بن مالک ؓ سے	کہا:	فرمایا	رسول اللہ ﷺ نے:

حضرت انس بن مالک ؓ سے مروی ہے کہ وہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

"لَا يَسْتَقِيْمُ	اِيْمَانُ	عَبْدٍ	حَتّٰى	يَسْتَقِيْمَ	قَلْبُهُ ،
نہیں درست ہوسکتا	ایمان	کسی بندے کا	یہاں تک کہ	درست ہو	دل اس کا

”کسی آدمی کا ایمان اس وقت تک درست نہیں ہوسکتا جب تک اُس کا دل درست نہیں ہوتا

وَلَا	يَسْتَقِيْمُ	قَلْبُهُ	حَتّٰى	يَسْتَقِيْمَ	لِسَانُهُ	وَلَا يَدْخُلُ
اورنہیں	درست ہوگا	دل اس کا	یہاں تک کہ	درست ہو	زبان اس کی	اورنہیں داخل ہوگا

اور کسی کا دل اس وقت تک صحیح نہیں ہوسکتا جب تک اس کی زبان راہ راست پر نہیں آجاتی اور ایسا شخص تو جنت میں داخل

رَجُلٌ	الْجَنَّةَ	لَا	يَأْمَنُ	جَارُهُ	بَوَائِقَهُ ".
کوئی آدمی	جنت میں	نہیں	امن میں ہوگا	پڑوسی اس کا	اس کے شر سے۔

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com

نہیں ہوگا جس کے شرور سے اُس کا ہمسایہ امن میں نہیں ہوتا“۔(الصحیحۃ:2841)
(2542). عَنْ ابْنِ عُمَرَ مَرْفُوْعًا: ”كَمْ مِنْ جَارٍ مُتَعَلِّقٌ
2542۔(روایت ہے) عبداللہ بن عمرؓ سے مرفوع : کتنے ہی پڑوسی ہیں لٹکے ہوئے ہیں
حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے روایت ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:” کتنے ہی پڑوسی (ایسے ہوں گے جو)
بِجَارِهِ يَقُوْلُ: يَارَبِّ! سَلْ هٰذَا
اپنے پڑوسی (کے حقوق کے بارے میں) وہ کہے گا اے میرے رب سوال کریں اس سے
اپنے پڑوسی (کے حقوق کے سلسلے میں) لٹکے ہوئے ہوں گے۔پڑوسی کہے گا:اے میرے رب!اس سے سوال کرو
لِمَ أَغْلَقَ عَنِّي بَابَهُ وَمَنَعَنِي فَضْلَهُ“.
کیوں بند کیا تھا مجھ سے اپنا دروازہ اور روک لیا مجھ سے بچا ہوا (مال) اپنا
کہ اس نے اپنا دروازہ مجھ سے کیوں بند کر دیا تھا اور بچا ہوا مال مجھ سے کیوں روک لیا تھا“۔(الصحیحۃ:2646)
(2543). عَنْ ابْنِ عَبَّاسٍ مَرْفُوْعاً: ”مَنْ بَنٰى بِنَاءً
2543۔(روایت ہے) ابن عباسؓ سے مرفوع : جو تعمیر کرے عمارت
حضرت عبداللہ ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا:”جو آدمی کوئی عمارت تعمیر کرے
فَلْيَدْ عَمْهُ حَائِطَ جَارِهِ وَفِي لَفْظٍ مَنْ سَأَلَهُ
تو وہ تعمیر کرے اس کو دیوار پر اپنے ہمسائے کی اور لفظ ہیں جو سوال کرے اس سے
تو وہ اپنے پڑوسی (کے گھر) کی دیوار پر تعمیر کر لے“اور ایک روایت کے لفظ یہ ہیں:جو آدمی اپنے پڑوسی سے یہ مطالبہ کرے

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com

جَارُهُ	أَنْ	يَّدْعَمَ	عَلٰی	حَائِطِهٖ	فَلْيَدَعْهُ.
ہمسایہ اس کا	یہ کہ	وہ تعمیر کرے گا	اوپر	اس کی دیوار کے	تو چاہیے کہ کرنے دے اس کا۔

کہ وہ اس کی دیوار پر (اپنی عمارت کو) سہارا دینا چاہتا ہے تو وہ اس کو (یہ کام) کرنے دے"۔(الصحیحة:2947)

کسی پر لعنت کرنا کبیرہ گناہ ہے

(2544). عَنْ	سَلَمَةَ بْنِ الْاَکْوَعِ	قَالَ :	کُنَّا	اِذَا	
2544۔(روایت ہے)	سلمہ بن اکوع سے	انہوں نے کہا:	تھے ہم	جب	

حضرت سلمہ بن اکوع سے مروی ہے وہ کہتے ہیں: جب ہم کسی آدمی کو دیکھتے

رَأَيْنَا	الرَّجُلَ	يَلْعَنُ	أَخَاهُ	رَأَيْنَاهُ	أَنْ	قَدْ
دیکھتے ہم	کسی آدمی کو	وہ لعنت کرتا ہے	بھائی اس کا	ہمارا خیال ہوتا	یہ کہ	تحقیق

کہ وہ اپنے بھائی پر لعنت کررہا ہے ہوتو ہمارا خیال ہوتا تھا

أَتٰی	بَابًا	مِنَ الْكَبَائِرِ.
آیا وہ	دروازے پر	کبیرہ گناہوں کے۔

کہ اس نے کبیرہ گناہوں میں سے ایک گناہ کا ارتکاب کیا ہے۔(الصحیحة:2649)

اللہ تعالی کے ہاں ملعون لوگ

(2545). عَنْ	ابْنِ عَبَّاسٍ :	أَنَّ	رَسُوْلَ اللهِ ﷺ	قَالَ:
2545۔(روایت ہے)	عبداللہ بن عباس ؓ سے:	یقیناً	رسول اللہ ﷺ نے	فرمایا:

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

حضرت عبداللہ بن عباسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

"لَعَنَ اللّٰهُ مَنْ ذَبَحَ لِغَيْرِ اللّٰهِ، لَعَنَ اللّٰهُ مَنْ غَيَّرَ تُخُوْمَ

لعنت کی اللہ نے جو ذبح کرے غیراللہ کے لیے لعنت کرے اللہ جو بدل دے نشانات

اللہ ایسے شخص پر لعنت کرے جس نے غیراللہ کے لیے ذبح کیا، اللہ ایسے شخص پر لعنت کرے جس نے زمین کے نشانات بدلے،

الْأَرْضِ، لَعَنَ اللّٰهُ مَنْ كَمِهَ الْأَعْمٰى عَنِ السَّبِيْلِ، لَعَنَ اللّٰهُ

زمین کے لعنت کی اللہ نے جس نے بھٹکا دیا اندھے کو راستے سے لعنت کرے اللہ

اللہ ایسے شخص پر لعنت کرے جس نے اندھے کو راستے سے بھٹکا دیا،

مَنْ سَبَّ (وَفِيْ رِوَايَةٍ: عَقَّ) وَالِدَيْهِ، لَعَنَ اللّٰهُ

جو گالی دے اور ایک روایت میں ہے نافرمانی کی اپنے والدین کی لعنت کرے اللہ

اللہ ایسے شخص پر لعنت کرے جس نے اپنے والدین کی نافرمانی کی یا ان کو گالی دی، اللہ ایسے غلام پر لعنت کرے

مَنْ تَوَلّٰى غَيْرَ مَوَالِيْهِ لَعَنَ اللّٰهُ مَنْ وَقَعَ

جس نے مالک بنایا سوائے اپنے مالک کے لعنت کرے اللہ جس نے بدفعلی کی

جس نے اپنے آقا کے علاوہ کسی دوسرے کو اپنا مالک بنایا، اللہ ایسے شخص پر لعنت کرے جس نے چوپائے بدفعلی کی،

عَلٰى بَهِيْمَةٍ لَعَنَ اللّٰهُ مَنْ عَمِلَ عَمَلَ قَوْمِ لُوْطٍ لَعَنَ اللّٰهُ

چوپائے سے لعنت کرے اللہ جس نے عمل کیا عمل قوم لوط لعنت کرے اللہ

اللہ ایسے شخص پر لعنت کرے جس نے قوم لوط والا عمل کیا، اللہ ایسے شخص پر لعنت کرے جس نے قوم لوط والا عمل کیا،

مَنْ عَمِلَ عَمَلَ قَوْمِ لُوْطٍ، لَعَنَ اللّٰهُ مَنْ عَمِلَ عَمَلَ قَوْمِ لُوْطٍ.

جس نے عمل کیا عمل قوم لوط لعنت کرے اللہ جس نے عمل کیا عمل قوم لوط۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اللہ ایسے شخص پر لعنت کرے جس نے قوم لوط والا عمل کیا۔" (الصحيحة:3462)
انصار کی میزبانی کا اعلیٰ انداز
2546). عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ : اَنَّ رَجُلًا اَتَى النَّبِيَّ ﷺ فَقَالَ:
2546۔(روایت ہے) ابو ہریرہؓ سے یقیناً ایک آدمی آیا نبی ﷺ کے پاس پس کہا:
حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ ایک آدمی نبی کریم ﷺ کے پاس آیا اور کہا
أَصَابَنِيَ الْجُهْدُ وَفِيْ رِوَايَةٍ: اِنِّيْ مَجْهُوْدٌ) فَبَعَثَ
پہنچی مجھے غربت اور ایک روایت میں ہے بے شک میں مفلس ہوں تو بھیجا
میں غربت (افلاس) میں مبتلا ہو گیا ہوں (اور ایک روایت میں ہے کہ اس نے کہا: میں مفلس ہوں)
اِلٰى نِسَآئِهٖ فَقُلْنَ : وَالَّذِيْ بَعَثَكَ
طرف اپنی بیویوں کے تو انہوں نے کہا قسم ہے اس ذات کی جس نے بھیجا آپ کو
آپ ﷺ نے اپنی بیویوں کی طرف پیغام بھیجا انہوں نے جواب دیا: اُس ذات کی قسم جس نے آپ کو حق کے ساتھ مبعوث کیا؟
بِالْحَقِّ! مَا مَعَنَا اِلَّا الْمَآءُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ :
حق کے ساتھ نہیں ہمارے پاس سوائے پانی کے تو فرمایا رسول اللہ ﷺ نے
ہمارے ہاں پانی کے علاوہ کچھ نہیں۔ پھر آپ ﷺ نے فرمایا
"مَنْ يَّضُمُّ اَوْيُضِيْفُ هٰذَا يَرْحَمُهُ اللّٰهُ ؟ فَقَالَ
کون ہے جو اپنے ساتھ کھلائے گا یا میزبانی کرے گا اس کی رحم کرے گا اس پر اللہ تو کہا
:"جو شخص اس کی میزبانی کرے گا، اللہ تعالیٰ اُس پر رحم کرے گا"۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

رَجُلٌ مِّنَ الْاَنْصَارِ : يُقَالُ لَهٗ: أَبُوْطَلْحَةَ اَنَا فَانْطَلَقَ
ایک آدمی نے انصار میں سے کہا جاتا تھا اس کے لیے ابوطلحہ میں تو لے چلے
ایک انصاری صحابی جو کو ابوطلحہ کہا جاتا تھا اس نے کہا میں کروں گا۔ وہ اس مہمان کو لے کر اپنی بیوی کے پاس پہنچے اور کہا:
بِهٖ اِلٰى امْرَأَتِهٖ فَقَالَ : أَكْرِمِيْ ضَيْفَ رَسُوْلِ اللّٰهِ لَاتَدَّخِرِيْ
اس کو طرف اپنی بیوی کے پس کہا عزت کرے مہمان کی رسول اللہ کے! نہ تم بچا کر رکھو
رسول اللہ ﷺ کے مہمان کی عزت کرو اور کوئی چیز بچا کر نہ رکھو۔
شَيْئًا فَقَالَتْ : وَاللّٰهِ مَا عِنْدَنَا اِلَّاقُوْتُ لِلصِّبْيَانِ فَقَالَ:
کچھ بھی تو کہا قسم ہے اللہ کی نہیں ہمارے پاس مگر خوراک بچوں کے لیے تو کہا
اس کی بیوی نے کہا: اللہ کی قسم! ہمارے ہاں صرف بچوں کے لیے آب و دانہ ہے۔ ابوطلحہ ؓ نے کہا اس طرح کرو کہ
هَيِّئِيْ طَعَامَكِ وَاَصْلِحِيْ سِرَاجَكِ وَنَوِّمِيْ صِبْيَانَكِ اِذَا
تیار رکھو کھانا اپنا اور جلا دو چراغ اپنا اور سلا دو اپنے بچے جب
کھانا تیار رکھو، دیا جلا کہ رکھو اور بچے جب شام کے کھانے کا ارادہ کریں تو انہیں سلا دینا۔ چنانچہ اُس نے اپنا کھانا تیار کیا، چراغ
أَرَادُوْا عَشَاءً فَهَيَّأَتْ طَعَامَهَا وَاَصْلَحَتْ سِرَاجَهَا، وَنَوَّمَتْ
ارادہ کریں شام کے کھانے کا پس تیار کیا کھانا اپنا اور جلایا چراغ اپنا اور سلا دیا
جلایا اور بچوں کو سلا دیا۔ پھر چراغ کو درست کرنے کے بہانے اٹھی اور اس کو (جان بوجھ کر) بجھا دیا، پھر (اندھیرے میں) وہ
صِبْيَانَهَا ثُمَّ قَامَتْ كَاَنَّهَا تُصْلِحُ سِرَاجَهَا فَأَطْفَأَتْهُ
اپنے بچوں کو پھر کھڑی ہوئیں گویا کہ وہ درست کرتی ہیں چراغ اپنا پس بجھا دیا
دونوں (میاں بیوی) مہمان کو یہ باور کراتے رہے کہ وہ بھی اس کے ساتھ کھا رہے ہیں۔ چنانچہ مہمان نے کھانا کھایا اور ان

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

وَجَعَلَا	يُرِيَانِهِ	اَنَّهُمَا	يَأْكُلَانِ :	وَأَكَلَ	الضَّيْفُ
اس کو کرتے رہے	دونوں ظاہر	گویا کہ	وہ دونوں کھاتے ہیں	اور کھایا	مہمان نے
دونوں نے بھوک کی حالت میں رات گزاری۔					
وَبَاتَا	طَاوِيَيْنِ،	فَلَمَّا	أَصْبَحَ	غَدَا	اِلٰى
اور رات بتائی	دونوں نے بھوکی حالت میں	پس جب	صبح ہوئی	نکلے	طرف
جب صبح ہوئی تو وہ (ابوطلحہ) رسول اللہ ﷺ کے پاس گئے،					
رَسُوْلِ اللهِ ﷺ	فَقَالَ : لَقَدْ	ضَحِکَ اللهُ	أَوْ	عَجِبَ	مِنْ فِعَالِكُمَا
رسول اللہ ﷺ کے	تو فرمایا البتہ تحقیق	مسکرا دیا اللہ	یا	تعجب کیا	تم دونوں کے فعل سے
آپ ﷺ نے فرمایا: تم نے رات کو جو اپنے مہمان کے ساتھ جو معاملہ کیا ہے اللہ تعالیٰ اس پر ہنسے ہیں یا اس پر تعجب کیا ہے۔					
بِضَيْفِكُمَا	اللَّيْلَةَ	وَاَنْزَلَ	اللهُ :	وَيُؤْثِرُوْنَ	عَلٰى أَنْفُسِهِمْ
اپنے مہمان کے ساتھ	رات کو	اور نازل کی	اللہ نے	اور ترجیح دیتے ہیں	اوپر اپنی جانوں کے
پھر اللہ تعالیٰ نے (ان کی اچھی خصلت بیان کرتے ہوئے) یہ آیت نازل فرمائی: اور وہ (انصار) ترجیح دیتے ہیں اپنے نفسوں کے					
وَلَوْ	كَانَ	بِهِمْ	خَصَاصَةٌ	وَمَنْ يُّوْقَ	شُحَّ
اور اگرچہ	وہ ہو	اُن کو	سخت ضرورت	اور جس کو اُسے بچالیا گیا	بخل سے
اوپر (دوسرے غریب صحابہ کو) اگرچہ وہ خود بھی فاقہ ہی میں ہوں اور جو اپنی طبیعت کے بخل سے محفوظ رکھا گیا، سو ایسے ہی لوگ فلاح					
نَفْسِهٖ	فَاُولٰٓئِكَ	هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ. (الحشر:9)			
اپنے دل کے	پھر یہی لوگ	وہ سب کامیاب ہونے والے			
پانے والے ہیں۔“ (الصحيحة:3272)					

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com

آپ ﷺ پر ابلیس کا حملہ اور ناکامی

(2547)عَنْ. أَبِی سَعِیدِ الْخُدْرِیِّ: أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ قَامَ

2547۔(روایت ہے) حضرت ابو سعید خدریؓ سے یقیناً رسول اللہ ﷺ کھڑے ہوئے

حضرت ابو سعید خدریؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ کھڑے ہوئے

فَصَلّٰی صَلَاةَ الصُّبْحِ وَهُوَ خَلْفَهُ، فَقَرَأَ،

پس پڑھی نماز فجر کی اور وہ پیچھے تھے آپ کے تو آپ نے قرأت کی

اور نماز فجر ادا کی اور وہ (ابو سعید) آپ ﷺ کے پیچھے تھے، آپ ﷺ نے قرأت فرمائی

فَالْتَبَسَتْ عَلَيْهِ الْقِرَاءَةُ، فَلَمَّا فَرَغَ مِنْ صَلَاتِهِ قَالَ:

تو آپ پر خلط ملط ہونے لگی قرأت تو جب فارغ ہوئے اپنی نماز سے فرمایا:

تو آپ ﷺ پر قرأت خلط ملط ہونے لگی۔ جب آپ ﷺ نماز سے فارغ ہوئے تو آپ ﷺ نے فرمایا: ''

”لَوْ رَأَيْتُمُوْنِی وَإِبْلِيسَ فَأَهْوَيْتُ بِيَدِی، فَمَازِلْتُ أَخْنُقُهُ

کاش تم دیکھتے مجھے اور ابلیس کو تو میں نے بڑھایا اپنے ہاتھ کو تو میں رہا گلہ گھونٹتا رہا اس کا

کاش کہ تم مجھے اور ابلیس کو دیکھتے، میں نے اپنا ہاتھ بڑھایا اور اُس کا گلہ گھونٹتا رہا،

حَتّٰی وَجَدْتُّ بَرْدَ لُعَابِهِ بَيْنَ إِصْبَعَیَّ هَاتَيْنِ: الْإِبْهَامَ

یہاں تک کہ میں نے پائی ٹھنڈک اس کے لعاب کی درمیان دو انگلیوں کے انگوٹھے کے

حتی کہ مجھے انگوٹھے اور اُس کے ساتھ والی انگلی کے درمیان اس لے لعاب کی ٹھنڈک محسوس ہوئی۔

وَالَّتِی تَلِيهَا، وَلَوْ لَادَعْوَةُ أَخِی سُلَيْمَانَ، لَأَصْبَحَ

اور جو اُس کے قریب ہے اور اگر نہ ہوتی دُعا میرے بھائی سلیمان کی البتہ میں صبح کرتا

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com

اگر میرے بھائی سلیمانؑ کی دعا نہ ہوتی تو وہ اس حال میں صبح کرتا
مَرْبُوْطًا بِسَارِيَةٍ مِنْ سَوَارِي الْمَسْجِد يَتَلاعَبُ بِهِ صِبْيَانُ
بندھا ہوا ہوتا ستون کے ساتھ ستونوں میں سے مسجد کے کھیلتے اس سے بچے
کہ مسجد کے ستونوں میں سے کسی ستون کے ساتھ بندھا ہوتا اور مدینے کے بچے اس کے ساتھ کھیل رہے ہوتے۔
الْمَدِيْنَةِ، فَمَنِ اسْتَطَاعَ مِنْكُمْ أَنْ لَا يَحُوْلَ بَيْنَه
مدینہ کے تو جو کوئی استطاعت رکھتا ہو تم میں سے یہ کہ نہ حائل ہو درمیان اس کے
تم میں سے جس میں یہ استطاعت ہو کہ (دوران نماز) اس کے اور اس کے قبلہ مابین
وَبَيْنَ الْقِبْلَةِ أَحَدٌ فَلْيَفْعَلْ".
اور درمیان قبلے کے کوئی چیز تو چاہیے کہ وہ ایسا کرے۔
کوئی چیز حائل نہ ہو تو وہ ایسا ہی کرے"۔ (الصحيحة:3251)
چھوٹوں سے پیار اور بڑوں کا احترام
(2548). عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ جَاءَ شَيْخٌ يُرِيْدُ
2548۔(روایت ہے) انس بن مالکؓ سے کہا آیا ایک بوڑھا ارادہ رکھتا تھا
حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے کہ ایک بوڑھا نبی کریم ﷺ کے پاس آیا،
النَّبِيَّ ﷺ فَأَبْطَأَ الْقَوْمُ عَنْهُ أَنْ يُوَسِّعُوْا لَهُ،
نبی ﷺ کا تو دیر کی لوگوں نے اس سے یہ کہ وہ جگہ دیتے اس کے لیے
لوگوں نے اُس کو جگہ دینے میں تاخیر کی نبی کریم ﷺ نے فرمایا:"

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

فَقَالَ	النَّبِیُّ ﷺ	"لَیْسَ	مِنَّا	مَنْ	لَمْ	یَرْحَمْ	صَغِیْرَنَا ،
تو فرمایا	نبی ﷺ نے	نہیں ہے	ہم میں سے	جو	نہیں	رحم کرنا	ہمارے چھوٹوں پر

جس نے ہمارے چھوٹوں پر رحم نہ کیا اور ہمارے بڑوں کی

وَلَمْ	یُوَقِّرْ	کَبِیْرَنَا.
اور نہیں	عزت کرنا	ہمارے بڑوں کی.

عزت نہ کی وہ ہم میں سے نہیں۔" (الصحیحۃ:2196)

مسجد میں قبلہ والی سمت میں تھوکنا

(2549) . عَنْ	أَنَسٍ	أَنَّ	النَّبِیَّ ﷺ	رَأٰی	نُخَامَةً	فِی قِبْلَةِ
2549۔(روایت ہے)	انسؓ سے	یقیناً	نبی ﷺ نے	دیکھا	بلغم	قبلے میں

حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے مسجد کے قبلہ میں کھنکار دیکھا،

الْمَسْجِدِ ،	فَغَضِبَ	حَتّٰی	احْمَرَّ	وَجْهُهٗ ،	فَجَاءَتْهُ
مسجد کے	تو غصہ آیا	یہاں تک کہ	سرخ ہوگیا	چہرہ آپ کے	تو آپ کے پاس آئی

آپ ﷺ کو سخت غصہ آیا حتیٰ کہ آپ ﷺ کا چہرہ سرخ ہوگیا۔سو ایک انصاری عورت آئی،

امْرَاَةٌ	مِنَ الْاَنْصَارِ	فَحَكَّتْهَا،	وَجَعَلَتْ	مَكَانَهَا	خَلُوْقًا ،
عورت	انصار سے	تو کھرچ دیا اس نے اس کو	اور لگائی	اس کی جگہ	خلوق خوشبو

اُس نے اُس کو کھرچ دیا اور اُس کی جگہ "خلوق" خوشبو لگادی۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

فَقَالَ: رَسُوْلُ اللهِ ﷺ : "مَاأَحْسَنَ هٰذَا!" .

توفرمایا: رسول اللہ ﷺ نے کتنا اچھا کام ہے!"۔

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "یہ کتنا اچھا کام ہے!"۔(الصحیحۃ:3050)

اُمت مسلمہ کے حق میں ضرر رساں امور

(2550). عَنْ أَبِي الأَعْوَرِ، عَنْ رَسُوْلِ ﷺ قَالَ:

2550۔(روایت ہے) حضرت ابوالاعورؓ سے رسول اللہ ﷺ سے (آپ ﷺ نے) فرمایا

حضرت ابوالاعورؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

"مَا أَخَافُ عَلٰى أُمَّتِي إِلَّا ثَلَاثًا شُحٌّ

نہیں میں ڈرتا اوپر اپنی امت کے مگر تین چیزوں میں بخیلی

"اپنی اُمت کے بارے میں مجھے تین چیزوں کا ڈر ہے: (1) بخیلی، جس کے تقاضے پورے کردیے جائیں۔

مُطَاعٌ، وَهَوًى مُتَّبَعٌ، وَإِمَامُ ضَلَالٍ."

جس کی اطاعت کی جائے اور خواہش جس کی پیروی کی جائے اور امام گمراہ۔"

(2) خواہش نفس جس کی پیروی کی جائے اور (3) گمراہ امام"۔ (الصحیحۃ:3237)

آپ ﷺ کا بعض افراد کے بارے میں سوئے ظن رکھنا

(2551). عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: مَا أَظُنُّ فُلَانًا وَفُلَانًا

2551۔(روایت ہے) حضرت عائشہؓ سے کہا نہیں میں گمان رکھتی فلاں اور فلاں

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

حضرت عائشہؓ سے روایت ہے، وہ کہتی ہیں میرا خیال ہے کہ جس دین پر ہم ہیں

يَعْرِفَانِ　مِنْ دِيْنِنَا　الَّذِی　نَحْنُ　عَلَيْهِ　شَيْئًا　زَادَ　ابْنُ عُفَيْرٍ :

وہ جانتے ہیں　ہمارے دین سے　جو　ہم ہیں　اس پر　کچھ بھی　زیادہ کیا　ابن عُفیر نے

فلاں اور فلاں کو اس کا کوئی علم نہیں ہے۔ ابن عفیر نے (اپنی روایت میں) یہ الفاظ زیادہ کئے

قَالَ　اللَّيْثُ :　كَانَا رَجُلَيْنِ　مِنَ الْمُنَافِقِيْنَ "　وَزَادَ　يَحْيٰى　فِيْ أَوَّلِهِ:

کہا　لیث نے　دونوں آدمی تھے　منافقوں میں سے　اور زیادہ کیا　یحیٰی نے　اس کے شروع میں

لیث نے کہا کہ وہ دونوں آدمی منافق تھے اور یحیٰی نے اُسکے شروع میں اضافہ کیا ہے

دَخَلَ　عَلَيَّ　النَّبِيُّ ﷺ　يَوْمًا،　فَقَالَ:　مَا أَظُنُّ　فُلَانًا　وَ فُلَانًا

داخل ہوئے　مجھ پر　نبی ﷺ　ایک دن　تو فرمایا　نہیں میں گمان رکھتا　فلاں　اور فلاں کو

کہ نبی کریم ﷺ ایک دن میرے پاس آئے اور فرمایا: "میرا خیال ہے کہ جس دین پر ہم ہیں فلاں اور فلاں

يَعْرِفَانِ　مِنْ دِيْنِنَا　الَّذِی　نَحْنُ　عَلَيْهِ　شَيْئًا " .

وہ جانتے ہیں　ہمارے دین سے　جو　ہم ہیں　اس پر　کچھ بھی"

آدمی اس دین پر کاربند نہیں ہیں"۔ (الصحیحۃ: 3077)

حسن صحبت

(2552). عَنْ　عَائِشَةَ　قَالَتْ:　كَانَ　إِذَا　بَلَغَهُ

2552۔ (روایت ہے)　حضرت عائشہؓ سے　انہوں نے کہا　تھی　جب　پہنچتی اُن کو

حضرت عائشہؓ کہتی ہیں: جب آپ ﷺ کو کسی آدمی کے بارے میں کوئی ناگوار بات موصول ہوتی

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

عَنِ الرَّجُلِ شَيْءٌ لَمْ يَقُلْ : مَابَالُ فُلَانٍ يَقُوْلُ وَلٰكِنْ
کسی آدمی کے بارے میں کچھ بھی نہ کچھ کہتے کیا حال ہے فلاں کا وہ کہتا ہے بلکہ
تو آپ ﷺ اس طرح نہیں کہتے تھے کہ فلاں کو کیا ہوا ہے کہ وہ اس طرح کی باتیں کرتا ہے،
يَقُوْلُ : "مَابَالُ أَقْوَامٍ يَقُوْلُوْنَ كَذَا وَكَذَا".
وہ فرماتے کیا حال ہے لوگوں کا وہ کہتے ہیں ایسے اور ایسے"۔
بلکہ آپ ﷺ فرماتے: "لوگوں کو کیا ہو گیا ہے کہ وہ اس طرح کی باتیں کر رہے ہیں"۔(الصحيحة:2064)
(2553). عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ
2553۔روایت ہے عبداللہ ابن مسعودؓ سے انہوں نے کہا فرمایا رسول اللہ نے ﷺ
حضرت عبداللہ بن مسعودؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "تم اپنے مابین کسی کو رقوب یعنی لاولد شمار کرتے ہو؟'
"مَاتَعُدُّوْنَ الرَّقُوْبَ فِيكُمْ؟" قَالَ: قُلْنَا: الَّذِي
کس کو تم شمار کرتے ہو رقوب (لاولد) اپنے درمیان انہوں نے کہا: کہا ہم نے وہ شخص
'صحابہ نے کہا: جس کی اولاد نہیں ہوتی۔
لَايُوْلَدُ لَهُ قَالَ: "لَيْسَ ذَاكَ بِالرَّقُوْبِ وَلٰكِنَّهُ
نہیں اولاد ہوئی اس کے لیے آپ نے فرمایا: نہیں یہ لاولد نہیں ہے لیکن
آپ ﷺ نے فرمایا: "ایسے آدمی کو رقوب نہیں کہتے،
الرَّجُلُ الَّذِي لَمْ يُقَدِّمْ مِنْ وَلَدِهِ شَيْئًا" قَالَ: "فَمَاتَعُدُّوْنَ
وہ شخص جو نہ آگے بھیجے اپنی اولاد میں سے کچھ بھی انہوں نے کہا: پھر کس کو تم شمار کرتے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

بلکہ ایسے شخص کو کہتے ہیں جس نے اپنی اولاد میں سے (کوئی بچہ) آگے نہ بھیجا ہو (یعنی اس کا کوئی بچہ فوت نہ ہوا ہو)"

الصُّرَعَة فِيكُمْ قَالَ: قُلْنَا: الَّذِی لَايَصْرَعُهُ الرِّجَالُ،

ہو پہلوان اپنے درمیان انہوں نے کہا: کہا ہم نے: وہ شخص نہ پچھاڑ سکے اس کو کوئی آدمی

پھر فرمایا: تم کس کو زبردست پہلوان شمار کرتے ہو؟" صحابہ نے کہا جسے کوئی آدمی پچھاڑ نہ سکے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: "ایسا شخص

قَالَ : "لَيْسَ بِذَلِکَ ، وَلَکِنَّهُ الَّذِی یَمْلِکُ نَفْسَهُ عِنْدَ الْغَضَبِ".

فرمایا: نہیں وہ شخص لیکن وہ جو قابو پالیتا ہے اپنے نفس پر وقت غصے کے۔

تو پہلوان نہیں ہوتا، بلکہ پہلوان تو وہ ہے جو غصے کے وقت اپنے نفس پر قابو پالے"۔ (الصحيحة: 3406)

بغاوت اور قطع رحمی سنگین جرائم ہیں

(2554). عَنْ أَبِي بَكْرَةَ مَرْفُوعًا : "مَا مِنْ ذَنْبٍ أَجْدَرَ أَنْ

2554۔ (روایت ہے) "ابی بکرہؓ سے مرفوعا نہیں کوئی گناہ زیادہ بڑا یہ کہ

"ابی بکرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بغاوت (ظلم) اور قطع رحمی سے زیادہ کوئی گناہ

يُعَجِّلَ اللّٰهُ تَعَالٰى لِصَاحِبِهِ الْعُقُوبَةَ فِي الدُّنْيَا مَعَ مَا

جلدی کرے گا اللہ تعالیٰ اس کے صاحب کے لیے سزا دنیا میں ساتھ اس کے جو

اس لائق نہیں کہ اس کے مرتکب کو جلد دنیا میں سزا ملے

يَدَّخِرُ لَهُ فِي الْآخِرَةِ مِنَ الْبَغْيِ وَقَطِيعَةِ الرَّحِمِ".

ذخیرہ کرلی جائے اس کے لیے آخرت میں بغاوت سے اور قطع رحمی سے"۔

اور اس کو آخرت میں بھی جمع کیا جائے۔" (الصحيحة: 918)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

غرور اور تکبر اللہ تعالیٰ کو ناپسند ہے۔

(2555). عَنْ جَابِرِ بْنِ سَلِيمٍ أَوْ سُلَيْمٍ، قَالَ: أَتَيْتُ النَّبِيَّ ﷺ
2555۔(روایت ہے) جابر بن سَلیم یا سُلیمؓ سے کہا میں آیا نبی ﷺ کے پاس
حضرت جابر بن سَلیم یا سُلیمؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں: میں نبی کریم ﷺ کے پاس آیا
فَإِذَا هُوَ جَالِسٌ مَعَ أَصْحَابِهِ، فَقُلْتُ: أَيُّكُمُ
تو جب وہ تشریف فرماتے ساتھ اپنے ساتھیوں کے تو میں نے کہا کون سا تم میں سے
آپ ﷺ صحابہ کرام میں تشریف فرماتھے میں نے کہا: تم میں نبی کون ہے؟
النَّبِيُّ؟ قَالَ: فَإِمَّا أَنْ يَكُونَ أَوْمَأَ إِلَى نَفْسِهِ وَإِمَّا أَنْ
نبی ہے؟ کہا تو یہ کہ ہو تو اشارہ کیا آپ نے طرف اپنے اور یا یہ کہ
جواباً آپ ﷺ نے خود اپنی طرف یا لوگوں نے آپ ﷺ کی طرف اشارہ کیا۔
يَكُونَ أَشَارَ إِلَيْهِ الْقَوْمُ قَالَ فَإِذَا هُوَ مُحْتَبٍ
ہو اشارہ کیا ان کی طرف قوم نے کہا تو جب وہ چادر باندھے ہوئے تھے
آپ ﷺ گھٹنوں کمر کے گرد چادر باندھ کر اور گھٹنے کھڑے کر کے سرین کے بل بیٹھے تھے،
بِبُرْدَةٍ قَدْ وَقَعَ هُدْبُهَا عَلَى
کمر کے گرد اور گھٹنے کھڑے کئے ہوئے تھے) چادر سے تحقیق لگ رہا تھا کنارہ اس کا اوپر
چادر کا کنارہ آپ ﷺ کے پاؤں پر لگ رہا تھا
قَدَمَيْهِ، قَالَ: فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللهِ ﷺ أَجْفُو
آپ کے قدموں کے کہا تو میں نے کہا اے اللہ کے رسول ﷺ میں تند مزاج ہوں

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

میں نے کہا اے اللہ کے رسول ﷺ! میں کچھ چیزوں کے بارے میں تندمزاج ہوں،

عَنْ أَشْيَاءَ   فَعَلِّمْنِي   قَالَ:   " اتَّقِ اللّٰهَ   عَزَّوَجَلَّ   وَلَا

کچھ چیزوں کے بارے میں   تو سکھایئے مجھے   کہا   ڈر جاؤ اللہ   عزوجل سے   اور نہ

آپ مجھے سکھادیں۔آپ ﷺ نے فرمایا:" اللہ سے ڈر جا،

تَحْقِرَنَّ   مِنَ الْمَعْرُوْفِ   شَيْئًا   وَلَوْ   أَنْ تُفْرِغَ   مِنْ دَلْوِكَ

تم حقیر جانو   نیکی سے   کچھ بھی   اور اگر   یہ کہ تم ڈالو   اپنے ڈول سے

کسی نیکی کو حقیر مت جان، اگرچہ وہ پانی مانگنے والے کے برتن میں پانی ڈالنے کی صورت میں ہی کیوں نہ ہو۔

فِي إِنَاءِ   الْمُسْتَسْقِي،   وَإِيَّاكَ   وَالْمَخِيْلَةَ!   فَإِنَّ اللّٰهَ   تَبَارَكَ وَتَعَالٰى

برتن میں   پانی مانگنے والے کے   اور بچو تم   تکبر کرنے سے   پس یقیناً اللہ   تبارک وتعالیٰ

تکبر سے اجتناب کر کیونکہ اللہ تعالیٰ تکبر کو پسند نہیں کرتا،

لَا يُحِبُّ   الْمَخِيْلَةَ،   وَإِنِ   امْرُؤٌ   شَتَمَكَ   وَعَيَّرَكَ

نہیں پسند کرتا   تکبر کو   اور اگر   کوئی آدمی   گالی دے تجھے   اور عار دلائے تجھے

اگر کوئی آدمی تجھے گالی دے اور تجھے تیرے کسی عیب، جیسے وہ جانتا ہے کی بنا پر عار دلائے

بِأَمْرٍ   يَعْلَمُهُ   فِيْكَ،   فَلَا تُعَيِّرْهُ   بِأَمْرٍ

ساتھ کسی کام کے   جانتا ہے اس کو   تجھ میں   تو نہ تم عار دلاؤ اس کو   کسی کام سے

تو تو اس برائی کی بنا پر عار مت دلانا جیسے تو جانتا ہے،

تَعْلَمُهُ   فِيْهِ،   فَيَكُوْنُ   لَكَ   أَجْرُهُ   وَعَلَيْهِ   إِثْمُهُ

تم جانتے ہو اس کو   اس میں   تو ہوگا   تیرے لیے   اجر اس پر   اور اس پر   گناہ اس کا

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اس طرح کرنے سے اجر تجھے ملے گا اور اس کے گناہ کا وبال اسی پر ہوگا
وَلَا تَشْتِمَنَّ أَحَدًا".
اور نہیں کسی کو گالی دینا کبھی بھی۔
اور (یہ بھی یاد رکھ کہ) کسی کو گالی نہیں دینا"۔(الصحيحة:770)

غرور اور تکبر کا وبال

(2556). عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ، قَالَ: زَعَمَ عَبْدُ اللهِ بْنُ حَنْظَلَةَ
2556۔(روایت ہے) قاسم بن محمدؒ سے کہا: گمان کیا عبداللہ بن حنظلہؓ نے
قاسم بن محمدؒ سے روایت ہے کہ وہ کہتے ہیں: حضرت عبداللہ بن حنظلہؓ کا خیال ہے کہ
أَنَّ عَبْدَ اللهِ بْنَ سَلَامٍ مَرَّ فِي السُّوقِ، وَعَلَيْهِ حُزْمَةٌ مِنْ حَطَبٍ
یقیناً عبداللہ بن سلامؓ گزرے بازار سے اور ان پر گٹھا تھا لکڑیوں کا
حضرت عبداللہ بن سلامؓ ایندھن کے کام آنے والی لکڑیوں کا گٹھا اٹھائے بازار سے گزرے کسی نے (ان پر اعتراض کرتے ہوئے
فَقِيلَ لَهُ: أَلَيْسَ اللهُ قَدْ أَغْنَاكَ عَنْ هٰذَا؟ قَالَ:
تو کہا گیا ان کے لیے: کیا نہیں اللہ نے تحقیق بے پرواہ کیا تجھے اس سے کہا:
ان کو) کہا: کیا اللہ تعالیٰ نے آپ کو اس سے بے پرواہ نہیں کیا؟ انہوں نے کہا:
بَلٰى، وَلٰكِنْ أَرَدْتُ أَنْ أَدْفَعَ بِهِ الْكِبْرَ،
کیوں نہیں لیکن میں نے ارادہ کیا یہ کہ میں دور کروں اس سے تکبر
کیوں نہیں، لیکن میرا ارادہ ہے کہ اس کے ذریعے (اپنے نفس) سے تکبر کو دور کروں،

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سَمِعْتُ	رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ	يَقُوْلُ:	"لَا	يَدْخُلُ	الْجَنَّةَ
میں نے سنا	رسول اللہ ﷺ سے	آپ فرماتے تھے:	نہیں	داخل ہوگا	جنت میں
کیونکہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا: "ایسا شخص جنت میں داخل نہیں ہوگا					
مَنْ كَانَ	فِي قَلْبِهٖ	مِثْقَالُ	حَبَّةٍ	مِنْ خَرْدَلٍ	مِنْ كِبْرٍ".
جو شخص ہے	اس کے دل میں	وزن کے برابر	دانے کے	رائی کے	تکبر میں"۔
جس کے دل میں رائی کے دانے کے برابر بھی تکبر ہوا"۔(الصحیحة:3257)					
(2557). عَنْ	اَبِیْ هُرَيْرَةَ ،	أَنَّ	رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ:	قَالَ :	"قَالَ
2557۔(روایت ہے)	حضرت ابوہریرہؓ سے	یقیناً	رسول اللہ ﷺ	فرمایا:	فرماتا ہے
حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:					
اللّٰهُ	عَزَّوَجَلَّ :	الْكِبْرِيَاءُ	رِدَائِیْ	وَالْعِزَّةُ	اِزَارِیْ
اللہ	عزوجل	بڑائی	میری اوپر کی چادر ہے	اور عزت	میری نیچے کی چادر ہے
اللہ تعالیٰ نے فرمایا: "تکبر (اور بڑائی) میری چادر ہے اور عزت (اور غلبہ) میرا ازار ہے۔					
فَمَنْ	نَازَعَنِیْ	وَاحِدًا	مِّنْهُمَا	اَلْقِيْهِ	فِي النَّارِ".
تو جو	کوئی کھینچے گا مجھ سے	کوئی ایک	ان دونوں میں	میں ڈالوں گا	آگ میں"۔
جس نے ان دونوں (اوصاف) میں سے کسی کو مجھ سے کھینچنا چاہا، میں اُس کو آگ میں پھینک دوں گا"۔(الصحیحة:541)					

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

خود پسندی وخود سری کا وبال

(2558). عن	يُونُسَ بْنَ الْقَاسِمِ الْيَمَامِيِّ،	أَنَّ	عِكْرِمَةَ بْنَ خَالِدِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ	
2558۔(روایت ہے)	یونس بن قاسم یمامیؒ سے	یقیناً	عکرمہ بن خالد بن سعید بن	

یونس بن قاسم یمامیؒ سے روایت ہے کہ عکرمہ بن خالد بن سعید بن عاص مخزومیؒ نے اسے بیان کیا

الْعَاصِ الْمَخْزُومِيِّ	حَدَّثَهُ:	أَنَّهُ	لَقِيَ	عَبْدَ اللهِ بْنَ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ
عاص مخزومیؒ نے	بیان کیا اس کو	یقیناً وہ	ملے	عبداللہ بن عمر بن خطابؓ سے

کہ وہ عبداللہ بن عمر بن خطابؓ سے ملے اور کہا:

فَقَالَ	لَهُ:	يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحمن!	إِنَّا	بَنُو الْمُغِيرَةِ	قَوْمٌ	فِينَا
تو کہا	ان کے لیے	اے ابو عبدالرحمٰن	یقیناً ہم	بنو مغیرہ ہیں	لوگ ہیں	ہم میں

اے ابو عبدالرحمٰن! ہم بنو مغیرہ ہیں، ہم میں بڑائی (اور غرور) ہے،

نَخْوَةٌ	فَهَلْ	سَمِعْتَ رَسُولَ اللهِ ﷺ	يَقُولُ	فِي ذٰلِكَ	شَيْئًا؟
بڑائی ہے	تو کیا	آپ نے رسول اللہ ﷺ سے سنا ہے	وہ کہتے ہیں	اس بارے میں	کچھ

تو کیا آپ نے رسول اللہ ﷺ سے اس کے بارے میں کچھ سنا ہے؟

فَقَالَ	لَهُ	عَبْدُ اللهِ بْنِ عُمَرَ:	سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ	يَقُولُ:
تو کہا	ان کے لیے	حضرت عبداللہ بن عمرؓ نے	میں نے سنا رسول اللہ ﷺ سے	وہ فرماتا ہے:

حضرت عبداللہ بن عمرؓ نے اسے کہا: میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا، آپ ﷺ فرما رہے تھے

"مَامِنْ	رَجُلٍ	يَتَعَاظَمُ	فِي نَفْسِهِ،	وَيَخْتَالُ	فِي مِشْيَتِهِ،	إِلَّا
نہیں کوئی	آدمی	بڑا بنتا ہے	اپنے آپ میں	اور اکڑتا ہے	اپنی چال میں	مگر

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

:"جو شخص بڑا بنتا ہے اور اکڑ کر چلتا ہے وہ اللہ کو اس حال میں ملے گا
لَقِیَ اللهَ وَهُوَ عَلَيْهِ غَضْبَان."
ملاقات کرے گا اللہ سے اور وہ اس پر غضبناک ہوگا۔"
کہ وہ اس پر سخت غضبناک ہوگا"۔(الصحیحة:2272)
(2559). عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ مَنْ تَعَظَّمَ
2559۔(روایت ہے) ابن عمرؓ سے نبی ﷺ سے فرمایا جو کوئی بڑا بنے
حضرت عبداللہ ابن عمرؓ آپ ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا:
فِي نَفْسِهِ، أَوِ اخْتَالَ فِي مِشْيَتِهِ، لَقِيَ اللهَ عَزَّوَجَلَّ وَهُوَ عَلَيْهِ غَضْبَان.
اپنے آپ میں یا اکڑے اپنی چال میں ملے گا اللہ عزوجل سے اور وہ اس پر غضبناک ہوگا
"جو شخص بڑا بنا اور اکڑ کر چلا وہ اللہ کو اس حال میں ملے گا کہ وہ اس پر سخت غضبناک ہوگا"۔ (الصحیحة:543)
ہر کس و ناکس کے لیے امورِ خیر کا تعین
(2560). عَنْ مَالِكِ بْنِ مَرْثَدٍ عَنْ أَبِيهِ قَالَ : قَالَ
2560۔(روایت ہے) مالک بن مرثدؓ سے وہ اپنے والد سے کہتے ہیں: کہا
مالک بن مرثدؓ اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں وہ کہتے ہیں:
أَبُوذَرٍّ قُلْتُ: يَارَسُولَ اللهِ ﷺ مَاذَا يُنْجِي الْعَبْدَ
ابوذر نے میں نے کہا: اے اللہ کے رسول ﷺ کون سی چیز نجات دلاتی ہے بندے کو

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

حضرت ابوذرؓ کہتے ہیں: میں نے کہا کہ اے اللہ کے رسول ﷺ! کون سی چیز بندے کو آگ سے نجات دلاتی ہے؟
مِنَ النَّارِ ؟ قَالَ: "الایْمَانُ بِاللّٰهِ" قُلْتُ: یَانَبِیَّ اللّٰهِ! ﷺ اِنَّ
آگ سے؟ فرمایا: ایمان اللہ پر میں نے کہا: اے اللہ کے نبی ﷺ یقیناً
آپ ﷺ نے فرمایا: "اللہ پر ایمان لانا"۔ میں نے کہا: اے اللہ کے نبی ﷺ!
مَعَ الایْمَانِ عَمَلٌ؟ قَالَ: "یَرْضَخُ مِمَّا رَزَقَهُ
ساتھ ایمان کے عمل بھی ہے؟ فرمایا: خرچ کرے اس میں سے جو رزق دیا اس کو
کیا ایمان کے ساتھ عمل بھی ضروری ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: "اللہ تعالیٰ نے جو اُسے رزق عطا کیا ہے
اللّٰهُ". قُلْتُ: یَارَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ اَرَاَیْتَ اِنْ کَانَ فَقِیْراً
اللہ نے میں نے کہا: اے اللہ کے رسول! ﷺ کیا خیال ہے آپ کا اگر ہو فقیر
وہ اُس میں سے خرچ کرے"۔ میں نے کہا! اے اللہ کے رسول ﷺ! اگر وہ فقیر ہو
لایَجِدُ مَا یَرْضَخُ بِهٖ ؟ قَالَ: "یَاْمُرُ بِالْمَعْرُوْفِ ، وَیَنْهٰی
نہیں وہ پاتا جو خرچ کرے اس کو؟ فرمایا: حکم دے نیکی کا اور روکے
اور اُس کے پاس کوئی ایسی چیز نہ ہو جو (اللہ کے راستے میں) دے"۔ آپ ﷺ نے فرمایا: "تو پھر وہ نیکی
عَنِ الْمُنْکَرِ" قُلْتُ: یَارَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ اَرَاَیْتَ اِنْ کَانَ عَیِیًّا
برائی سے میں نے کہا: اے اللہ کے رسول ﷺ کیا خیال ہے آپ کا اگر ہو عاجز
کا حکم دے اور برائی سے منع کرے"۔ میں نے کہا اے اللہ کے رسول ﷺ! اگر وہ ایسا کرنے سے بھی عاجز ہو
لایَسْتَطِیْعُ اَنْ یَاْمُرَ بِالْمَعْرُوْفِ وَیَنْهٰی عَنِ الْمُنْکَرِ ؟ قَالَ:
نہیں استطاعت رکھتا یہ کہ حکم دے نیکی کا اور روکے برائی سے فرمایا:

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

اور نیکی کا حکم دینے اور برائی سے روکنے کی بھی طاقت نہ رکھتا ہو۔
"یَصْنَعُ لِاَخْرَقَ" قُلْتُ: اَرَاَیْتَ اِنْ کَانَ اَخْرَقَ
ہنر سکھا دے کسی بے ہنر کو میں نے کہا: کیا خیال ہے آپ کا اگر ہو بے ہنر
آپ ﷺ نے فرمایا: "کسی بے ہنر (اور جاہل) کو کوئی ہنر سکھا دے"۔ میں نے کہا: اگر وہ خود بے ہنر ہو
لَایَسْتَطِیْعُ اَنْ یَصْنَعَ شَیْئًا؟ قَالَ: "یُعِیْنُ مَغْلُوْبًا"
نہیں طاقت رکھتا یہ کہ وہ کرے کچھ بھی؟ فرمایا: مدد کرے مغلوب (مظلوم) کی
اور کچھ بھی کرنے کی طاقت نہ رکھتا ہو۔ آپ ﷺ نے فرمایا: "تو پھر کسی مغلوب (اور مظلوم) کی مدد کر دیا کرے"۔
قُلْتُ: اَرَاَیْتَ اِنْ کَانَ ضَعِیْفًا لَایَسْتَطِیْعُ اَنْ یُعِیْنَ
میں نے کہا کیا خیال ہے آپ کا اگر ہو ضعیف نہ طاقت رکھتا ہو یہ کہ مدد کرے
میں نے کہا: اگر وہ خود ضعیف ہو اور مظلوم کی مدد کرنے کی طاقت نہ رکھتا ہو؟
مَظْلُوْمًا؟ فَقَالَ: مَا تُرِیْدُ اَنْ تَتْرُکَ فِیْ صَاحِبِکَ مِنْ خَیْرٍ
مظلوم کی فرمایا: نہیں تو چاہتا یہ کہ تو چھوڑے اپنے بھائی میں کوئی بھلائی
آپ ﷺ نے فرمایا: "تو تُو اپنے بھائی میں کوئی خیر و بھلائی چھوڑنا ہی نہیں چاہتا (ایسے ضعیف آدمی کو چاہیے کہ)
تُمْسِکُ الْاَذٰی عَنِ النَّاسِ"، فَقُلْتُ: یَارَسُوْلَ اللّٰہِ! ﷺ
تم روک دو تکلیف پہنچنے سے لوگوں کو تو میں نے کہا: اے اللہ کے رسول ﷺ
وہ لوگوں کو تکلیف نہ پہنچنے دے"۔ میں نے کہا اے اللہ کے رسول ﷺ!
اِذَا فَعَلَ ذٰلِکَ دَخَلَ الْجَنَّةَ؟ قَالَ: مَا مِنْ مُسْلِمٍ یَفْعَلُ
جب کرے ایسا داخل ہوگا جنت میں؟ فرمایا: نہیں کوئی مسلمان وہ کرے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

جب کوئی آدمی یہ عمل کرے گا تو وہ جنت میں داخل ہو جائے گا؟ آپ ﷺ نے فرمایا: جو مسلمان بھی ان خصلتوں میں سے
خَصْلَةً مِنْ هٰؤُلَاءِ اِلَّا اَخَذَتْ بِيَدِهٖ حَتّٰی
کوئی ایک خصلت ان میں سے مگر پکڑے گی ہاتھ اس کا یہاں تک کہ
کسی خصلت پر عمل کرے گا تو وہ خصلت اس کا ہاتھ پکڑے رکھے گی حتیٰ کہ
تُدْخِلَهُ الْجَنَّةَ".
داخل کرے گی اس کو جنت میں
اس کو جنت میں داخل کر دے گی"۔(الصحیحة:2669)
مسلمان کا قرضہ ادا کرنا افضل ہے۔
(2561) عَنْ سُفْيَانَ بْنِ عُيَيْنَةَ، عَنِ ابْنِ الْمُنْكَدِرِ يَرْفَعُهُ اِلَی
2561۔(روایت ہے) سفیان بن عیینہؒ ابن منکدرؒ سے وہ بلند کرتے ہیں اس کو طرف
سفیان بن عیینہؒ ابن منکدرؒ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا:
النَّبِيِّ ﷺ: "مِنْ أَفْضَلِ الْأَعْمَالِ اِدْخَالُ السُّرُوْرِ عَلَى الْمُؤْمِنِ، تَقْضِيْ
نبی کے ﷺ: افضل میں سے ہیں اعمال میں داخل کرنا خوشی اوپر مومن کے ادا کرنا
"مومن کو خوش کرنا، اُس کا قرضہ چکانا، اُس کی ضرورت پوری کرنا اور اس سے
عَنْهُ دَيْنًا، تَقْضِيْ لَهُ حَاجَةً، تُنَفِّسُ لَهُ كُرْبَةً "قَالَ
اس کا قرض پوری کرنا اسکی ضرورت دور کرنا اس سے مصیبت کہا
کسی مصیبت کو دور کرنا افضل اعمال میں سے ہیں۔" سفیانؒ کہتے ہیں:

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سُفْيَانُ: وَقِيْلَ لِابْنِ الْمُنْكَدِرِ: فَمَا بَقِيَ مِمَّا يُسْتَلَذُّ؟ قَالَ
سفیانؒ نے: اور کہا گیا ابن منکدر سے: تو کیا باقی رہ گئی اس میں سے جو لذیذ ہو: کہا
ابن منکدرؒ سے کہا گیا اب کوئی چیز ایسی بھی باقی رہ گئی ہے جو لذیز ہو؟
اَلْاِفْضَالُ عَلَی الْاِخْوَانِ."
حسن سلوک کرنا اوپر بھائیوں کے۔"
انہوں نے کہا بھائیوں سے حسن سلوک کرنا۔(الصحیحۃ:2291)
مسلمان کا مال ناحق غصب کرنا کا انجام
(2562). عَنْ أَبِی أُمَامَةَ بْنِ ثَعْلَبَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ
2562۔(روایت ہے) ابوامامہ بن ثعلبہؓ سے کہتے ہیں: میں نے سنا رسول اللہ ﷺ سے
حضرت ابوامامہ بن ثعلبہؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں: میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا:
یَقُوْلُ: "مَنِ اقْتَطَعَ مَالَ امْرِیٍٔ مُسْلِمٍ بِيَمِيْنٍ كَاذِبَةٍ
فرماتے تھے جس نے چھین لیا مال کسی شخص کا مسلمان کا قسم سے جھوٹی
"جس شخص نے جھوٹی قسم اٹھا کر کسی مسلمان کا مال چھین لیا
كَانَتْ نُكْتَةٌ سَوْدَاءُ فِیْ قَلْبِهٖ، لَا يُغَيِّرُهَا شَیْءٌ
ہوگا سیاہ نقطہ اس کے دل میں نہیں تبدیل کرے گی اس کو کوئی چیز
اُس کے دل پر ایک ایسا سیاہ نقطہ لگے گا کہ جس کو

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اِلٰی یَوۡمِ الۡقِیَامَۃِ".	
طرف دن قیامت کے۔	
قیامت تک کوئی چیز تبدیل نہیں کر سکے گی"۔(الصحیحۃ:3364)	
(2563). عَنۡ فَضَالَۃَ بۡنِ عُبَیۡدٍ ، أَنَّ النَّبِیَّ ﷺ قَالَ:	
2563۔(روایت ہے) فضالہ بن عبیدؓ سے یقیناً نبی ﷺ نے فرمایا	
حضرت فضالہ بن عبیدؓ سے مروی ہے نبی کریم ﷺ نے فرمایا:	
"مَنۡ شَابَ شَیۡبَۃً فِی سَبِیۡلِ اللّٰہِ "وَفِی رِوَایَۃٍ: فِی الۡاِسۡلَامِ"	
جو بوڑھا ہو بوڑھا ہونا اللہ کی راہ میں "اور ایک روایت میں ہے: اسلام میں"	
"جو اللہ کی راہ میں یا اسلام میں بوڑھا ہو گیا	
کَانَتۡ لَہٗ نُوۡرًا یَوۡمَ الۡقِیَامَۃِ" قَالَ رَجُلٌ عِنۡدَ ذٰلِکَ :	
ہوگا اس کے لیے نور دن قیامت کے" کہا ایک آدمی نے آپ کے پاس:	
تو یہ اُس کے لیے روز قیامت نور ہوگا"۔اس موقع پر ایک آدمی نے کہا	
فَاِنَّ رِجَالًا یَنۡتِفُوۡنَ الشَّیۡبَ فَقَالَ : "مَنۡ شَاءَ	
تو یقیناً کئی آدمی ہیں اُکھاڑ دیتے ہیں سفید بالوں کو تو فرمایا: جو چاہتا ہے	
کئی لوگ تو اپنے سفید بالوں کو اکھاڑ دیتے ہیں۔آپ ﷺ نے فرمایا:"جو چاہتا ہے	
فَلۡیَنۡتِفۡ نُوۡرَہٗ" .	
تو اکھاڑتا ہے اپنے نور کو"۔	

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اپنا نورا کھاڑ تا رہے"۔ (الصحيحة:3371)
مدینہ منورہ میں سکونت اختیار کرنے کی فضیلت
2564). عَنْ ابْنِ عُمَرَ: أَنَّ مَوْلَاةً لَّهُ أَتَتْهُ فَقَالَتْ:
2564۔(روایت ہے) عبداللہ بن عمرؓ سے: یقیناً لونڈی ان کی آئی ان کے پاس تو کہا
حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں: اُن کی لونڈی اُن کے پاس آئی اور کہا:
اِشْتَدَّ عَلَيَّ الزَّمَانُ وَإِنِّي أُرِيْدُ أَنْ أَخْرُجَ
سخت ہو گیا مجھ پر وقت اور یقیناً میں ارادہ کرتی ہوں یہ کہ میں نکلوں
مجھ پر وقت بہت سخت ہو گیا ہے اور میں عراق جانے کا ارادہ کرتی ہوں۔
إِلَى الْعِرَاقِ؟ قَالَ: فَهَلَّا الشَّامُ أَرْضُ الْمَنْشَرِ
طرف عراق کے؟ کہا: تو کیوں نہیں جاتیں شام کی زمین کی طرف حشر کی جگہ ہے
ابن عمرؓ نے کہا: تم شام کی طرف کیوں نہیں جاتی، جو حشر کی جگہ ہے؟
(وَفِي(التَّارِيخِ) الْمَحْشَرِ)؟ اِصْبِرِي لُكَاعُ فَإِنِّي سَمِعْتُ
اور تاریخ میں ہے محشر ؟ صبر کرو بے وقوف پس یقیناً میں نے سنا
ارے بیوقوف! صبر کر۔ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا
رَسُوْلَ اللهِ ﷺ يَقُوْلُ: "مَنْ صَبَرَ عَلَى شِدَّتِهَا وَلَأْوَائِهَا
رسول اللہ ﷺ سے فرماتے تھے: جس نے صبر کیا اوپر اس کی سختی کے اور اس کی تنگی پر
آپ ﷺ فرما رہے تھے" جس نے (مدینہ) کی سختی اور تنگی پر صبر کرے گا تو میں

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

كُنْتُ لَهُ شَهِيداً أَوْ شَفِيعاً يَوْمَ الْقِيَامَةِ" يَعْنِي: الْمَدِينَةَ

میں ہوں گا اس کے لیے گواہ یا سفارشی دن قیامت کے" یعنی: مدینہ

......"(اس کے لیے قیامت کے روز سفارشی ہوں گا)

وَفِي لَفْظٍ: "لَايَصْبِرُ عَلٰى لَأْوَائِهَا وَشِدَّتِهَا

اور ایک روایت کے الفاظ ہیں نہیں صبر کرے گا اوپر اس کی تنگی کے اور اس کی سختی کے

اور ایک روایت میں ہے نہیں صبر کرے گا اس کی تنگی

أَحَدٌ إِلَّا كُنْتُ...."

کوئی ایک مگر میں ہوں گا....

اور سختی پر مگر میں ہوں گا......(الصحيحة:3073)

نبی کریم ﷺ کی طرف جھوٹی بات منسوب کرنا

(2565). قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: "مَنْ قَالَ عَلَيَّ مَا لَمْ

2565۔ فرمایا رسول اللہ ﷺ نے: جو کہے اوپر میرے جو نہیں

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "جس نے میری طرف ایسی بات منسوب کی جو میں نے نہیں

أَقُلْ فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ" وَرَدَ مِنْ حَدِيْثِ

میں نے کہا تو چاہیے کہ وہ بنا لے اپنا ٹھکانا آگ میں مروی ہے حدیث سے

کہی تو وہ جہنم میں اپنا ٹھکانہ بنالے"۔ یہ روایت ان الفاظ کے ساتھ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

جَمْعٍ	مِنَ الصَّحَابَهِ	بِهٰذَااللَّفْظِ:	عُثْمَانَ	وَأَبِى هُرَيْرَةَ
ایک جماعت کے	صحابہ میں سے	اس لفظ سے:	عثمانؓ	اورابوہریرہؓ

صحابہ کرام کی ایک جماعت سے مروی ہے۔(اس جماعت سے مراد) حضرت عثمانؓ، حضرت ابوہریرہؓ،

عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ	وَعُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ	وَالزُّبَيْرِ بْنِ الْعَوَامِ ،	وَسَلْمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ
عبداللہ ابن عمرؓ سے	اورعقبہ بن عامرؓ	اورزبیر بن عوامؓ	اورسلمہ بن اکوعؓ

حضرت عبداللہ بن عمرؓ حضرت عقبہ بن عامر بن اسقعؓ اور حضرت سلمہ بن اکوعؓ،

وَ ابْنِ عُمَرَ	وَ اثِلَةَ بْنِ الْأَسْقَعِ	وَأَبِى مُوسٰى الْغَافِقِيِّ.
اورابن عمرؓ	اورواثلہ بن اسقعؓ	ابوموسیٰ الغافقیؓ۔

حضرت واثلہ بن اسقعؓ اور حضرت ابوموسیٰ غافقیؓ ہیں۔ (الصحيحة:3100)

مومن بھولا بھالا ہوتا ہے

(2566). عَنْ	أَبِى هُرَيْرَةَ ،	قَالَ:	قَالَ	رَسُوْلُ اللهِ ﷺ :	"الْمُؤْمِنُ
2566۔(روایت ہے)	ابوہریرہؓ سے	کہا:	فرمایا:	رسول اللہ ﷺ نے:	مؤمن

سیدنا ابوہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "مومن

غِرٌّ	كَرِيْمٌ	وَالْفَاجِرُ	خِبٌّ	لَئِيْمٌ".
بھولا بھالا	بزرگی والا ہوتا ہے	اورفاجر	مکار	کمینہ ہوتا ہے۔

بھولا بھالا اور بزرگی والا ہوتا ہے اور فاجر آدمی مکار، (دغاباز) اور کمینہ (اور رذیل) ہوتا ہے۔" (الصحيحة:935)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

مکروفریب کا انجام جہنم ہے

(2567).قَالَ ﷺ : " الْمَكْرُ وَالْخَدِيعَةُ فِي النَّارِ" رُوِيَ مِنْ حَدِيثِ

2567۔فرمایا نبی ﷺ نے مکر اور دھوکا آگ میں ہیں روایت کی گئی حدیث

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ”مکر اور دھوکا آگ میں ہیں“۔ یہ حدیث

قَيْسِ بْنِ سَعْدٍ وَأَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، وَأَبِي هُرَيْرَةَ ، وَعَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُودٍ،

قیس بن سعدؓ سے اور انس بن مالکؓ اور ابو ہریرہؓ اور عبداللہ بن مسعودؓ

حضرت قیس بن سعدؓ، حضرت انس بن مالکؓ حضرت ابو ہریرہؓ اور حضرت عبداللہ بن مسعودؓ

وَمُجَاهِدٍ وَالْحَسَنِ.

اور مجاہد اور حسن سے

اور مجاہد اور حسن سے روایت کی گئی ہے۔(الصحیحة:1057)

مومن کی صفات

(2568). عَنِ ابْنِ عُمَرَ مَرْفُوعاً: "اَلْمُؤْمِنُونَ هَيِّنُونَ، لَيِّنُونَ، مِثْلُ

2568۔(روایت ہے) ابن عمرؓ سے مرفوعاً: مومن باوقار نرم دل مثال

حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے روایت ہے، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ”مومن باوقار (سنجیدہ) اور نرم ہوتے ہیں جیسا کہ

الْجَمَلِ الْأَلِفِ الَّذِي إِنْ قِيدَ انْقَادَ ، وَإِنْ سِيقَ

اونٹ کے مانوس جو اگر لگام پکڑی جائے آگے چلا جائے اور اگر چل پڑتا ہے

مانوس اونٹ ہوتا ہے کہ اگر اس کی لگام پکڑ کر اس سے آگے آگے چلا جائے

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

اِنْسَاقَ وَاِنْ أَنْخْتَهُ عَلٰی صَخْرَةٍ اِسْتَنَاخَ.
چل پڑتا ہے اور اگر بٹھادے اس کو اوپر کسی چٹان کے وہ بیٹھ جائے۔
تو وہ بھی چل پڑتا ہے اور اگر تو اُس کو کسی چٹان پر بیٹھادے تو وہ بیٹھ جاتا ہے"۔(الصحیحة:936)
انصار کی فضیلت
(2569). عَنْ عَاصِمِ بْنِ سُوَیْدِ بْنِ یَزِیْدَ بْنَ جَارِیَةَ الْأَنْصَارِیِّ، قَالَ: ثَنَا
2569۔(روایت ہے) عاصم بن سوید بن یزید بن جاریہ انصاریؓ سے کہا: بیان کیا
عاصم بن سوید بن یزید بن جاریہ انصاریؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں:
یَحْیٰی ابْنُ سَعِیْدٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِکٍ ، قَالَ: أَتٰی أُسَیْدُ بْنُ الْحُضَیْرِ
یحیٰی بن سعیدؓ نے حضرت انس بن مالکؓ سے کہا: آئے اُسید بن حضیرؓ
مجھے یحیٰی بن سعیدؓ نے حضرت انس بن مالکؓ سے بیان کیا ہے، وہ کہتے ہیں: بنو اشہل قبیلہ کے سردار حضرت اُسید بن حضیرؓ
النَّقِیْبُ الأَشْهَلِیُّ اِلٰی رَسُوْلِ اللهِ فَکَلَّمَهُ فِی أَهْلِ بَیْتٍ
سردار اشہل کے طرف رسول اللہ کے تو کلام کیا ان سے گھر والوں کے بارے میں
رسول اللہ ﷺ کے پاس آئے اور بنوظفر کے ایک گھرانے کے متعلق بات کی،
مِّنْ بَنِی ظُفُرٍ عَامَّتُهُمْ نِسَاءٌ، فَقَسَمَ لَهُمْ رَسُوْلُ اللهِ مِنْ شَیْءٍ
بنی ظفر سے عام افراد ان کے عورتیں تھیں تو تقسیم کیا ان کے لیے رسول اللہ نے کچھ حصہ
اس قبیلہ کے عام افراد عورتیں تھیں (یعنی مرد کم تھے) رسول اللہؐ نے لوگوں میں کوئی مال تقسیم کیا اور کچھ حصہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

قَسَمَهُ	بَيْنَ النَّاسِ ،	فَقَالَ	رَسُوْلُ اللهِ ﷺ :	"تَرَكْتَنَا	يَاأُسَيْدُ!	
تقسیم کیا اس کو	درمیان لوگوں کے	تو فرمایا	رسول اللہ نے ﷺ:	چھوڑ دیا ہم نے	اے اسیدؓ!	
بنوظفر کو بھی دیا۔ (اُسید کی بات سن کر) رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "اسید! (بات یہ ہے کہ) پہلے تم نے ہم سے رابطہ نہیں کیا						
حَتّٰى	ذَهَبَ	مَا	فِي أَيْدِيْنَا،	فَإِذَا	سَمِعْتَ	بِطَعَامٍ	قَدْ
یہاں تک کہ	ختم ہوگیا	جو	ہمارے پاس تھا	تو جب	تم سنو	غلے کے بارے میں	تحقیق
اور جو کچھ ہمارے پاس تھا وہ ختم ہو چکا ہے۔ اب تم لوگ جب غلہ کے بارے میں سنو						
أَتَانِي	فَأْتِنِي	فَاذْكُرْ	لِي	أَهْلَ ذَاكَ الْبَيْتِ ،		
آیا میرے پاس	تو آجانا میرے پاس	تو یاد کروانا	میرے لیے	ان گھر والوں کا معاملہ		
کہ مجھے وصول ہوا ہے تو میرے پاس آجانا اور ان گھر والوں کا معاملہ یاد کروانا"۔						
أَوِ	اذْكُرْلِي ذَاكَ	فَمَكَثَ	مَاشَاءَ	اللهُ،	ثُمَّ	أَتٰى	رَسولَ اللهِ ﷺ!
یا	ذکر کرنا میرے لیے	تو ٹھہرے رہے	جتنا چاہا	اللہ نے	پھر	آیا	رسول اللہ ﷺ کے پاس
پس جتنا اللہ تعالیٰ کو منظور تھا حضرت اسید ٹھہرے رہے پھر رسول اللہ ﷺ کے پاس						
طَعَامٌ	مِنْ خَيْبَرَ :	شَعِيْرٌ	وَتَمْرٌ،	فَقَسَّمَ	النَّبِيُّ ﷺ	فِي النَّاسِ،	قَالَ
غلہ	خیبر سے:	جو	اور کھجوریں	تو تقسیم کیا	نبی ﷺ نے	لوگوں میں	فرمایا:
خیبر سے غلہ لایا گیا جس میں جو اور کھجوریں تھیں۔ نبی کریم ﷺ نے وہ لوگوں میں تقسیم کر دیے۔ راوی کہتا ہے: پھر آپ ﷺ نے						
ثُمَّ	قَسَّمَ	فِي الْأَنْصَارِ	فَأَجْزَلَ،	قَالَ:	ثُمَّ	قَسَّمَ	فِي أَهْلِ ذٰلِكَ الْبَيْتِ
پھر	تقسیم کیا	انصار میں	تو بہت زیادہ دیا	کہا:	پھر	تقسیم کیا	ان گھر والوں میں
انصار میں تقسیم فرمایا اور ان کو بہت زیادہ دیا اور پھر بنوظفر کے گھر والوں میں تقسیم کیا اور انہیں بھی						

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

فَأَجْزَلَ، فَقَالَ لَهُ أُسَيْدٌ شَاكِرًا لَهُ: جَزَاكَ

توبہت زیادہ دیا تو کہا ان کے لیے اُسیدؓ نے بہترین بدلہ ان کے لیے جزادے آپ کو

بہت زیادہ دیا۔حضرت اسیدؓ نے آپ کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا:

اللّٰهُ أَيْ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ! أَطْيَبَ الْجَزَاءِ أَوْ خَيْرًا يَشُكُّ عَاصِمٌ قَالَ:

اللہ اے اللہ کے رسول ﷺ! عمدہ جزا یا بہترین شک کیا عاصم نے کہا:

اے اللہ کے رسول ﷺ! اللہ آپ کو عمدہ اور بہترین بدلہ عطا فرمائے۔

فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ ﷺ: "وَ أَنْتُمْ مَعْشَرَ الْأَنْصَارِ! فَجَزَاكُمُ اللّٰهُ

توفرمایا اس کے لیے نبی ﷺ نے اور تم گروہ انصار! توجزادے تمہیں اللہ

پھر رسول اللہ ﷺ نے اُسیدؓ سے فرمایا: "اے انصار کی جماعت! اللہ تمہیں بھی

خَيْرًا. أَوْ: أَطْيَبَ الْجَزَاءِ فَإِنَّكُمْ مَا عَلِمْتُ أَعِفَّةٌ صُبُرٌ

بہترین یا: عمدہ جزا پس یقیناً تم جو میں جانتا ہوں پاک دامن صبر کرنے والے ہو

عمدہ اور بہترین جزا عطا فرمائے، کیونکہ تم لوگ میرے علم کے مطابق پاکدامن اور صبر کرنے والے ہو

وَسَتَرَوْنَ بَعْدِيْ أَثَرَةً فِي الْقَسْمِ وَالْأَمْرِ،

اور عنقریب تم دیکھو گے میرے بعد حق تلفی تقسیم میں اور حکومت کے معاملات میں

(لیکن اتنا یاد رکھو کہ) تم میرے بعد عنقریب ہی مال کی تقسیم اور ولایت (حکومت کے معاملات) میں حق تلفی دیکھو گے

فَاصْبِرُوْا حَتّٰى تَلْقَوْنِيْ عَلَى الْحَوْضِ".

تو صبر کرو یہاں تک کہ تم ملو گے مجھ سے اوپر حوض کے"۔

سو صبر کرنا یہاں تک کہ حوض پر مجھے آملو۔" (الصحیحة:3096)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

قبل از قیامت ظاہر ہونے والی برائیاں

(2570). عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ أَنَّهُ قَالَ :

2570۔(روایت ہے) ابوہریرہؓ سے وہ رسول اللہ ﷺ سے یقیناً وہ فرمایا

حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

”وَالَّذِي نَفْسُ مُحَمَّدٍ ﷺ بِيَدِهِ! لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ

قسم ہے اس ذات کی محمد ﷺ کی جان اس کے ہاتھ میں ہے نہ قائم ہوگی قیامت

اُس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں محمد ﷺ کی جان ہے! قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی

حَتّٰى يَظْهَرَ الْفُحْشُ وَالْبُخْلُ ، وَيَخُوْنَ الأَمِيْنُ،

یہاں تک کہ ظاہر ہوگی بے حیائی اور بخل اور خائن بنایا جائے گا امین کو

جب بے حیائی اور بخل ظاہر ہو جائے گا۔امین کو خائن اور خائن کو امین بنالیا جائے گا۔

وَيُؤْتَمَنَ الْخَائِنُ ، وَيَهْلِكَ الْوُعُوْلُ ، وَتَظْهَرَ

اور امین بنایا جائے گا خائن کو اور ہلاک ہوجائیں گے وعول اور ظاہر ہوں گے

وعول ہلاک ہو جائیں گے اور تحوت منظرِ عام پر آجائیں گے“

التُّحُوْتُ قَالُوْا: يَارَسُوْلَ اللهِ ﷺ! وَمَا الْوُعُوْلُ وَمَا التُّحُوْتُ ؟

تحوت انہوں نے کہا: اے اللہ کے رسول ﷺ! اور کیا ہے وعول اور کیا ہے تحوت؟

صحابہؓ نے کہا: اے اللہ کے رسول ﷺ! وعول اور تحوت کیسے کہتے ہیں؟

قَالَ: ”الْوُعُوْلُ: وُجُوْهُ النَّاسِ وَأَشْرَافُهُمْ ، وَالتُّحُوْتُ: الَّذِيْنَ كَانُوْا

فرمایا: الوعول: سردار لوگ اور معززان کے اور التحوت: جو تھے

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com

آپ ﷺ نے فرمایا: وعول سے مراد سردار اور معزز لوگ ہیں اور تحوت سے مراد وہ لوگ ہیں،

تَحتَ أَقْدَامِ النَّاسِ لَا يُعلَمُ بِهِمْ".

تلے قدموں کے لوگوں کے نہیں جانتا تھا ان کو"۔

جو لوگوں کے پاؤں تلے تھے اور اُن کو کوئی نہیں جانتا تھا"۔(الصحيحة:3211)

سبیل اللہ کی اقسام

(2571). عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: بَيْنَمَا نَحنُ جُلُوسٌ

2571۔(روایت ہے) ابو ہریرہؓ سے انہوں نے کہا: اسی اثناء میں ہم بیٹھے تھے

حضرت ابو ہریرہؓ سے مروی ہے کہ وہ کہتے ہیں: ہم

مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ ﷺ، إِذْ طَلَعَ عَلَيْنَا شَابٌّ مِنَ الثَّنِيَّةِ

ساتھ رسول اللہ ﷺ کے جب دکھائی دیا ہم پر ایک جوان ایک گھاٹی سے

رسول اللہ ﷺ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے، اچانک پہاڑی راستے سے ایک نوجوان

فَلَمَّا رَأَيْنَاهُ (وَفِي رِوَايَةٍ: رَمَيْنَاهُ) بِأَبْصَارِنَا

پھر جب دیکھا ہم نے اس کو اور ایک روایت میں ہے: ہم نے پھینکا اپنی آنکھوں سے

آتے ہوئے دیکھائی دیا،

، قُلْنَا: لَوْ أَنَّ هٰذَا الشَّابَّ جَعَلَ شَبَابَهُ وَنَشَاطَهُ

کہا ہم نے کاش یقیناً یہ جوان ہو جائے جوانی اس کی اور اس کی نشاط

جب ہم نے اُس کو دیکھا تو کہا: کاش یہ نوجوان اپنی شباب ونشاط

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

وَقُوَّتَهُ	فِي سَبِيْلِ اللهِ	قَالَ	فَسَمِعَ	مَقَالَتَنَا	رَسُولُ اللهِ ﷺ
اوراس کی قوت	اللہ کی راہ میں	کہا	تو سنی اس نے	ہماری بات	رسول اللہ ﷺ نے
اور قوت وطاقت کو اللہ کی راہ میں وقف کر دیتا۔ جب رسول اللہ ﷺ نے ہماری بات سنی					

فَقَالَ:	" وَمَا	سَبِيْلُ اللهِ	اِلَّا	مَنْ	قُتِلَ؟	مَنْ	سَعَى عَلَى
تو فرمایا	اور کیا ہے	اللہ کی راہ میں ہے	مگر	جو	مارا جائے؟	جس نے	محنت کی اوپر
تو فرمایا: "کیا اللہ کی راہ میں وہی ہے جو شہید کر دیا جائے؟							

وَالِدَيْهِ،	فَفِي سَبِيْلِ اللهِ	وَمَنْ	سَعٰى	عَلَى	عِيَالِهِ،
اپنے والدین کے	تو اللہ کی راہ میں ہے	اور جس نے	محنت کی	اوپر اپنے	گھر والوں کے
جس نے اپنے والدین کے لیے محنت کی وہ اللہ کی راہ میں ہے، جس نے اپنے اہل عیال کے لیے محنت کی					

فَفِي سَبِيْلِ اللهِ	وَمَنْ	سَعٰى	عَلَى	نَفْسِهِ	لِيُعِفَّهَا،
تو اللہ کی راہ میں ہے	اور جس نے	محنت کی	اوپر	اپنی جان کے	تا کہ وہ پاک دامن رہیں
وہ اللہ کی راہ میں ہے، جس نے اپنے آپ کو پاکدامن رکھنے کے لیے تگ ودو کی وہ بھی اللہ کی راہ میں ہے۔					

فَفِي سَبِيْلِ اللهِ،	وَمَنْ	سَعٰى	عَلَى التَّكَاثُرِ
تو اللہ کی راہ میں ہے	اور جس نے	کوشش کی	مال زیادہ اکٹھا کرنے پر
جس نے مال زیادہ اکٹھا کرنے کے لیے محنت کی			

فَفِي سَبِيْلِ الشَّيْطَانِ	وَفِي رِوَايَةٍ:	الطَّاغُوْتِ".
تو راستے میں ہے شیطان کے	اور ایک روایت میں ہے :	طاغوت کی۔
وہ شیطان اور ایک روایت کے مطابق طاغوت کی راہ میں ہے۔(الصحیحة:3248)		

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اجر کب ملتا ہے؟

(2572. عَنْ	أَبِیْ ذَرٍّ	مَرْفُوعًا :	"لَا	أَجْرَ	اِلَّا
2572۔(روایت ہے)	حضرت ابوذرؓ سے	مرفوعاً:	نہیں	اجر	مگر

حضرت ابوذرؓ سے مروی ہے کہ رسول اللہa نے فرمایا: (کسی عمل کا) کوئی اجر وثواب نہیں، الا یہ کہ وہ اللہ تعالیٰ سے اجر کی توقع رکھتے

عَنْ حِسْبَةٍ،	وَلَا	عَمَلَ	اِلَّا بِنِيَّةٍ".
اجر کی توقع کے	اور نہیں	کوئی عمل	مگر نیت سے

ہوئے کیا جائے اور (اسی طرح) نیت کے بغیر بھی کوئی عمل نہیں"۔(الصحيحة:2415)

مہمان نوازی سے محروم، خیر و بھلائی سے محروم

(2573. عَنْ	عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ	مَرْفُوعًا :	"لَا	خَيْرَ
2573۔(روایت ہے)	عقبہ بن عامرؓ سے	مرفوعاً:	نہیں	کوئی بھلائی

حضرت عقبہ بن عامرؓ سے روایت ہے نبی کریم ﷺ نے فرمایا: "اس بندے میں بھی کوئی خیر و بھلائی نہیں

فِيْمَنْ	لَا	يُضِيْفُ".
اس میں	جو نہیں	مہمان نوازی کرتا"۔

جو مہمان نوازی نہیں کرتا"۔(الصحيحة:2434)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

بندہ کب تک یتیم رہتا ہے؟
(2574). عَنْ ذِيَالِ بْنِ عُبَيْدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ جَدِّي حَنْظَلَةَ
2574۔(روایت ہے) ذیال بن عبیدؓ سے کہتے ہیں: میں نے سنا اپنے دادا حنظلہؓ سے
ذیال بن عبیدؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں: میں نے اپنے دادا حضرت حنظلہؓ کو یہ کہتے ہوئے سنا
يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ: "لَا يُتْمَ بَعْدَ احْتِلَامٍ،
وہ کہتے تھے فرمایا رسول اللہ ﷺ نے: نہیں یتیمی بعد بلوغت کے
کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "بالغ ہونے کے بعد کوئی یتیمی نہیں
وَلَا يُتْمَ عَلَى جَارِيَةٍ إِذَا هِيَ حَاضَتْ".
اور نہیں یتیمی اوپر لڑکی کے جب وہ حائضہ ہو"۔
اور (اسی طرح) جب لڑکی کو حیض آجائے تو اس پر بھی یتیمی (کا حکم) نہیں رہتا"۔(الصحيحة:3180)
حسد، خیر و بھلائی کا دشمن ہے
(2575). عَنْ ضَمْرَةَ بْنِ ثَعْلَبَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ:
2575۔(روایت ہے) ضمرہ بن ثعلبہؓ سے کہا: فرمایا رسول اللہ ﷺ نے
حضرت ضمرہ بن ثعلبہؓ سے روایت ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:
"لَا يَزَالُ النَّاسُ بِخَيْرٍ مَا لَمْ يَتَحَاسَدُوا".
ہمیشہ رہیں گے لوگ بھلائی پر جب تک نہ وہ آپس میں حسد نہ کریں"۔
"لوگ اس وقت تک خیر و بھلائی پر رہیں گے جب تک ایک دوسرے سے حسد نہیں کریں گے"۔(الصحيحة:3386)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

دل کوراہ راست پر لانے کے لیے زبان کا کردار

(2576). عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ

2576۔(روایت ہے) حضرت انس بن مالک ؓ سے کہا: فرمایا رسول اللہ ﷺ نے:

حضرت انس بن مالک ؓ سے مروی ہے کہ وہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

”لَايَسْتَقِيمُ اِيْمَانُ عَبْدٍ حَتّٰى يَسْتَقِيمَ قَلْبُهُ ،

نہیں درست ہوسکتا ایمان کسی بندے کا یہاں تک کہ درست ہو دل اس کا

”کسی آدمی کا ایمان اس وقت تک درست نہیں ہوسکتا جب تک اُس کا دل درست نہیں ہوتا

وَلَا يَسْتَقِيمُ قَلْبُهُ حَتّٰى يَسْتَقِيمَ لِسَانُهُ وَلَايَدْخُلُ

اور نہیں درست ہوگا دل اس کا یہاں تک کہ درست ہو زبان اس کی اور نہیں داخل ہوگا

اور کسی کا دل اس وقت تک صحیح نہیں ہوسکتا جب تک اس کی زبان راہ راست پر نہیں آجاتی اور ایسا شخص تو جنت میں داخل

رَجُلٌ الْجَنَّةَ لَا يَأْمَنُ جَارُهُ بَوَائِقَهُ“ .

کوئی آدمی جنت میں نہیں امن میں ہوگا پڑوسی اس کا اس کے شر سے“۔

نہیں ہوگا جس کے شرور سے اُس کا ہمسایہ امن میں نہیں ہوتا“۔ (الصحيحة:2841)

امہات المومنین کے حق میں مہربان لوگ سچے اور صابر تھے

(2577). قَالَ : عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَوْفٍ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ

2577۔ کہا: عبدالرحمٰن بن عوف ؓ نے: میں نے سنا رسول اللہ ﷺ سے

حضرت عبدالرحمٰن بن عوف ؓ بیان کرتے ہیں کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا،

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com

يَقُوْلُ:	"لَا	يَعْطِفُ	عَلَيْكُنَّ	بَعْدِي	اِلَّا
وہ فرماتے ہیں:	نہیں	مہربان ہوں	تم پر (ازواج مطہرات پر)	میرے بعد	مگر
آپ ﷺ (اپنی بیویوں سے) فرمارہے تھے: "میرے بعد تم پر وہی لوگ مہربان و مشفق ہوں گے جو سچے					
الصَّادِقُوْنَ	الصَّابِرُوْنَ"	قَالَ	عَبْدُ الرَّحْمٰنِ:	فَبِعْتُ	
سچے	صبر کرنے والے	کہا	عبدالرحمٰن ؓ نے:	تو میں نے فروخت کی	
اور صابر ہوں گے"۔ عبدالرحمٰن بن عوف ؓ کہتے ہیں					
مِنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ سَعْدِ ابْنِ أَبِي سَرْحٍ	شَيْئًا	قَدْ	سَمَّاهُ	بِأَرْبَعِيْنَ أَلْفًا	
عبداللہ بن سعد بن ابی سرح کو	ایک چیز	تحقیق	نام لیا اس کا	40 ہزار میں	
میں نے عبداللہ بن سعد بن ابی سرح کو ایک چیز (یعنی باغ) چالیس ہزار کا فروخت کیا					
فَقَسَمْتُهُ	بَيْنَهُنَّ	يَعْنِي:	بَيْنَ أَزْوَاجِ	النَّبِيِّ ﷺ	
تو میں نے تقسیم کیا اس کو	درمیان ان کے	یعنی	درمیان ازواج کے	نبی ﷺ کے	
اور وہ (ساری رقم) نبی کریم ﷺ کی زوجات میں تقسیم کردی					
وَرَحِمَهُنَّ	اللّٰهُ".				
اور رحم فرمائے ان پر	اللہ"۔				
اللہ تعالیٰ اُن پر رحم فرمائے۔(الصحیحة:3318)					

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

دورخا آدمی امانتدار نہیں ہوتا

2578. عَنْ	أَبِیْ هُرَیْرَةَ	عَنِ النَّبِیِّ ﷺ	قَالَ:	"لَا یَنْبَغِی
2578۔(روایت ہے)	ابوہریرہؓ سے	نبی ﷺ سے	فرمایا:	نہیں زیب دیتا

حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

لِذِی الْوَجْهَیْنِ	أَنْ	یَکُوْنَ	أَمِیْنًا".
دوچہروں والوں کو	یہ کہ	ہو	وہ امین"۔

"دورخے بندے کو زیب نہیں دیتا کہ وہ امین بھی ہو"۔ (الصحیحة:3197)

مومن لعن طعن کرنے والا نہیں ہوتا

2579. عَنِ	ابْنِ عُمَرَ،	عَنِ النَّبِیِّ ﷺ	قَالَ:
2579۔(روایت ہے)	عبداللہ بن عمرؓ سے	نبی ﷺ سے	فرمایا:

حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے مروی ہے، نبی کریم ﷺ نے فرمایا: مومن کے لیے یہ مناسب نہیں

"لَا یَنْبَغِی	لِلْمُؤْمِنِ	أَنْ	یَکُوْنَ	لَعَّانًا".
نہیں مناسب	مومن کے لیے	یہ کہ	ہو	لعنت کرنے والا"۔

کہ وہ لعن طعن کرنے والا ہو"۔ (الصحیحة:2636)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

خاوند کا بیوی کی تمنائیں پوری کرنا گانے اور موسیقی کی حقیقت اور حکم

(2580).	عَنْ عَائِشَةَ	زَوْجِ	النَّبِيِّ ﷺ ،	دَخَلَ	
2580۔(روایت ہے)	حضرت عائشہؓ سے	زوجہ	نبی ﷺ کی	داخل ہوئے	
زوجہء رسول ﷺ حضرت عائشہؓ سے روایت ہے وہ کہتی ہیں: حبشی لوگ مسجد میں داخل ہوئے					
الْحَبَشَةُ	الْمَسْجِدَ	يَلْعَبُوْنَ ،	فَقَالَ	لِي:	"يَا حُمَيْرَاءُ!
حبشی	مسجد میں	وہ کھیلتے تھے	تو فرمایا	میرے لیے	اے حمیراؓ!
اور کھیلنے لگ گئے۔ آپ ﷺ نے مجھے فرمایا: ''حمیرا!					
أَتُحِبِّيْنَ	أَنْ	تَنْظُرِيْ	إِلَيْهِمْ ؟"	فَقُلْتُ:	نَعَمْ، فَقَامَ
کیا تم پسند کرتی ہو	یہ کہ	تم دیکھو	ان کو؟	تو میں نے کہا:	ہاں تو کھڑے ہوئے
ان کو دیکھنا پسند کرو گی؟'' میں نے کہا جی ہاں۔ پھر آپ ﷺ دروازے پر کھڑے ہو گئے،					
عَلَى	الْبَابِ،	وَجِئْتُهُ،	فَوَضَعْتُ	ذَقَنِيْ	عَلَى عَاتِقِهِ
اوپر	دروازے پر	اور میں آئی	تو میں نے رکھ دی	ٹھوڑی اپنی	اوپر ان کے کندھے کے
میں آئی اور اپنی ٹھوڑی آپ ﷺ کے کندھے پر رکھ دی					
فَأَسْنَدْتُ	وَجْهِيْ	إِلَى	خَدِّهِ ،	قَالَتْ	وَمِنْ قَوْلِهِمْ
پس میں نے لگا دیا	چہرہ اپنا	طرف	ان کی گال کے	اُس نے کہا	اور ان کی بات
اور اپنا چہرہ آپ ﷺ کے رخسار کے ساتھ لگا دیا۔ وہ کہتی ہیں:					
يَوْمَئِذٍ:	أَبَا الْقَاسِمِ	طَيِّبًا،	فَقَالَ	رَسُوْلُ اللهِ ﷺ:	
اس دن تھی:	اے ابوالقاسمؐ	طیب بنائے	تو فرمایا	رسول اللہ ﷺ نے:	

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اس دن انہوں نے (جو کچھ کہا تھا) اس میں یہ بات بھی تھی: اے قاسم! اللہ تعالیٰ آپ کو) طیب (بنائے)۔

"حَسْبُكِ؟" فَقُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللهِ! لَا تَعْجَلْ فَقَامَ

کافی ہے تجھے؟ تو میں نے کہا: اے اللہ کے رسول! نہ آپ جلدی کریں تو کھڑے ہوئے

پھر رسول اللہ ﷺ نے مجھ سے پوچھا کافی ہے؟'' میں نے کہا: اے اللہ کے رسول ﷺ! جلدی مت کیجیے۔

لِي ثُمَّ قَالَ: "حَسْبُكِ؟" فَقُلْتُ: لَا تَعْجَلْ

میرے لیے پھر کہا: کافی ہے تجھے؟ میں نے کہا: نہ آپ جلدی کریں

سو آپ ﷺ میرے لیے کھڑے رہے اور (کچھ دیر بعد پھر) فرمایا: ''اب کافی ہے؟

يَارَسُوْلَ اللهِ! قَالَتْ: وَمَالِي حُبُّ النَّظَرِ

اے اللہ کے رسول! انہوں نے کہا: اور کیا ہے میرے لیے میں شوق رکھتی دیکھنے کا

میں نے کہا اے اللہ کے رسول ﷺ! جلدی نہ کریں۔

إِلَيْهِمْ، وَلٰكِنِّي أُحْبَبْتُ أَنْ يَبْلُغَ النِّسَاءَ مَقَامُهُ

ان کی طرف لیکن میں پسند کرتی تھی یہ کہ پہنچ جائے عورتوں کو مقام ان کا

وہ کہتی ہیں: (دراصل) مجھے اُن کی طرف دیکھنے کا شوق نہیں تھا میں تو یہ چاہتی تھی کہ عورتوں کو پتہ چل جائے کہ میرے نزدیک

لِي، وَمَكَانِي مِنْهُ.

میرے لیے اور جو میری قدر ہے ان کے نزدیک۔

آپ ﷺ کا مرتبہ کیا ہے اور آپ ﷺ کے نزدیک میری کیا قدر ہے۔(الصحيحة:3277)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

(2581). عَنْ السَّائِبِ بْنِ يَزِيْد: أَنَّ امْرَأَةً جَاءَتْ اِلَى

2581۔(روایت ہے) سائب بن یزیدؓ سے: یقیناً ایک عورت آئی طرف

حضرت سائب بن یزیدؓ سے مروی ہے، وہ کہتے ہیں: ایک عورت رسول اللہ ﷺ کے پاس آئی۔

رَسُوْلِ اللهِ ﷺ فَقَالَ: "يَا عَائِشَةُ! أَتَعْرِفِيْنَ هٰذِهِ؟" قَالَتْ:

رسول اللہ ﷺ کے پھر فرمایا: اے عائشہ! کیا تم پہچانتی ہو اس کو؟" انہوں نے کہا:

آپ ﷺ نے پوچھا: "عائشہ! تم اسے جانتی ہے؟"

لَا يَا نَبِيَّ اللهِ ﷺ! قَالَ: "هٰذِهِ قَيْنَةُ بَنِي فُلَانٍ،

نہیں اے اللہ کے نبی ﷺ! فرمایا: یہ مغنیہ ہے بنی فلاں

انہوں نے کہا: اے اللہ کے نبی ﷺ! نہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: "یہ بنوفلاں کی مغنیہ ہے،

تُحِبِّيْنَ أَنْ تُغَنِّيَكِ؟" قَالَتْ: نَعَمْ قَالَ: فَأَعْطَاهَا

کیا تم چاہتی ہو یہ کہ گائے تمہارے لیے؟ انہوں نے کہا: ہاں کہا: تو دیا اس کو

کیا تم چاہتی ہو کہ وہ تمہارے لیے گائے؟ انہوں نے کہا: جی ہاں۔ چنانچہ آپ ﷺ نے اُس کو تھال دیا

طَبَقًا فَغَنَّتْهَا، فَقَالَ النَّبِيُّ ﷺ: "قَدْ نَفَخَ

تھال تو اُس نے گایا اس پر تو کہا نبی ﷺ نے: تحقیق پھونک ماری ہے

سو اُس نے اُس پر گایا۔ پھر نبی کریم ﷺ نے فرمایا: "بلاشبہ

الشَّيْطَانُ فِي مِنْخَرَيْهَا".

شیطان نے اس کے نتھنوں میں"۔

شیطان نے اس کے نتھنوں میں پھونک ماری ہے"۔(الصحیحة:3281)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

جنتی اور جہنمی افراد کی اقسام

2582. عَنْ عِيَاضِ بْنِ حِمَارٍ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ ﷺ قَالَ: ذَاتَ يَوْمٍ

2582۔(روایت ہے) عیاض بن حمارؓ سے یقیناً رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ایک دن

حضرت عیاض بن حمار مجاشعیؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک دن اپنے خطبہ میں ارشاد فرمایا:

فِي خُطْبَتِهِ" أَلَا إِنَّ رَبِّي أَمَرَنِي أَنْ أُعَلِّمَكُمْ مَا

اپنے خطبہ میں سنو یقیناً میرے رب نے حکم دیا ہے مجھے یہ کہ میں سکھاتا ہوں تمہیں جن سے

سنو! میرے رب نے مجھے یہ حکم فرمایا ہے کہ میں تم لوگوں کو وہ باتیں سکھا دوں،

جَهِلْتُمْ مِمَّا عَلَّمَنِي يَوْمِي هٰذَا كُلُّ مَالٍ نَحَلْتُهُ

لاعلم ہو تم اس میں سے جو سکھا دی ہیں مجھے آج کے دن یہ ہیں سب مال میں نے عطا کیا اس کو

کہ جن سے تم لاعلم ہو۔ میرے رب نے آج کے دن مجھے وہ باتیں سکھا دی ہیں (وہ باتیں میں تمہیں بھی سکھاتا ہوں)۔

عَبْدًا حَلَالٌ وَإِنِّي خَلَقْتُ عِبَادِي حُنَفَاءَ

اپنے بندے کو حلال سے اور یقیناً میں نے میں نے پیدا کیا اپنے بندوں کو رجوع کرنے والا

اللہ تعالیٰ نے فرمایا: میں نے اپنے بندے کو جو مال دے دیا ہے وہ اس کے لیے حلال ہے،

كُلَّهُمْ وَإِنَّهُمْ أَتَتْهُمُ الشَّيَاطِينُ فَاجْتَالَتْهُمْ عَنْ دِينِهِمْ

اُن سب کو اور یقیناً وہ آتے ہیں ان کے پاس شیاطین سو بہکاتے ہیں ان کو اُن کے دین سے

اور میں نے اپنے سب بندوں کو حق کی طرف رجوع کرنے والا پیدا کیا ہے لیکن شیطان میرے ان بندوں کے پاس آ کر انہیں ان

وَحَرَّمَتْ عَلَيْهِمْ مَا أَحْلَلْتُ لَهُمْ وَأَمَرَتْهُمْ أَنْ

اور حرام کرتے ہیں اُن پر جو میں نے حلال کیا اُن کے لیے اور حکم دیتے ہیں اُن کو یہ کہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

کے دین سے بہکاتے ہیں اور میں نے اپنے بندوں کے لیے جن چیزوں کو حلال کیا ہے وہ ان کے لیے حرام قرار دیتے ہیں اور وہ ان
يُشْرِكُوا بِي مَالَمْ أُنْزِلُ بِهِ سُلْطَانًا ، وَإِنَّ اللَّهَ
وہ شریک ٹھہرائیں میرے ساتھ جو نہیں میں نے نازل کی اس کی کوئی حجت اور یقیناً اللہ تعالیٰ
کو ایسی چیزوں کو میرے ساتھ شریک کرنے کا حکم دیتے ہیں کہ جس کی کوئی حجت میں نے نازل نہیں کی اور اللہ تعالیٰ نے
نَظَرَ إِلَى أَهْلِ الْأَرْضِ فَمَقَتَهُمْ عَرَبَهُمْ وَعَجَمَهُمْ إِلَّا بَقَايَا
نظر کی طرف اہل زمین کے تو ناپسند کیا اُن کو اُن کے عرب اور ان کے عجم کو مگر بچ گئے
زمین والوں کو دیکھا پھر ان سب کو برا سمجھا عرب کے ہوں یا عجم کے۔ سوا ان چند لوگوں کے جو اہل کتب میں سے باقی تھے اور
مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ وَقَالَ إِنَّمَا بَعَثْتُكَ لِأَبْتَلِيَكَ وَأَبْتَلِيَ
اہل کتاب میں سے اور فرمایا یقیناً میں نے بھیجا تجھے تا کہ میں آزماؤں تجھے اور آزماؤں ان کو
اللہ تعالیٰ نے فرمایا: میں نے تمہیں اس لیے بھیجا ہے تا کہ میں تم کو آزماؤں اور ان کو بھی آزماؤں کہ جن کے پاس آپ
بِكَ وَأَنْزَلْتُ عَلَيْكَ كِتَابًا لَا يَغْسِلُهُ الْمَاءُ وَتَقْرَؤُهُ
تیرے ساتھ اور میں نے نازل کی تجھ پر کتاب نہیں دھو سکتا اس کو پانی اور تم تلاوت کرو گے اسکی
ﷺ کو بھیجا ہے اور میں نے آپ ﷺ پر ایک ایسی کتاب نازل کی ہے کہ جسے پانی نہیں دھو سکتا،
نَائِمًا وَيَقْظَانَ وَإِنَّ اللَّهَ أَمَرَنِي أَنْ أُحَرِّقَ قُرَيْشًا
نیند میں اور بے داری میں اور یقیناً اللہ نے حکم دیا مجھے یہ کہ میں جلادوں قریش کو
تم نیند اور بیداری (دونوں حالتوں) میں اس کی تلاوت کرتے ہو۔ اللہ تعالیٰ نے مجھ کو یہ حکم دیا ہے کہ میں قریش
فَقُلْتُ رَبِّ إِذًا يَثْلَغُوا رَأْسِي فَيَدَعُوهُ خُبْزَةً
تو میں نے کہا اے میرے رب تب پھوڑ دیں گے میرا سر تو کر دیں گے اس کو روٹی (کی طرح)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

کوجلادوں۔ میں نے کہا: اے میرے پروردگار! وہ تو میرا سر پھوڑ دیں گے اور اُس کو (کچل کر) روٹی کی طرح بنا دیں گے۔

قَالَ اسْتَخْرِجْهُمْ كَمَا اسْتَخْرَجُوكَ وَاغْزُهُمْ نُغْزِكَ

فرمایا نکال دو تم ان کو جیسا انہوں نے نکالا تمہیں اور جہاد کرو اُن سے ہم مدد کریں گے تیری

اللہ نے فرمایا: تو اُن کو نکال دے، جس طرح انہوں نے تجھے نکالا اور اُن سے جہاد کر، ہم تیری مدد کریں گے،

وَأَنْفِقْ فَسَنُنْفِقْ عَلَيْكَ وَابْعَثْ جَيْشًا نَبْعَثْ خَمْسَةً مِثْلَهُ

اور خرچ کرو تو خرچ کیا جائے گا تجھ پر اور بھیجو لشکر ہم بھیجیں گے پانچ گنا اس کو

اور تو خرچ کر تجھ پر خرچ کیا جائے گا اور تو ایک لشکر بھیج ہم اس کی پانچ مثل بھیجیں گے،

وَقَاتِلْ بِمَنْ أَطَاعَكَ مَنْ عَصَاكَ قَالَ: وَأَهْلُ الْجَنَّةِ

اور جنگ کرو ان میں سے جو تیری اطاعت کریں اُن سے جو نافرمانی کریں تیری فرمایا: اور اہل جنت

اور اپنے فرمانبرداروں کے ساتھ مل کر اپنے نافرمانوں سے لڑ۔

ثَلَاثَةٌ ذُو سُلْطَانٍ مُقْسِطٌ مُتَصَدِّقٌ مُوَفَّقٌ وَرَجُلٌ رَحِيمٌ

تین طرح کے ہیں صاحب اقتدار منصف صدقہ کرنے والا توفیق دیا گیا اور وہ شخص رحم دل

اور جنتی لوگ تین طرح کے ہیں (1) منصف صاحب اقتدار جو صدقہ کرنے والا ہو اور اسے نیک کاموں کی توفیق دی گئی

رَقِيقُ الْقَلْبِ لِكُلِّ ذِي قُرْبَى وَمُسْلِمٍ وَعَفِيفٌ مُتَعَفِّفٌ مُتَصَدِّقٌ

نرم دل ہو ہر رشتے دار اور مسلمان کے لیے اور پاک دامن سوال کرنے سے بچنے والا صدقہ کرنے والا

ہو۔ (2) ہر وہ شخص جو قریبی رشتہ دار اور مسلمان کے حق میں نرم دل اور رحم دل ہو (3) ہر وہ شخص جو پاک دامن ہو اور اہل عیال کے

ذُو عِيَالٍ قَالَ وَأَهْلُ النَّارِ خَمْسَةٌ الضَّعِيفُ الَّذِي لَا زَبْرَ

اہل وعیال والا فرمایا اور اہل دوزخ پانچ طرح کے ہیں کمزور وہ شخص نہیں توفیق

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

باوجود مانگنے سے بچنے والا صدقہ کرنے والا ہو۔اور دوزخ والے پانچ طرح کے لوگ ہیں: (1) وہ کمزور شخص کہ جس کو بری بات سے

لَهُ الَّذِيْ هُمْ فِيكُمْ تَبَعًا لَايَتْبَعُوْنَ أَهْلًا وَلَا مَالًا

اس کے لیے جن میں وہ تم میں فرماں بردار رہتے نہیں وہ چاہتا گھر والے اور نہ مال

بچنے کی توفیق نہیں، وہ تم میں (تمہارا) فرمانبردار وہ گھر بار چاہتا ہے نہ مال۔

وَالْخَائِنُ الَّذِي لَا يَخْفٰى لَهُ طَمَعٌ وَإِنْ دَقَّ

اور خیانت کرنے والا جس کی نہیں چھپی ہوئی اس کے لیے لالچ اور نہیں معمولی چیز ہو

(2) وہ خائن جس کی لالچ مخفی نہیں ہوتی جب اسے معمولی سی چیز میں خیانت کرنے کا موقع ملتا ہے تو وہ خیانت کر گزرتا ہے۔

إِلَّا خَانَهُ وَرَجُلٌ لَا يُصْبِحُ وَلَا يُمْسِي إِلَّا وَهُوَ

مگر خیانت کرے اس کی اور ایک شخص نہ وہ صبح کرتا ہو اور نہ وہ شام کرتا ہو مگر اور وہ

(3) وہ آدمی جو صبح وشام تیرے گھر بار اور مال ودولت کے بارے میں دھوکہ باز ثابت ہو۔

يُخَادِعُكَ عَنْ أَهْلِكَ وَمَالِكَ وَذَكَرَ الْبُخْلَ أَوِ الْكِذْبَ

دھوکہ دینے والا ہو تجھ کو تیرے گھر والوں سے اور تیرے مال سے اور ذکر کیا بخل یا جھوٹ کا

(4) پھر آپ نے بخل یا جھوٹ اور

وَالشِّنْظِيرُ الْفَحَّاشَ، وَإِنَّ اللّٰهَ أَوْحٰى إِلَيَّ أَنْ تَوَاضَعُوْا

اور بد خلق فحش گوئی کرنے والا اور بے شک اللہ نے وحی کی طرف میرے یہ کہ عاجزی کرو

(5) فحش گوئی اور بد خلق کا ذکر کیا پھر آپ ﷺ نے فرمایا: ''اللہ نے میری طرف وحی کی ہے کہ تم عاجزی کرو۔

حَتّٰى لَا يَفْخَرَ أَحَدٌ وَلَا يَبْغِي أَحَدٌ عَلٰى أَحَدٍ''.

یہاں تک کہ نہ فخر کرے کوئی ایک اور نہ زیادتی کرے کوئی ایک اوپر کسی ایک کے''۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

کوئی دوسرے پر فخر نہ کرے اور نہ کوئی کسی پر زیادتی کرے"۔(الصحیحة:3599)
دنیوی نعمتیں رضائے ربّانی کی دلیل نہیں
(2583). عَنْ عَبْدِ اللهِ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ "اِنَّ اللهَ
2583۔(روایت ہے) عبداللہؓ سے کہتے ہیں: فرمایا رسول اللہ ﷺ نے: یقیناً اللہ تعالیٰ نے
حضرت عبداللہؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:
قَسَمَ بَيْنَكُمْ أَخْلَاقَكُمْ كَمَا قَسَمَ بَيْنَكُمْ
تقسیم کیا درمیان تمہارے تمہارے اخلاق کو جس طرح تقسیم کردیا درمیان تمہارے
"اللہ تعالیٰ نے جس طرح تمہارے مابین تمہارے رزق کو تقسیم کیا ہے، اسی طرح تمہارے درمیان تمہارے اخلاق کو بھی تقسیم
أَرْزَاقَكُمْ، وَإِنَّ اللهَ يُعْطِي الدُّنْيَا مَنْ يُحِبُّ وَمَنْ
تمہارے رزق کو اور یقیناً اللہ عطا کرتا ہے دنیا میں جس کو وہ پسند کرتا ہے اور جسے
کردیا ہے۔اور بلا شبہ اللہ تعالیٰ جس کو پسند کرتا ہے اُسے بھی دنیا عطا کرتا ہے، اور جسے ناپسند کرتا ہے اُسے بھی دے دیتا ہے،
لَا يُحِبُّ، وَلَا يُعْطِي الْاِيْمَانَ اِلَّا مَنْ أَحَبَّ فَمَنْ ضَنَّ
نہیں وہ پسند کرتا اور نہیں وہ عطا کرتا ایمان مگر جس سے وہ پسند کرتا ہے تو جو بخل کرے
اور ایمان صرف اسے عطا کرتا ہے جس کو پسند فرماتا ہے۔
بِالْمَالِ أَنْ يُنْفِقَهُ، وَخَافَ الْعَدُوَّا أَنْ يُجَاهِدَهُ،
مال میں یہ کہ وہ خرچ کرے اس کو اور ڈرے دشمن سے یہ کہ وہ جہاد کرے ان سے
پس جو شخص مال خرچ کرنے سے بخل کرے،

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

وَهَابَ	اللَّيْلَ	أَنْ	يُكَابِدَهُ ،	فَلْيُكْثِرْ
اور گھبرائے	رات میں	یہ کہ	تکلیف اور مشقت اُٹھائے	تو چاہیے کہ وہ کثرت کرے
دشمن کے ساتھ لڑنے سے ڈر جائے اور رات میں تکلیف و مشقت اٹھانے سے گھبرائے				
مِن قَوْلِ:	سُبْحَانَ اللهِ وَالْحَمْدُ لِلهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ وَاللهُ أَكْبَرُ".			
کلمات سے:	سُبْحَانَ اللهِ وَالْحَمْدُ لِلهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ وَاللهُ أَكْبَرُ"			
تو وہ کثرت سے یہ کلمات کہے: سُبْحَانَ اللهِ وَالْحَمْدُ لِلهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ وَاللهُ أَكْبَرُ". (الصحیحة:2714)				

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "